بھارت لٹریچر کمپنی لمیٹڈ لاہور سے ہی ذیل کے پستک طلب کرو۔ میری زندگی کے نشیب و فراز مصنفہ مہاتما منشی رام جی گورنر گوروکل کانگڑی۔ دلچسپ اور سکھشا دایک لیکھ ہے قیمت فی جلد ۸ رپالو دھرم سار۔ منوسمرتی جیسے دھرم گرنتھ کے پران خاص خاص مضمونوں پر عمدہ طریق سے دیکر مہاتما ہنسراج جی سابق پرنسپل ڈی۔ اے۔ وی کالج لاہور نے یہ پستک لکھی ہے قیمت ۱۲ اگنی مونتر دیا کھیا ہندی میں۔ شری مان بال کرشن جی ایم۔ اے کی تصنیف ہے صرف چند کاپیاں بھیجی ہیں قیمت فی ۱۲

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

| ۳۰ جولائی | ۳۱ جولائی | ۱۹۱۲ ستمبر | بھادوں سمبت ۱۹۷۱ | بھادوں سمبت ۱۹۷۱ | | |

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اکتوبر ۱۹۱۴ء مطابق اسوج سمت ۱۹۷۱ ۔ ۱۹۷۲

۳۱ یوم	اکتوبر ۱۹۱۴ء	اسوج سمت ۱۹۷۱	ذیقعدہ ۱۳۳۲ ہجری	اسوج شدی سمت ۱۹۷۱		قیام نکشتر		راس چندرمان		دن مان گھڑی پل	سورج کا			
				تتھ	گھڑی پل	نکشتر	گھڑی پل	راس	گھڑی پل		اگست	اکتوبر		
وبروار	۱	۱۶	۱۰	دواوشی		شیلیکھا	۵۶ ۱۱	مین	۴۵ ۱۴	۲۹ ۲۵	۶ ۲۲	۷		
شکروار	۲	۱۷	۱۱	ترودشی		پورو بھادرپد	۶۰	۰	۰	۲۹ ۲۰	۶ ۵۲	۷		
سنیچروار	۳	۱۸	۱۲	چودش		"	۳ ۱۵	۰	۰	۲۹ ۱۵	۶ ۵۰	۸		
اتوار	۴	۱۹	۱۳	پورنماشی		اتر بھادرپد	۶ ۲۳	۰	۰	۲۹ ۱۰	۶ ۵۰	۹		
سوموار	۵	۲۰	۱۴	کاتک سدی ایکم		ریوتی	۱۲ ۱۸	میکھ	۱۲ ۱۸	۲۹ ۵	۶ ۴۹	۱۱		
منگلوار	۶	۲۱	۱۵	دوج		اشونی	۱۸ ۴۷	۰	۰	۲۹	۶ ۴۹	۱۲		
بدھوار	۷	۲۲	۱۶	تیج		بھرنی	۲۵ ۱۵	برکھ	۴۱ ۴۷	۲۸ ۵۵	۶ ۴۷	۱۳	گنیش چوتھ	
ویروار	۸	۲۳	۱۷	چوتھ		کرتکا	۳۱ ۴۱	۰	۰	۲۸ ۵۰	۶ ۴۵	۱۴		
شکروار	۹	۲۴	۱۸	پنچمی		روہنی	۳۶ ۵۴	۰	۰	۲۸ ۴۵	۶ ۴۵	۱۴		
سنیچروار	۱۰	۲۵	۱۹	چھٹ		مرگشرا	۴۱ ۴۰	مرگ	۹ ۶	۲۸ ۴۰	۶ ۴۴	۱۶		
اتوار	۱۱	۲۶	۲۰	ستمی		آردرا	۴۴ ۴۰	۰	۰	۲۸ ۳۵	۶ ۴۳	۱۳		
سوموار	۱۲	۲۷	۲۱	اشٹمی		پنربس	۴۶ ۴۳	کرک	۳۸ ۱۲	۲۸ ۳۱	۶ ۴۲	۱۸	ہولی اشٹمی	
منگلوار	۱۳	۲۸	۲۲	نومی		"	۴۷ ۴۲	۰	۰	۲۸ ۲۵	۶ ۴۱	۱۹		
بدھوار	۱۴	۲۹	۲۳	دسمی		شیلیکھا	۴۷ ۱۰	سنگھ	۴۷ ۰۰	۲۸ ۲۰	۶ ۴۱	۲۱		
ویروار	۱۵	۳۰	۲۴	ایکادشی		گھا	۴۵ ۴۵	۰	۰	۲۸ ۱۵	۶ ۴۰	۲۶		
شکروار	۱۶	۳۱	۲۵	دوادشی		پورو بھادرپد	۴۳ ۴۴	کنیا	۵۷ ۳۲	۲۸ ۱۰	۶ ۴۰	۲۳		
سنیچروار	۱۷	کاتک	۲۶	ترودشی		اتر بھادرپد	۴۰ ۱۶	۰	۰	۲۸ ۵	۶ ۴۰	۲۴		
اتوار	۱۸	۲	۲۷	چودش		ہست	۳۶ ۳۸	۰	۰	۲۸ ۰	۶ ۴۰	۲۵	دیپ مالا	
سوموار	۱۹	۳	۲۸	اماوس		چترا	۳۳ ۳۶	تلا	۴۷ ۴۷	۲۷ ۵۵	۶ ۴۰	۲۵		
منگلوار	۲۰	۴	۲۹	کاتک شدی ایکم		سواتی	۲۹ ۳۲	۰	۰	۲۷ ۵۰	۶ ۴۰	۲۶	گوورھن پوجا بلیپادوج	
بدھوار	۲۱	۵	۱	دوج		وشاکھا	۲۴ ۲۴	برشچک	۱۰ ۱۶	۲۷ ۴۵	۶ ۴۰	۲۷		
ویروار	۲۲	۶	۲	چوتھ		انورادھا	۱۹	۰	۰	۲۷ ۴۰	۶ ۴۰	۲۸		
شکروار	۲۳	۷	۳	پنچمی		جیشٹھا	۱۶ ۴۹	دھن	۱۶ ۴۵	۲۷ ۳۵	۶ ۴۰	۲۹		
سنیچروار	۲۴	۸	۴	چھٹ		مولا	۱۲	۰	۰	۲۷ ۳۰	۶ ۴۰	۲۹		
اتوار	۲۵	۹	۵	ستمی		پورو اشاڑھا	۱۲ ۴	مکر	۲۶ ۴۹	۲۷ ۲۶	۶ ۴۰	۳۰		
سوموار	۲۶	۱۰	۶	اشٹمی		اتر اشاڑھا	۱۱	۰	۰	۲۷ ۲۲	۶ ۴۱	۳۱	گوپا اشٹمی	
منگلوار	۲۷	۱۱	۷	نومی		شرون	۱۱ ۹	کنبھ	۴۱ ۹	۲۷ ۱۸	۶ ۴۲	۳۲	برکرما نومی	
بدھوار	۲۸	۱۲	۸	دسمی		دھنشٹھا	۱۰ ۱۳	۰	۰	۲۷ ۱۴	۶ ۴۳	۳۳		
ویروار	۲۹	۱۳	۹	ایکادشی		شتبھشا	۱۴ ۵۶	۰	۰	۲۷ ۱۰	۶ ۴۴	۳۶	دھن ایکادشی	
شکروار	۳۰	۱۴	۱۰	دوادشی		پورو بھادرپد	۱۸ ۴۹	مین	۲ ۵۰	۲۷ ۶	۶ ۴۴	۳۵		
سنیچروار	۳۱	۱۵	۱۱	ترودشی		اتر بھادرپد	۲۲ ۴۴	۰	۰	۲۷ ۲	۶ ۴۲	۳۵		

بتوہار و گردش سیارگان

روزانہ یاد داشت

اشتہار

بھارت لٹریچر کمپنی لمیٹڈ لاہور سے سوامی ہر پرشاد جی کرت پستک مل سکتے ہیں۔

نیائے سوتر ویدک برتی ۸ جلد
یوگ " " ۱۲ "
سانکھیہ " " ۸ "

ویدانت سوتر ویدک برتی زیر طبع ہے
ویدانت شاستر ۱
وشیشک سوتر ویدک برتی عنقریب

تمام خط و کتابت بنام منیجر کمپنی ہذا ہونی چاہیئے۔

سنیچر ۱۴

اشتہار

سنیچر دیو پوجا کی
استری آرڈیننس ۱۰
استری کا رتن ۸
دس مہاودیاں
اور استری دھرم ۸
سوم دیوی ۱
چودھویں کی رات ۱
چھند بواہ کے مہورت
استری کا کیا کرن منتر
شنکر شکر پوجا ۱
جاتی پوجا استری
ان پڑھ استری
کی یاترا ۲
تیج مالا
بھوجن وردھی ۲
اور ورت
استریاں
کی تیج پوجا
پیتھ
شیو
ماہ جیٹھ
لوٹری دروز

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۳۰ یوم	نومبر ۱۹۱۴ء	کارتک سمت ۱۹۷۱	ذوالحجہ ۱۳۳۲ھ	تتھی	گھڑی پل	نکشتر	گھڑی پل	راس	گھڑی پل	راس	گھڑی پل	اوسط	تیوہار و گردش سیارگان	روزنامچہ
اتوار	۱	۱۶	۱۲	چودش	۴۷ ۳۱	ریوتی	۲۹ ۲۸	میکھ	۲۹ ۲۸	۲۶ ۵۸	۶ ۳۵	۵ ۲۴		
سوموار	۲	۱۷	۱۳	پورنماشی	۵۲	شونی	۳۵ ۴۹	۰	۰	۲۶ ۵۴	۶ ۳۵	۵ ۲۴	تیوہار ٹکڑی	
منگلوار	۳	۱۸	۱۴	اگھرہنی	۰	بھرنی	۴۲ ۱۹	برکھ	۵۸ ۵۳	۲۶ ۵۰	۶ ۳۶	۵ ۲۳	مرگ چھوڑی	
بدھوار	۴	۱۹	۱۵	دوج	۶۰	کرتکا	۴۸ ۳۵	۰	۰	۲۶ ۴۶	۶ ۳۷	۵ ۲۳		
ویروار	۵	۲۰	۱۶	دوج	۲ ۵۵	روہنی	۵۴ ۶	۰	۰	۲۶ ۴۲	۶ ۳۸	۵ ۲۲		
شکروار	۶	۲۱	۱۷	تیج	۷ ۱۰	مرگشرا	۵۸ ۵۶	متھن	۳۶ ۳۵	۲۶ ۳۰	۶ ۳۹	۵ ۲۱	گنیش چوتھ	
سنیچروار	۷	۲۲	۱۸	چوتھ	۱۰ ۲۲	آردرا	۶۰ ۰	۰	۰	۲۶ ۳۴	۶ ۴۰	۵ ۲۰		
اتوار	۸	۲۳	۱۹	پنچمی	۱۲ ۲۹	پنرپس	۲ ۳۵	کرک	۴۹ ۲۳	۲۶ ۳۰	۶ ۴۱	۵ ۹		
سوموار	۹	۲۴	۲۰	چھٹ	۱۳ ۱۴	پتریس	۴ ۵۹	۰	۰	۲۶ ۳۶	۶ ۴۲	۵ ۱۸		
منگلوار	۱۰	۲۵	۲۱	ستمی	۱۲ ۴	۰	۶ ۳	۰	۰	۲۶ ۲۲	۶ ۴۲	۵ ۱۸		
بدھوار	۱۱	۲۶	۲۲	اشٹمی	۱۰ ۵۳	شلیکھا	۶ ۵۶	سنگھ	۶ ۵۶	۲۶ ۱۸	۶ ۴۳	۵ ۱۷		
ویروار	۱۲	۲۷	۲۳	نومی	۸ ۲	مگھ	۴ ۴۲	۰	۰	۲۶ ۱۴	۶ ۴۴	۵ ۱۶		
شکروار	۱۳	۲۸	۲۴	دسمی	۴ ۵۹	پوروا پھالگنی	۲ ۴۰	کنیا	۱۷ ۲۵	۲۶ ۱۰	۶ ۴۵	۵ ۱۵		
سنیچروار	۱۴	۲۹	۲۵	ایکادشی	۱۰ ۳۱	اتراپھالگنی	۵۴ ۱۴	ہست	۰	۲۶ ۶	۶ ۴۶	۵ ۱۴		
اتوار	۱۵	۳۰	۲۶	تریودشی	۴۸ ۳۲	چترا	۵۲ ۹	تلا	۲۴ ۸	۲۶ ۳۰	۶ ۴۷	۵ ۱۳		
سوموار	۱۶	گھر	۲۷	چودش	۴۲ ۳۶	سواتی	۴۰ ۵۹	۰	۰	۲۶ ۰	۶ ۴۸	۵ ۱۲		
منگلوار	۱۷	۲	۲۸	اماوس	۴۶ ۳۸	وشاکھا	۴۳ ۴۶	برچھک	۲۹ ۴۹	۲۵ ۵۶	۶ ۴۹	۵ ۱۱		
بدھوار	۱۸	۳	۲۹	اگھرشرشی	۳۰ ۴۹	انرادھا	۳۹ ۴۶	۰	۰	۲۵ ۵۲	۶ ۵۰	۵ ۱۰		
ویروار	۱۹	۴	۳۰	دوج	۲۵ ۲۴	جیشٹھا	۳۶ ۱۱	دھن	۳۶ ۱۱	۲۵ ۴۹	۶ ۵۱	۵ ۹		
شکروار	۲۰	۵	محرم	تیج	۲۰ ۳۳	مولا	۳۳ ۱۱	۰	۰	۲۵ ۴۵	۶ ۵۱	۵ ۸	ہجری ۱۳۳۲ھ شروع	
سنیچروار	۲۱	۶	۲	چوتھ	۱۶ ۳۰	پوروا اشاڑھا	۳۱ ۳	مکر	۴۵ ۴۶	۲۵ ۴۲	۶ ۵۲	۵ ۷		
اتوار	۲۲	۷	۳	پنچمی	۱۳ ۲۰	اتراشاڑھا	۲۹ ۴۴	۰	۰	۲۵ ۳۹	۶ ۵۳	۵ ۷		
سوموار	۲۳	۸	۴	چھٹ	۱۱ ۱۴	شرون	۲۹ ۳۳	۰	۰	۲۵ ۳۶	۶ ۵۴	۵ ۶		
منگلوار	۲۴	۹	۵	ستمی	۱۰ ۲۱	دھنشٹھا	۳۰ ۳۱	کنبھ	۰ ۷	۲۵ ۳۲	۶ ۵۴	۵ ۶		
بدھوار	۲۵	۱۰	۶	اشٹمی	۱۰ ۴۶	شلیکھا	۳۲ ۵۰	۰	۰	۲۵ ۳۰	۶ ۵۵	۵ ۵		
ویروار	۲۶	۱۱	۷	نومی	۱۲ ۳۱	پوروا بھادرپد	۳۶ ۲۲	مین	۲۰ ۲۹	۲۵ ۲۸	۶ ۵۵	۵ ۵		
شکروار	۲۷	۱۲	۸	دسمی	۱۵ ۳۳	اترا بھادرپد	۴۰ ۵۹	۰	۰	۲۵ ۳۶	۶ ۵۶	۵ ۴		
سنیچروار	۲۸	۱۳	۹	ایکادشی	۱۹ ۲۵	ریوتی	۴۶ ۳۵	میکھ	۴۶ ۳۳	۲۵ ۲۴	۶ ۵۶	۵ ۴	موکش ایکادشی	
اتوار	۲۹	۱۴	۱۰	دوادشی	۲۴ ۱۴	اشونی	۵۲ ۵۰	۰	۰	۲۵ ۲۲	۶ ۵۶	۵ ۲		
سوموار	۳۰	۱۵	۱۱	تریودشی	۳۹ ۳۴	بھرنی	۵۹ ۲۱	۰	۰	۲۵ ۲۰	۶ ۵۷	۵ ۳		

لالہ لاجپت رائے جی اور ان کے پتا لالہ رادھا کشن جی کی تصنیفات بھی بھارت لٹریچر کمپنی لاہور کی دوکان سے مل سکتی ہیں۔

شری کرشن ۸ر تحقیقات نذہب ۱۲ر پراچین آریہ تہذیب ۱۴ر بھارت جننی کے آخری لمحے ۱ر
فساد بہار ۱ء ہماری تعلیمی کشتی بھنور میں ۲ء سوامی جی کی خود نوشت سوانحعمری ۲ء روح و مناظر ۲ء
جلاوطنی کی داستان ۱ء وید الشوری گیان ہے ۲ء جیون چرتر سندری سوامی دیانند ۴ء سیدا جی ۴ء

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۳۱ دسمبر	دسمبر ۱۹۱۴ء	نگھ سمت ۱۹۷۱	محرم ۱۳۳۳ ہجری	سمت بکرمی ۱۹۷۱ تتھ	گھڑی پل	نکشتر	گھڑی پل	چندرماں کی راس راس	گھڑی پل	دن مان گھڑی پل	سورج کا اودے	استا	روزانہ یادداشت
سنگلوار	۱	۱۶	۱۲	چودش	۳۴ ۵۲	کرتکا	۶۰	برکھ	۱۵ ۵۶	۲۵ ۱۸	۷ ۶	۵ ۴	
بدھوار	۲	۱۷	۱۳	پرنماشی	۴۴ ۷	کرتکا	۵ ۴۲	۰	۰	۲۵ ۱۶	۶ ۵۷	۵ ۲	
ویروار	۳	۱۸	۱۴	پوہ بدی	۴۷ ۱۷	روہنی	۱۱ ۳۱	متھن	۴۴ ۱	۲۵ ۱۴	۶ ۵۸	۵ ۲	
شکروار	۴	۱۹	۱۵	دوج	۴۹ ۲۵	مرگشرا	۱۶ ۳۲	۰	۰	۲۵ ۱۲	۶ ۵۸	۵ ۲	
سنیچروار	۵	۲۰	۱۶	تیج	۵۰ ۸	آردرا	۲۰ ۲۳	۰	۰	۲۵ ۱۰	۶ ۵۹	۵ ۱	
اتوار	۶	۲۱	۱۷	چوتھ	۴۹ ۲۵	پنربس	۳۳ ۵	کرک	۷ ۲۵	۲۵ ۶	۶ ۵۹	۵ ۱	گنیش چوتھ
دوموار	۷	۲۲	۱۸	پنچمی	۴۷ ۴۹	〃	۲۴ ۳۱	۰	۰	۲۵ ۴	۶ ۵۹	۵ ۱	
منگلوار	۸	۲۳	۱۹	چھٹ	۴۴ ۵۶	شیکھا	۳۴ ۴۳	سنگھ	۲۴ ۴۳	۲۵ ۲	۷	۵	
بدھوار	۹	۲۴	۲۰	ستمی	۴۱ ۶	〃	۲۳ ۴۵	۰	۰	۲۵	۷	۵	
ویروار	۱۰	۲۵	۲۱	اشٹمی	۳۶ ۲۵	پوروا بھادرپد	۲۱ ۵۱	کنیا	۳۶ ۹	۲۴ ۵۸	۷	۴ ۵۹	
شکروار	۱۱	۲۶	۲۲	نومی	۳۱ ۳۵	اترا بھادرپد	۱۹	۰	۰	۲۴ ۵۶	۷ ۲	۴ ۵۹	
سنیچروار	۱۲	۲۷	۲۳	دسمی	۲۵ ۳۶	ہست	۱۵ ۴۱	تلا	۴۳ ۲۲	۲۴ ۵۴	۷ ۲	۴ ۵۷	
اتوار	۱۳	۲۸	۲۴	ایکادشی	۱۹ ۴۴	چترا	۱۱ ۴۸	۰	۰	۲۴ ۵۲	۷ ۳	۴ ۵۷	انولا ایکادشی
سوموار	۱۴	۲۹	۲۵	دوادشی	۱۳ ۵۱	سواتی	۷ ۴۴	برچھک	۴۹ ۲۵	۲۴ ۵۰	۷ ۳	۴ ۵۶	
منگلوار	۱۵	پوہ ۵	۲۶	تریودشی	۸ ۷	وشاکھا	۳ ۲۴	۰	۰	۲۴ ۴۸	۷ ۴	۴ ۵۶	
بدھوار	۱۶	۲	۲۷	چودش		جیشٹھا	۵۵ ۴۳	دھن	۵۵ ۴۳	۲۴ ۴۶	۷ ۴	۴ ۵۶	
ویروار	۱۷	۳	۲۸	اماوس	۳-۵۶ ۵۸-۵	مولا	۵۲ ۳۴	۰	۰	۲۴ ۴۵	۷ ۵	۴ ۵۵	
شکروار	۱۸	۴	۲۹	دوج	۵۴ ۸	پوروا اشاڑھا	۵۰ ۱۸	۰	۰	۲۴ ۴۴	۷ ۵	۴ ۵۵	
سنیچروار	۱۹	۵	صفر	تیج	۵۱ ۵	اترا اشاڑھا	۴۸ ۴۴	مکر	۴ ۴۴	۲۴ ۴۳	۷ ۶	۴ ۵۴	
اتوار	۲۰	۶	۲	چوتھ	۴۹ ۷	شرون	۴۸ ۱۷	۰	۰	۲۴ ۴۲	۷ ۶	۴ ۵۴	
دوموار	۲۱	۷	۳	پنچمی	۴۸ ۲۱	دھنشٹا	۴۹ ۲	کنبھ	۱۸ ۳۵	۲۴ ۴۱	۷ ۷	۴ ۵۳	
منگلوار	۲۲	۸	۴	چھٹ	۴۸ ۵۴	شیکھا	۵۱ ۲	۰	۰	۲۴ ۴۰	۷ ۷	۴ ۵۳	
بدھوار	۲۳	۹	۵	ستمی	۵۰ ۴۸	پوروا بھادرپد	۵۴ ۱۷	مین	۳۸ ۲۹	۲۴ ۴۱	۷ ۶	۴ ۵۴	
ویروار	۲۴	۱۰	۶	اشٹمی	۵۳ ۴۷	اترا بھادرپد	۵۸ ۴۵	۰	۰	۲۴ ۴۲	۷ ۶	۴ ۵۴	
شکروار	۲۵	۱۱	۷	نومی	۵۷ ۵۶	ریوتی	۶۰	۰	۰	۲۴ ۴۳	۷ ۵	۴ ۵۵	تیوہار کرسمس
سنیچروار	۲۶	۱۲	۸	دسمی	۶۰	〃	۴ ۹	میکھ	۴ ۹	۲۴ ۴۵	۷ ۵	۴ ۵۵	
اتوار	۲۷	۱۳	۹	دسمی	۴ ۵۱	اشونی	۱۰ ۱۶	۰	۰	۲۴ ۴۷	۷ ۴	۴ ۵۶	
سوموار	۲۸	۱۴	۱۰	ایکادشی	۸ ۱۳	بھرنی	۱۶ ۴۷	برکھ	۳۳	۲۴ ۴۷	۷ ۴	۵ ۵۶	پنپروا ایکادشی
منگلوار	۲۹	۱۵	۱۱	دوادشی	۱۳ ۳۶	کرتکا	۲۳ ۱۵	۰	۰	۲۴ ۴۹	۷ ۴	۴ ۵۷	
بدھوار	۳۰	۱۶	۱۲	تریودشی	۱۸ ۳۴	روہنی	۱۹ ۱۷	۰	۰	۲۴ ۵۱	۷ ۳	۴ ۵۷	
ویروار	۳۱	۱۷	۱۳	چودش	۲۲ ۴۰	مرگشرا	۳۴ ۲۳	متھن	۱ ۵۰	۳۴ ۵۳	۷ ۳	۴ ۵۶	

بھاشیہ شوبرت لعل ورمن کی اردو کتب بھارت لیٹریچر کمپنی لمیٹڈ لاہور سے طلب کرو

شپد ایک مشہور پستک یہ ہیں آپ نشد ۱۲ رامائن ہر دو حصہ عہ - مہابھارت عہ گیان کلپدرم ۱۰ ارو چار کلپدرم ۴ ہماری تائیں ۴ سچی دیویاں ۴ سچی استریاں ۴ راجستھان کی بیر رانیاں ۴ قانون خیال ۵ رنگ خیال ۳ آئینہ خیال ۲ ہماری زندگی اور موت ۳ ستی برتانت ۷ خانہ داری کی فلاسفی ۴ علم خیال ۴ وغیرہ وغیرہ

امتحان انٹرنس

اگر آپ نے کسی یونیورسٹی کے انٹرنس امتحان میں شامل ہونا ہے تو ہمارے مضامین انگریزی حساب سوال نامہ کے سکالرشپ کے پرچہ جات منگوا کر دیکھیں۔ یہ پرچہ جات بلکل ہی مشکل ہیں اس امتحان میں پاس کر دیگا۔ ۱۹۱۲ء سے بیکر بیکر قیمت ان کی ۲ روپیہ ہے۔ منگوا کر دیکھیں۔ آرڈر کے ساتھ قیمت بھیجنا ضروری ہے۔ دیگر بھی کتابیں موجود ہیں۔ پتہ

ناجر آریہ بک ڈپو

سوامی ریڈ روڈ لاہور

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مقدمہ

سمت ہائے رائج الوقت مع تعداد سال لغایت ۱۹۱۴ء

نمبر شمار	نام سمت	کب سے جاری ہوا	تعداد سال	نمبر شمار	نام سمت	کب سے جاری ہوا	تعداد سال
۱	سرشٹی سمت	سرشٹی یعنی دنیا کے آغاز سے	۱۹۷۲۹۴۹۰۱۶	۲۰	سپارٹا سمت	شہر سپارٹا کی بنیاد سے	۳۶۱۷
۲	ویدک سمت	دنیا کے آغاز سے	۱۹۷۲۹۴۹۰۱۶	۲۱	موسوی سمت	حضرت موسےٰ کے وقت سے	۳۴۸۶
۳	آریہ سمت			۲۲	داؤدی سمت	حضرت داؤد کے وقت سے۔	۲۹۴۸
۴	چینی سمت	چین کے پہلے بادشاہ سے	۹۶۰۰۲۴۱۳	۲۳	یونانی سمت	اولمپیا کے اکھاڑے سے	۲۶۸۹
۵	خطائی سمت	خطا کے پہلے آباد کنندہ سے	۸۸۸۴۰۲۸۶	۲۴	رومی سمت	شہر روم کی بنیاد سے	۲۶۶۶
۶	پارسی سمت	ایران کے پہلے بادشاہ سے	۱۸۹۸۸۳	۲۵	بابلوساری سمت	بابل کے پہلے بادشاہ سے	۲۶۶۰
۷	کالڈیا سمت	سورت اسلے اسی	۱۵۱۹۱۳	۲۶	بدھ سائی سمت	بدھ کے پچاسویں برس سے	۲۴۸۷
۸	مصری سمت	نبین بادشاہ سے	۲۷۵۶۷	۲۷	برمی سمت	بعد پیاجن راہن	۲۴۵۸
۹	قسطنطنیہ کا سمت	۰	۷۵۲۰	۲۸	سکندری سمت	سکندر اعظم سے	۲۲۶۷
۱۰	انطاکیہ سمت	۰	۷۴۰۶	۲۹	بکرمی سمت	راجہ بکرم کے جلوس سے	۱۹۷۱
۱۱	جولین سمت	۰	۶۶۲۷	۳۰	عیسوی سمت	حضرت عیسےٰ کی پیدائش سے چار برس بعد	۱۹۱۴
۱۲	عیسائی دنیا کا سمت	۰	۵۹۱۸	۳۱	محمدی سمت یا ہجری	حضرت محمد صاحب کے مکہ سے مدینہ جانے کے وقت سے	۱۳۳۲
۱۳	عبرانی سمت	آدم اور حوا کی پیدائش سے	۵۹۱۸	۳۲	بنگالی سمت	مروجہ جنوبی بنگال	۱۳۲۱
۱۴	یہودی سمت	۰	۵۶۷۴	۳۳	شالباہن سمت	راجہ شالباہن سے	۱۸۳۶
۱۵	کل یگی سمت	کلجگ کے شروع سے	۵۰۱۵	۳۴	یزدگردی سمت	پارسی سمت	۱۲۸۳
۱۶	نوح کا سمت	حضرت نوح کے وقت سے	۵۰۱۵	۳۵	شہور سمت	آغاز ۶ جون ۱۳۴۲ء مروجہ مہاراشٹر	۱۰۷۲
۱۷	یدشٹری سمت	راجہ یدشٹر یعنی کلجگ کے ۶۵۲ برس بعد	۴۳۶۲	۳۶	نانک شاہی سمت	گورو نانک صاحب کے وقت سے	۴۴۴
				۳۷	ولایتی یا عملی سمت	مروجہ ارلیہ ۹ ستمبر ۱۵۵۵ء	۱۵۹
۱۸	پرشرام سمت	مروجہ منگلور تا راس کماری	۴۰۸۸	۳۸	دیانندی سمت	شری سوامی دیانند جی سرسوتی کے سورگباش ہونے کے وقت سے یعنے متی کاتک بدی اماوس سمت ۱۹۷۰ بکرمی سے	۳۱
۱۹	ابراہیمی سمت	حضرت ابراہیم سے	۳۸۳۴				

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نکشتر اور راشی

جس طرح آکاش کے بارہ فرضی حصوں کے نام راشی ہے - اسی طرح اِس کو ستائیس حصوں میں تقسیم کرکے اِس کا نام نکشتر رکھا گیا ہے اور تاروں کے مجموعہ کا نام نکشتر ہے ایک راشی میں ۲ ۱/۴ نکشتر ہوتے ہیں اور چاند ایک نکشتر ہر روز کے حساب سے چلتا ہے - ہر نکشتر کے چار حصے ہوتے ہیں - جن کو چرن کہتے ہیں - اسی طرح ہر ایک راشی بھی ستاروں کا گروہ ہے - جن میں سورج ایک ماہ تک رہتا ہے - یہ تعداد میں بارہ ہیں - اور ان کے نام یہ ہیں - میش - ورش - متھن - کرک - سنگھ - کنیا - تلا - ورشچک - دھن - مکر - کمبھ - مین -

نمبر	نام نکشتر	نام راشی
۱	اشونی	میش
۲	بھرنی	میش
۳	کرتکا	میش
۴	روہنی	ورش
۵	مرگشرا	ورش
۶	آردرا	ورش
۷	پنربسو	متھن
۸	پشیہ	متھن
۹	اشلیشا	متھن
۱۰	مگھا	کرک
۱۱	پوربہ پھالگنی	کرک
۱۲	اتر پھالگنی	کرک
۱۳	ہست	سنگھ
۱۴	چترا	سنگھ
۱۵	سواتی	سنگھ
۱۶	وشاکھا	کنیا
۱۷	انورادھا	کنیا
۱۸	جیشٹھا	کنیا
۱۹	مول	تلا
۲۰	پوروا شاڑھ	تلا
۲۱	اتر شاڑھ	تلا
۲۲	شرون	ورشچک
۲۳	دھنشٹھا	ورشچک
۲۴	شت بھشک	ورشچک
۲۵	پوربہ بھادرپد	دھن
۲۶	اتر بھادرپد	دھن
۲۷	ریوتی	مین

کلپ یا سرشٹی سمت کا حساب

शतं ते, युतं हायनान्ते युगे त्रीणि चत्वारि चैव च :

سرشٹی کے قیام کے حساب سمجھنے کے لئے یہ جاننا کہ وہ سال دس ہزار سینکڑے یعنی دس لاکھ تک صفر دینے کے بعد ۲ و ۳ و ۴ نمبروار لگانے سے حاصل ہوتے ہیں - یعنی ۴۳۲۰۰۰۰۰۰ "

اِس سے صاف ظاہر ہے کہ موجودہ سرشٹی ایک کلپ یعنی چار ارب بتیس کروڑ سال تک قائم رہے گی - ایک کلپ کو ایک براہم دن بھی کہتے ہیں - ایک کلپ میں چودہ منونتر ہوتے ہیں - ایک منونتر اکھتر (۷۱) چترگی (ست یگ ترتیا دواپر - کلجگ) کا ہوتا ہے - اور ہر ایک کلپ کے شروع میں اور ہر ایک منونتر کے آخر میں ۱۷۲۸۰۰۰ برس کی ایک سندھی ہوتی ہے - اور ہر ایک یگ کے شروع میں سندھیا اور آخیر میں سندھیانش ہوتا ہے - جس کا مفصل شمار بابت سال گذشتہ و باقیماندہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے - جس قدر مدت ایک کلپ یا براہم دن کی ہوتی ہے اتنی ہی مدت ایک براہم راتری کی ہوتی ہے - جس کے ختم ہونے کے بعد پھر از سر نو سرشٹی نمودار ہوتی ہے - اِس مدت کلپ کو اِس وجہ سے کہ یہ شمار شروع دنیا سے جاری ہے - سرشٹی سمت اور ویدوں کا الہام بھی چار رشیوں پر شروع دنیا میں ہونے کی وجہ سے ویدک سمت اور بایں وجہ کہ آریہ دھرم بھی ویدوں کے ظہور یا شروع دنیا سے جاری ہے - آریہ سمت کہتے ہیں -

اگلے صفحہ پر اس کا صاف حساب درج ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام منونتر	تعداد سال	میزان سال
		گذشتہ سال	
		کلپ کے شروع کی سندھی	۱۷۲۸۰۰۰
	۱/۷ ست یگ	سندھیا = ۱۴۴۰۰۰ ، مول (اصلی یگ) = ۱۲۸۰۰۰۰ ، سندھیانش = ۱۴۴۰۰ ترتیا یگ ، میزان = ۱۲۹۶۰۰۰	
	۳/۷ دواپر یگ	سندھیا = ۷۲۰۰۰ ، مول = ۷۲۰۰۰۰۰ ، سندھیانش = ۷۲۰۰۰ کل یگ ، میزان = ۸۶۴۰۰۰۰	
		سندھیا = ۱۰۸۰۰ ، مول (اصلی یگ) = ۱۲۸۰۰۰۰ ، سندھیانش = ۱۰۸۰۰ ، میزان ۱۲۹۶۰۰۰	
		سندھیا = ۳۶۰۰۰ ، مول = ۳۶۰۰۰۰۰ ، سندھیانش = ۳۶۰۰۰ ، میزان = ۴۳۲۰۰۰۰	
		کل میزان ایک چترگی = ۴۳۲۰۰۰۰	
۱	سوایمبھو منو	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۲	سوار وچش	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۳	آدوتم	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۴	تامس	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۵	ریوت	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۶	چاکشش	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۷	ویوسوت (ورتمان)	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ - ۲۷ چترگی گذشتہ = ۱۱۶۶۴۰۰۰۰ ، ۲۸ ویں چترگی کے تین یگ ۷۲۸۰۰۰۰ + ۱۲۹۶۰۰۰ + ۸۶۴۰۰۰ = ۳۸۸۸۰۰۰	= ۱۳۵۳۰۱۵
		۲۸ واں کل یگ گذشتہ شالباہن سمت ۱۸۳۷ و بکرم سمت ۱۹۶۹ و سن ۱۹۱۲ء تک ۵۰۱۵	
		میزان کل سال گذشتہ	۱۹۷۲۹۴۹۰۱۵
		باقیماندہ سال	
	ویوسوت (باقی)	باقیماندہ ۲۸ واں کلی یگ = ۴۲۶۹۸۵ ، ۲۳ چترگی آئندہ = ۴۳۲۴۳۲۰۰۰۰ × ۴۳ = ۱۸۵۷۶۰۰۰۰ ، اس کی انت سندھی ۱۷۲۸۰۰۰	۱۸۷۹۱۴۹۸۵
۸	ساورنی	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی = ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۹	دکش ساورنی	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی = ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۱۰	برہم ساورنی	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی = ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۱۰۸۰۰۰
۱۱	دہرم ساورنی	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی = ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۱۲	رودر ساورنی	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی = ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۱۳	روچیہ	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی = ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
۱۴	بھوتیہ	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی = ۱۷۲۸۰۰۰ =	۱۸۴۴۸۰۰۰
		میزان کل باقی آئندہ	۲۳۴۷۰۵۰۹۸۵

ایک کلپ یا براہم دن = میزان سال گذشتہ ۱۹۷۲۹۴۹۰۱۵ + سال آئندہ ۲۳۴۷۰۵۰۹۸۵ = ۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰

ایک براہم دن رات = براہم دن + براہم رات = ۲ × ۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰

ایک مہاکلپ = ایک براہم دن رات × ۳۰ دن × ۱۲ ماہ × ۱۰۰ سال = ۳۱۱۰۴۰۰۰۰۰۰۰۰ سال

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

وایو وگیان

"یہ دلچسپ اور مفید مضمون شری پنڈت شری رام سوروپ دلیکر جی کے پوتر دلیپ کی سوچ بچار کا نتیجہ ہے پنڈت جی کی تعریف ہمارے جیسا کہ علم انسان کرے تو ان کے علم مشہور آچرن سرل سوبھاؤ کرم کانڈی وغیرہ کے عالم ہونے کی جتنک کرنا ہے پنڈت جی ایک عالم باعمل نہایت لائق کیرکٹر کے بوگیہ مہاتما پرش ہیں۔ آپ نے جس فراخدلی سے اپنا مضمون اس جنتری کے ناظرین کے روبرو رکھنے کے لئے بھیجا ہے اسکا دل سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ اور ناظرین سے انکا ہے کہ وہ اس کو بغور مطالعہ کریں اور اس سے فائدہ اٹھاویں۔ مضمون کی عبارت کو سرل و عام فہم اور بامحاورہ کیا گیا ہے مگر مضمون کا مقصد ہاتھ سے ہرگز نہیں جانے دیا"

اُدیش وید میں وایو کے متعلق کیا کیا علم ہے اور اس سے انسان کو کیا کیا فائدہ ہو سکتا ہے اس مختصر مضمون میں ذکر کیا جاویگا پہلے اس کے کہ ویدوں کے وشے میں کتنے مختلف مت ستانتر پرچلت ہیں ان کا ذکر کیا جاتا ہے

وید کے مختلف ٹیکا کار آجتک ایک ٹیکا کاروں نے وید کے آشے کو اپنی اپنی نظر سے دیکھا اور ظاہر کیا ہے جن پر پورے طور سے وچار کرنے کے لئے ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت ہوگی مگر اس جگہ صرف ان کے نام ہی لکھے جاتے ہیں کیونکہ اس مضمون کے لئے اس جگہ زیادہ سامان ملنا ناممکن ہے

جب ہم وید کے ایک ٹیکا کاروں کی طرف دیکھتے ہیں تو ان کے کئی درگ نظر آتے ہیں پہلے ہم ان کے درگوں کا ذکر کرنا مناسب سمجھتے ہیں جو کہ نیچے لکھے جاتے ہیں:-

ادھیاتمک درگ وید کے ایک درشٹاؤں میں ادھیاتمک درشٹاؤں کا درگ بھی ذکر کے قابل ہے کیونکہ سارے وید کا خاص اپدیش اگر کوئی ہے تو یہی ہے کہ ادھیاتمک گیان کا پرکاش بھگت جیوں کے انتہ کرن میں کرنا۔ اس پوتر اپدیش کو دیکھکر ہزاروں ٹیکا کاروں نے پرچین کال میں ادھیاتم ودیا کا پرچار کیا تھا افسوس ہے کہ ان سب کے نام آج ہمارے پاس موجود نہیں ہیں اور جو ان کے سب گرنتھوں کا نتیجہ ہے تاہم کئی ٹیکا کاروں کے نام اور گرنتھ دستیاب ہیں۔ مثلاً منڈک۔ منڈوک۔ تیتری۔ جابالی۔ شونک۔ شوتاشوتر۔ سکندھ۔ شانڈلیہ۔ پنگل۔ ایتریہ۔ جیمنی۔ اردنی۔ اتھروا۔ کوشتک۔ تیتریہ۔ کٹھ۔ یاجیوک۔ کنو وغیرہ کئی رشیوں کے نام وید کے مرگ ہیں سنتے ہیں کہ جنہوں نے وید منتروں کا وچار کرکے ادھیاتم ودیا کا پرچار کیا تھا۔ ان ہی بزرگوں کے شبد وچار کا نتیجہ اپنشدوں میں حاصل کرتے ہیں۔ مستند اپنشد جتنے ہیں وہ سب وید منتروں کو لیکر ہی لکھے گئے ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ جو اپنشد آجکل ملتے ہیں ان میں کئی زمانہ حال کے سمپردائیوں کے اپنشد ہیں ان کو چھوڑ کر براہمن اپنشدوں کے ارتھ بھاگ اور براہمن گرنتھوں کے کئی اوشیہ سب وید کے ادھیاتم بھاگ ہیں۔

رگوید کی ہزاروں شاکھائیں ہیں اسیطرح باقی ویدوں کی بھی ہیں ہر ایک شاکھا کے پرورتک ہر ایک رشی نے ایک ایک اپنشد بتایا تھا مگر افسوس کی بات ہے کہ وہ سمپورن شاکھا کرتا اسوقت موجود نہیں ہیں اس کے انبندھ۔ غرض اس طرح ان ٹیکا کاروں کا وچار ہے

کرم کانڈ درگ ادھیاتمک ٹیکا کاروں کیطرح کرم کانڈی ٹیکا کار بھی وید پر کئی ہوگئے ہیں۔ جنہوں نے وید منتروں کا وچار کرکے اور ان کی سنگتی لگا کر بھی انسان کے لئے نہایت ضروری یگیہ۔ یاگ اور دیگر کرموں کا پرچار کیا۔ اس کرم مارگ کے چلانے والے جیسی منی نے کئی ہوا ہو چکے ہیں ان کے بنائے ہوئے یگیہ وغیرہ پدھتیوں سے لوگوں کی بہت اچھی ہوتی اور ان میں آنند بڑھتا ہے اسی لئے ان کی پرمپرا بڑی مضبوط قائم ہو گئی تھی

نروکت درگ مذکورہ بالا دونوں درگوں کا سہایک نروکت کاروں کا درگ ہے اس درگ میں یاسک۔ کوشک۔ شاکٹائن شاکپورن وغیرہ کے نام شامل ہیں۔ وید منتروں کے ارتھوں پر وچار کرنا منتر کے پدوں کے پہلے پدوں کے ساتھ مطابقت کرنی۔ شبدوں کے مناسب ارتھوں کی تلاش کرنی اور ارتھ نشچت کرکے وید کی بزرگی لوگوں کے روبرو پیش کرنی یہ مبارک کام انہی کی محنت اور کوشش سے ہوتے تھے۔ ان کے ٹیکا گرنتھوں میں یاسک کا ہی ایک نروکت اسوقت ملتا ہے باقی سب گرنتھ عموماً گم ہو گئے ہیں۔ وید منتروں کے ارتھ لگانے میں اس کتاب سے بڑی مدد ملتی ہے۔ اس کو سب آریہ لوگ جانتے ہیں

انی ماسک درگ برہمن گرنتھوں کے وقت سے لیکر یاسک کے نروکت کے وقت تک۔ انی ماسک درگ پیدا ہو گیا تھا جس کا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نزدیکت میں بھی آتا ہے۔ ان اتی ہاسک لوگوں کا کام یہ ہوتا تھا کہ وید کے روپک انکاروں کو لیکر ان کی ایک بڑی دلچسپ کہانی بنا
وید کا سیدھا سادہ اُپدیش جن کو روکھا معلوم ہوتا تھا۔ اُن عام لوگوں کے لئے یہ میٹھی کہانیاں مفید ہوتی تھیں۔ ان اتی ہاسک رشیوں
میں ویاس منی کا نام سب سے پہلے قابل ذکر ہے۔ ویاس اور ان کے شاگردوں نے عموماً ویدک استعاروں کو کہانیوں میں تبدیل کر
تھا۔ ویدک الفاظ کو جیسے کا ویسا ہی رکھکر ان کے اوپر کہانیوں کا لباس ایسا پہنایا تھا کہ ویدک نظر سے دیکھنے والوں کو انہی کہانیوں
میں وید منتروں کا آشے معلوم دیتا تھا۔ اور عام لوگوں کو کہانی کے ذریعہ وید منتروں کا آشے ذہن نشین ہوتا تھا۔ ان ہی گرنتھوں کو ادی پران
کہتے ہیں۔ سوریہ کے وید روپکوں کی کہانیاں جہاں ہیں وہ سوریہ پوران دایو کے روپکوں کی کہانیوں کو دایو پران کہتے ہیں اسی طرح
اور کئی دیوتاؤں کے نام سے پران بنائے تھے۔ جو آجتک پوران ملتے ہیں وہ سب زمانہ حال کے ہیں۔ ویاس کے لکھے مول پرانوں
آشرے پر اور کئی ودوانوں نے پران لکھے ہیں۔ اسی لئے ان سب پورانوں کا سارا بھاگ قبول کرنے کے لائق نہیں۔ ہاں جتنا
حصہ ویدک استعاروں کے ساتھ ملتا ہے اتنا ہی ویاس کا لکھا ماننا مناسب ہے۔

وگیانک ورگ

وید میں وگیان کا آشے بھی بہت ہے۔ اوھیاتم کا اپدیش کرتے کرتے وید منتر وگیان کی باتیں بھی ظاہر کرتے
ان وگیان کی باتوں کو لیکر تنتر گرنتھ کاروں نے وگیان ودیا کا پرچار بہت ہی کیا تھا۔ اب بھی جو تنتر گرنتھ
ملتے ہیں ان میں وگیان بہت ہے۔ مگر دکھ کی بات یہ ہے کہ ان کے وشے واسناؤں کو تیز کرنے والے کئی فحش طریقے ان میں ہماری
سے یہ گرنتھ بھی ترک کے قابل سمجھے گئے ہیں اگر کوئی عالم شخص ان تنتر گرنتھوں کی چھان بین کرکے
ان کا گندہ اور فحش حصہ نکال کر وگیان کا حصہ ظاہر کرے گا تو اس کا احسان لوگوں پر بہت ہوگا۔

ہندو کیمسٹری

کتاب جو ایک بنگالی سجن ایم رائے نے لکھی ہے اس سے بھی بات ظاہر ہوتی ہے۔ تنتر گرنتھوں میں کتنی باتیں وگیان کی
کی بھی اسکا بھی علم ہو سکتا ہے

اتنی تمہید کے بعد اب ہم اپنے اصلی مضمون کی طرف آتے ہیں اس مضمون میں ہمنے دایو دیوتا کے منتروں میں سے وگیان کی باتوں کو تلاش
ہے۔ اوھیاتمک وغیرہ دوسرے خیالات کا یہاں ذکر نہیں کیا جاویگا۔ دایو کا ہمارے ساتھ کیا تعلق ہے یا اس سے ہم کس طرح فائدہ اٹھا
ہیں۔ بس اس کا وچار ہمنے کرنا ہے ویدوں کا وچار اوھیاتمک۔ کرم کانڈی۔ نروکت۔ اتی ہاسک پوران۔ یا وگیانک تنتر ترک
نظروں سے ہو سکتا ہے چونکہ ان سب کا وچار کرنے سے مضمون بڑھ جانے کا خیال ہے اس لئے ہم صرف وگیان (تنتر ترک) نظر
ہی وچار کریں گے

यददो वात ते गृहे अमृतस्य निधिर्हितः ॥
ततो नो धेहि जीवसे ॥

ऋ—१० ?

"ہے دایو! تمہارے گھر میں جو امرت کا خزانہ رکھا ہے۔ اس سے ہمیں زندگی (درازی عمر) دو"

یعنی دایو میں امرت ہے جس سے انسان درازی عمر حاصل کر سکتا ہے۔ لوگ عموماً چاہتے ہیں کہ ان کی عمر بڑھے۔ کوئی یہ نہیں چاہتا کہ
عمر کم ہو۔ عمر کے بڑھانے کی خواہش سب کے دلمیں ہے۔ اس منتر میں کہا ہے کہ دایو کے پاس جو امرت ہے اس سے عمر بڑھتی ہے
جو چاہتا ہے اس کی عمر بڑھے اسکو مناسب ہے کہ وہ دایو کے امرت کا استعمال کرے

دایو میں امرت کونسا ہے

جو دایو ہمارے چاروں طرف ہے اس میں کئی چیزیں موجود ہیں جن میں امرت بھی ایک
پران دایو (یعنی آکسیجن) یہی دایو میں امرت ہے۔ صاف ہوا کے اندر یہ موجود ہوتی ہے۔ خراب
میں یہ امرت نہیں ہوتا۔ کمرے کے اندر تنگ گلیوں میں یا جہاں کھلی ہوا نہیں ہوتی۔ ایسی جگہوں میں ہوا خراب ہو جاتی ہے۔ اور لوگوں کو
نہیں دیتی۔ مگر پہاڑوں کی چوٹی پر ندی کے کناروں پر سمندر کے ساحل پر یا باغوں یا جنگلوں میں ہوا صاف رہتی ہے جو انسان اُن
کی ہوا میں رہتا ہے یا جاتا ہے۔ اس کو وہ امرت ملتا ہے اور اس امرت کے ملنے سے انسان لمبی عمر والا ہوتا ہے۔
منتر دیکھنے سے پتہ لگتا ہے کہ انسانوں کو اپنی صحت کی رکھشا کے لئے صاف ہوا میں رہنا چاہئے اور صاف ہوا میں اپنے کام کاج
چاہئیں۔ تنگ گلیوں میں رہنا موت کے منہ میں رہنا ہے کھلی ہوا میں رہنے سے عمر بڑھتی ہے۔

ہمارا دایو کے ساتھ تعلق

ہمارا دایو کے ساتھ کسطرح کا سنبندھ ہے؟ اب یہ دیکھنا ہے۔ جس میں پتہ لگیگا کہ انسان
ہوا کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہئے

उत वात पितासि नः ॥ उत भ्रातोत नः सखा ॥
स नो जीवातवे कृधि ॥

ऋ—१०।१६२।३

"ہے دایو تو ہمارا پتا۔ ماتا۔ بھراتا۔ سکھا اور متر ہے۔ اس لئے ہماری عمر بڑھنے کے لئے (ہمیں مدد) دے"

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

وایو سب انسانوں کا پتا۔ بھرتا اور سکھا ہے یہ اس منتر میں لکھا ہے۔ اب اس کے مطلب کیطرف خیال کیجئے۔ اپنا پتا بھرتا اور منتر جو ہوتا ہے اس کا بگاڑ کوئی نہیں کر سکتا اس کے خوش رکھنے کے لئے ہمیشہ سب تیار رہتے ہیں۔ اسیطرح ہوا کو کسی کو بگاڑنا نہیں چاہیئے۔ وایو ہمیشہ خوش رہیگا یعنی صاف رہیگا۔ اسیطرح کا سلوک سکھ کرنا واجب ہے۔ یہ پہلا گیان اس منتر سے ملتا ہے۔

وایو ہمارا پتا ہے۔ وایو ہمارا رکھشک ہے جو رکھشک ہوتا ہے وہی پتا ہوتا ہے۔ پران کے ذریعے وایو ہماری رکھشا کرتا ہے۔ وایو کے نہ ملنے سے ایک سیکنڈ بھی انسانوں کو یا پرانیوں کو زندہ رہنا ناممکن ہے ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وایو کی ضرورت ہماری ہستی کے لئے کسقدر ضروری ہے۔ جسطرح پتا کے بغیر بچہ نہیں رہ سکتا اسیطرح پران وایو کے بغیر نہیں رہ سکتے۔

وایو ہی ہمارا بھرتا (بھائی) ہے۔ پوشن (پرورش) کرنے والے کو بھائی کہتے ہیں۔ جو لوگ شہر کی تنگ گلیوں کو چھوڑ کر مہینے دو مہینے کی رخصت لیکر پہاڑوں پر جاکر کھلی ہوا کا سیون کرتے ہیں انکو معلوم ہے کہ شہروں کی نسبت پہاڑوں کی صاف ہوا سے جسم کیطرح تندرست اور مضبوط ہو جاتا ہے۔ جسم کو تندرست اور مضبوط اور طاقتور بنانے کا گن وایو میں ہے اس لئے اس کو بھرتا یعنی پرورش کرنے والا کہا ہے۔ صاف ہوا جسم کو تندرست رکھتی ہے جسم کی غلاظت دور کر کے اچھی صحت پیدا کرتی ہے۔ جس طرح دوست اپنے دوست کا بھلا کرتا ہے اسی طرح ہوا بھی ناک کے ذریعہ سے جسم کے اندر جاکر جسم کا بھلا کرتا ہے اس لئے اس کو جسم کا سکھدایا منتر کہا ہے

اس وچار کو دھیان میں رکھنے سے پتہ لگیگا کہ وایو انسانوں کا جیسا پتا ہے ویسا ہی بھائی اور منتر بھی ہے۔ جیتے اس کے بغیر روح انسانوں کی زندگی مشکل ہے۔ اس سے معلوم ہوگا کہ صاف ہوا میں رہنا اور اس میں ہی سب کاروبار کرنے کی نہایت ضرورت ہے کیا اس ویدک آدرش (معیار) کو سامنے رکھکر انسان اپنے رہنے کے گھر جاہیں۔ گلی۔ کوچے اور شہروں کو سدھاریں گے؟

وایو کے صاف کرنے کا طریقہ

आत्मा देवानां भुवनस्य गर्भो यथावशं चरति
देव एषः। घोषा इदस्य शृण्विरे न रूपं तस्मै
वाताय हविषा विधेम॥

ऋ—१०।१६८।४॥

"وایو اندریوں کا آتما (جیون) ہے بھی پرانیوں کا آدھار ہے۔ وہ وایو دیو اپنی مرضی سے پھرتا رہتا ہے۔ اس کے چلنے کی آواز ہم سنتے ہیں مگر اس کی شکل نہیں دیکھ سکتے۔ اس وایو کی (شدھی کے لئے) ہوئی (یگیہ) کرینگے"

اس منتر کے اندر کئی باتوں کا اپدیش کیا گیا ہے۔ جسطرح جسم میں جیو آتما ہے اسیطرح اندریوں کے لئے یہ وایو ہے۔ وایو سے ہی اندریوں میں کام کرنے کی طاقت ہے۔ اس لئے سب اندریوں کی تندرستی کے لئے صاف ہوا کی بڑی ضرورت ہے اس منتر میں وایو کو آتما کی تشبیہ دیکر اس کی بزرگی کا ذکر کیا ہے

اس کی شکل نظر نہیں آتی شاید کوئی کہے کہ ہوا ہے ہی نہیں مگر یہ کہنا غلط ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اسکے چلنے پھرنے کی آواز سنائی دیتی ہے اس لئے یہ یقین کرنا چاہیئے کہ وہ ضرور ہے۔

اسطرح سب کے لئے مفید جو ہوا ہے اس کی صفائی کے لئے اچھی اچھی اشیاء سے ہون کے ذریعے یگیہ یاگ کرنے کی ضرورت ہے یہی بات اس منتر میں کہی گئی ہے جو غور کرنے کے قابل ہے

وایو پران کے ذریعے ہمارے جسموں میں جاکر ہماری تندرستی بڑھاتی ہے۔ اگر یہ ہوا خود بیماریوں سے یکت ہوگی تو ہمارے اندر جاکر کئی قسم کی بیماریوں کو پیدا کرے گی اس لئے اس کے صاف رہنے کی از حد ضرورت ہے۔ یگیہ ہی ایک ذریعہ ہے جس کے ذریعے ہوا صاف رہ سکتی ہے۔ اس لئے یگیہ کرنا بہت ضروری ہے

وایو کے کام

وایو سے عمر بڑھتی ہے جسم مضبوط ہوتا ہے وغیرہ پہلے ذکر کئے گئے ہیں۔ ان کو پڑھکر حال پیدا ہوتا ہے کہ وایو ان سب کاموں کو کس طرح کر سکتا ہے۔ اس کا جواب اگلے منتر میں دیا جائیگا۔

वात आ वातु भेषजं॥ शंभु मयो भुनो॥ हृदे॥
प्राण आयूंषि तारिषत्॥

ऋ—१०।१८६।१॥

"وایو کے ذریعہ اوشدھ بہتا ہوا آتا ہے۔ وایو کلیان کرتا سکھ دینے والا اور ہردے کا سماہان کرنے والا ہے ایسے وایو سے جا۔ آیو۔ ویرگھ (بڑی) ہووے"

اس منتر میں (وایو کا ہماری صحت کے ساتھ کیا تعلق ہے) اچھی طرح ذکر ہے۔ اس منتر کا پہلا حصہ یہ ہے کہ وایو اوشدھیوں کو بہاتا ہوا آتا ہے وایو جس وقت بہتا ہے اسوقت اپنے ساتھ اچھی یا بری ہوا کو لاتا ہے وایو کے چلنے کے وقت اگر اس کے ساتھ زمین کے ذرات ہوں تو وہ انکو بھی ساتھ لے جاتا ہے جس کو آندھی کہتے ہیں جنہوں نے آندھی دیکھی ہوگی انہوں نے دیکھا ہوگا کہ وایو اپنے ساتھ دوسری چیزوں کو بھی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کی طرح لیجاتا ہے۔ جبوقت بدبودار اشیاء کے اوپر سے ہوا گزرتی ہے اسوقت ہوا بدبودار ہو جاتی ہے۔ یا جس وقت باغ کے خوشنما پھولوں سے گذرتی ہے اسوقت بڑی آنند دایک معلوم ہوتی ہے۔ اس سے یہ فیصلہ ہوا کہ وایو اپنے ساتھ کئی پدارتھوں کو لاتا ہے جبوقت وہ اوشدھیوں کے اوپر سے گذرتا ہے یا بگیچہ کے پھولوں پر سے عبور کرتا ہے اسوقت وہ بڑا اشدھی یکت ہوتا ہے۔ عمر کے بڑھانے والا ہوتا ہے۔ بس یہی ابدیش اس منتر میں ہے۔ تنگ گلی کوچہ کی بدبودار ہوا۔ واقعی عمر کو کم کرتی ہے۔ جو ہوا جنگل کی جڑی بوٹیوں کے اوپر سے گذر کر آتا ہے۔ اس کا سیون کرنا چاہیئے تاکہ عمر بڑھے۔ اگر شہروں کی گندی ہوا کو ہر روز سیون کیا جاوے تو جسم روگی ہو جاوے۔ لوگوں کو سوچنا چاہیئے کہ ہم کس قسم کی ہوا میں بود و باش کرتے۔ آیا ہمارے مکانوں کے اندر خوبصورت اوشدھی یکت ہوا آتی ہے یا بدبودار آتی ہے۔ گھر کے اندر کیا کی آمد و رفت کے لئے کھلی کھڑکیاں ہیں یا نہیں انکا وچار ہونا نہایت ضروری ہے۔ گھر کے ساتھ ایک باغیچہ ضرور ہونا چاہیئے جس سے پھولوں کی خوشبو لیتی ہوئی ہوا ہمارے مکان کے اندر آوے۔ اگر ایسا نہیں تو ہر ایک عورت مرد کو لازم ہے کہ وہ ہر روز دو چار گھنٹے جنگل یا کھلی جگہ میں جا کر گذاریں۔

اس منتر میں کہا ہے کہ وایو شنبھو (کلیان کرتا) ہے سکھ کرنے والا ہے۔ ہوسے کے اندر آنند پیدا کرنے والا ہے۔ یہ ذکر شدھ ہوا کہ جسم شدھ کرنا چاہیئے۔

جہاں گلی کوچوں میں ناک بند کر کے جانا پڑتا ہے جہاں روز روشن میں بھی اندھیرا رہتا ہے۔ وہاں کی ہوا کا یہ فکر نہیں ہے۔ ہاں اگر اس وایو کا یہ ذکر ہو سکتا ہے کہ جو وایو جان ہلاک کرنے والی بیماری پیدا کرنے والی۔ عمر کو برباد کرنے والی ہے۔ اس قسم کی نقصان دہ ہوا میں سے جوان بوڑھے لوگوں کو کسقدر دکھ ملتا ہوگا۔ اس کا وچار ہر ایک کو غور کرنا چاہیئے۔ گورو کل جن میں قائم کر کے وہاں بچوں کو بھیجنے سے کیوں فائدہ ہوگا اس کا جواب یہ ہے کہ جن کی ہوا اچھی صحت مند ہوتی ہے اس لئے نوجوانوں کے جسم وہاں ہی اچھے مضبوط اور توانا ہو سکتے ہیں۔

دو قسم کی ہوا

द्वाविमौ वातौ वात आ सिन्धोरा परावतः
दक्षं ते भद्रं आवातु परान्यो वातु यद्रपः ।
मं—१०।१३७।२॥

"یہاں دو ہوا کام کرتی ہیں ایک ہوا سمندر کے اوپر سے آتی ہے اور دوسری زمین پر سے چلتی ہے۔ ایک طاقت کو لاتی ہے اور دوسری بیماری کے بیجوں کو ہٹاتی ہے"

یہ منتر بڑا وچار کرنے کے لائق ہے۔ سب لوگ جانتے ہیں کہ ہوا کا رخ ہمیشہ بدلتا رہتا ہے۔ اگر ہوا کے رخ کے دو حصے کئے جاویں تو ان کے دو حصے ہو سکتے ہیں (۱) سمندر کے اوپر سے آنیوالی ہوا (۲) زمین کے اوپر سے آنیوالی ہوا۔ سمندر کے اوپر کی ہوا صاف تندرست عمر اور طاقت کی بڑھانیوالی ہوتی ہے۔ زمین پر کی ہوا جانوروں کے اجزاؤں سے پُر ہوتی ہے۔ پرماتما نے ایسا انتظام زمین پر رکھا ہے کہ ان دونوں ہواؤں کے ذریعے شہروں کی ہوا صاف ہوتی ہے سمندر کے اوپر آبادی کے نہ ہونے سے وہاں کی ہوا قدرتاً صاف ہوتی ہے اور طاقت دینے والی بھی ہوتی ہے۔ سمندر کا رقبہ زمین کے رقبہ سے دوگنا ہے سمندر کی ہوا دن میں کئی گھنٹے زمین پر چلتی ہے اور اس کی خراب ہوا کو دور کرتی ہے۔ جبوقت وایو کا رخ بدل جاتا ہے اس وقت زمین کی بدبودار ہوا سمندر کی طرف جاتی ہے اور وہاں جا کر صاف ہو جاتی ہے۔ اس طرح دو قسم کی ہوا زمین پر کام کرتی ہے ایک مل کے لینے والی اور دوسری خرابیوں کو دور کرنے والی۔

اگر جسم کی طرف بھی دیکھا جاوے تو یہی کام وہاں بھی چل رہا ہے۔ ناک کے ذریعے یہ ان اندر جاتی اور وہاں کا خون صاف اور تندرست ہو جاتا ہے۔ اور وہاں کی خراب ہوا سانس کے ذریعے باہر پھینکی جاتی ہے۔ ان سانسوں کے ذریعے طاقت بڑھتی ہے اور صحت حاصل ہوتی ہے۔ یہی بات زمین پر بھی نظر آتی ہے۔ یعنی جو ہوا سمندر سے پرتھوی پر آتی ہے وہ جان ہے اور جو پرتھوی پر سے سمندر میں جاتی ہے وہ اپاکی ہے۔ شہر اور نگروں کی سڑکیں اور گھروں کی بناوٹ اسطرح ہونی چاہیئے کہ ان ہواؤں کے بہاؤ کی رکاوٹ کم ہو اور نگر واسیوں کا صحت زیادہ ہو۔ اس وید کے آدیش کی طرف دھیان نہ دینے سے شہروں کی جسمانی تنزلی ہو گی اس میں کچھ شک نہیں۔

दूतो जनानां आ विवेश यः प्रजानां उत देवानां दूत आ विवेश यः ।
मं—१०।१३७।३॥

دیوتاؤں کا قاصد

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہے وایو۔ اوشدھیوں کے اجزاؤں کو ہمارے پاس لے آؤ یا اور ہمارے روگ کے جیوں کو دور کرکے پھینکدو۔ ہے وایو تو ہی سمپورن اوشدھی روپ ہو تو دیوتوں کا دوست بن کر گھوم رہے ہو"
ہوا کے دو کاموں کا ذکر اس سے پہلے ہو چکا ہے (۱) طاقت بڑھانا (۲) نقص اور بیماریوں کے جرمز کو ہلاک کرنا یہ دو کام ہیں۔ یہی سب دوائیوں کا کام بھی ہے مگر یہ کام صرف اچھی اور صاف ہوا کے سیون سے ہی باسانی ہوجاتا ہے۔ جو شخص نیم پورک شدھ ہوا میں رہتے ہیں اور گندی ہوا سے الگ رہتے ہیں انکو دوائی کی ضرورت کم رہتی ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ہوا میں سب دوائیوں کے اجزا شامل ہیں۔ اس لئے وایو کو دشو بھیشج یعنی سب دوائیوں کا مجموعہ (دواخانہ) کہا ہے۔ وایو روپی دوائی خانہ ہر جگہہ موجود رہتے ہوئے بھی اس کا مناسب طریقے سے استعمال نہ کرنا اور تندرست زندگی کے بدلے مریضانہ ایام بسر کرنا یہ کسی کو بھی واجب نہیں
اس لئے سب لوگوں کو چاہئے کہ وہ صاف ہوا کا ہمیشہ سیون کرکے تندرستی کو حاصل کریں
اس منتر میں ہوا دیوؤں کا دوت (ایلچی) ہے ایسا کہا ہے۔ دیو یعنی جو دیوان (عالم) ہوتے ہیں ان کا برتاؤ ملازم اپنے مالک کی حفاظت کرتا ہے اس طرح جو عالم وایو کے وگیان کو جانتے ہیں اور اس وگیان کے مطابق برتاؤ کرتے ہیں۔ ان کا سیوک بنکر وایو ان کی مدد کرتا ہے مگر جو لوگ اس وایو کے وگیان کو نہیں جانتے یا جان کر بھی اس کے مطابق عمل نہیں کرتے ہیں وایو ان کا دشمن جان ہوجاتا ہے اور انکو ہلاک کرتا ہے۔ یہ بات سبکو غور کرنی چاہئے
آخری نوید یہ ہے کہ چونکہ ہوا کا انسانی زندگی کے ساتھ ہمیشہ کا سمبندھ ہے یہ دیکھکر اور اس کے مطابق مناسب برتاؤ کرکے اس کو مفید بنا سکتے ہیں۔ بس اس کو اپنے روبرو رکھکر سب انسان اس وگیان کے عین مطابق عمل کرکے صحت درست کرکے بیماریوں کو دور ہٹا کر۔ جسم مضبوط اور توانا بنا کر عمر اور تندرستی اور خوشی کو بڑھا کر دھرم ارتھ کام اور موکش کی سدھی کرکے اس لوک اور پرلوک میں سکھی بن جائیں

"سو برس کی زندگی حاصل کرنے کی خواہش کرنی چاہئے" اکال مرتیو کو ہٹا کر دیرگ آیو والا بننا چاہئے ادم شم

موقع غنیمت ہے

موقع ملا ہے تم کو کچھ کام کرو کھانا
موقع نہ پھر ملیگا گر سنگ مرو گے
موقع جو کام کا ہے تم کھو لے نہ دینا
گر کھو دیا یہ موقع تو رنج و غم کرو گے
دنیا جسے کہا ہے وہ کارواں سرا ہے
چلنے کو قافلہ ہے تم آہ سو رہے ہو
جب وقت کوچ آیا اسوقت کیا کرو گے
واکر کے چشم عبرت مردی کا دم بھرو تم
گر مالدار ہو تم خیرات خوب کرنا
گر گھر میں تم بڑے ہو گھر کا نباہ کرنا
مردی کی شرط یہ ہے تم چھوڑ دو برائی
منے سو پیشتر کچھ اپنا سدھار کرنا
اور دنکو واسطے ہاں ہو وقف زندگانی
کرتے ہیں سب کی خدمت احسان نہیں جتاتے

مردی کی شرط یہ ہے تم نعم کرو کھانا
یہ وقت کام کا ہے تم کام کب کرو گے
جو کچھ ہے پہلی کرنی ہاں بھول کے نہ دینا
ورنہ سرد حسرت افسوس سے بھرو گے
ہر دم چلا چلی ہے کون اس جگہ رہا ہے
تیار سب ہیں بیٹھے تم وقت کھو رہے ہو
افسوس کیا جئے تم افسوس کیا مرو گے
انجام فرض اپنا دل کھول کر کرو تم
گر عہدہ دار ہو تم دم حکومت کا بھرنا
عزت اگر ہے حاصل نیچی نگاہ کرنا
مردی کی شرط یہ ہے سب کو دھلائی
اور فکر عاقبت کا تم بار بار کرنا
منظور گر ہے دل سے تم کو دوئی مٹانی
حسن ہے اسطرح سے نقش دوئی مٹاتے

موقع ہے یہ غنیمت اس کا خیال رکھنا
ملتا ہے زندگی میں بس ایکبار موقع
غفلت کا وقت کب ہے سونیکا وقت کب ہے
گرم سفر ہیں ساتھی دوون ہے زندگانی
چلنے کو قافلہ ہے تم آنکھ اپنی کھولو
آنکھوں سے دیکھتے ہو سب ہم سفر ہیں جاتے
موقع ہے یہ غنیمت اور وقت ہے غنیمت
کیا غرض ہے تمہارا آؤ تمہیں بتا دو
تن میں اگر ہے صحت بیماروں کی خبر لو
شیریں کلام بولو میٹھی زبان بولو
مانس جنم ہے دربھ موقع ہے یہ غنیمت
لے میرے دوستو ہم خود ہی کو چھوڑ دو
اشجار سبز گلشن خورشید و ماہ تاباں
موقع ملا ہے تجھکو کر تم کام تو بھی

نظر دنیں دوستو تم فکر مال رکھنا
تم ہاتھ سے نہ دینا لے دوستو موقع
یہ وقت کام کا ہے موقع تمہارا اب ہے
دوون کا عیش و عشرت دوون کی شادمانی
بیدار خواب سے ہو اٹھ بیٹھو منہ سے بولو
لے دوستو بنو تم اب نیند کے نہ ملتے
لازم ہے ہوشیاری چھوڑو بھی خواب غفلت
ہاں گوش ہوش کھولو سرخفی سناؤں
سمجھل اگر ہے قدرت بیچارونکی خبر لو
اور بولنے سے پہلے لفظوں کو اپنے تولو
اسوقت لے عزیزو حاصل تمہیں ہے فرصت
تم لوگے کیا دوئی سے چھوڑ دو دوئی کو
دریا ندی سمندر ابر و ہوا و باران
موقع ہے یہ غنیمت کر اپنا نام تو بھی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

آریہ سنتان کیلئے ضروری معلومات کا خاکہ

ایشور۔ ایک ہے جو نراکار۔ اجر امر۔ سروویاپک
سروگیہ۔ نرادھار۔ نت۔ پوتر۔ سرشٹی
کرتا۔ سرو شکتیمان ہے۔
وید۔ رگ وید۔ یجر وید۔ سام وید۔ اتھروید
وید کی ودیا۔ پرا۔ اپرا
اپ وید۔ آیورویدا۔ دھنروید۔ گندھروید۔
ارتھ وید۔
ویدانگ (شاستر) سکشا۔ کلپ۔ ویاکرن۔ نرکت
جیوتش۔ چھند۔
اپانگ (درشن) میمانسا۔ ویشیشک۔ نیائے
یوگ۔ سانکھیہ۔ ویدانت۔
اپنشد۔ ایش۔ کین۔ کٹھ۔ پرشن۔ منڈک۔ مانڈوکیہ
تیتریہ۔ اتریہ۔ چھاندوگیہ۔ برہدارنیک
پران۔ برہم۔ پدم۔ وشنو۔ شو۔ شریمد بھاگوت
نارد۔ مارکنڈے۔ اگنی۔ بھوشیہ۔ برہم ویورت
لنگ۔ وراہ۔ سکندھ۔ وامن۔ کورم۔ متسیہ
گرڑ۔ برہمانڈ۔
برہمن گرنتھ۔ ایتریہ۔ شت پتھ۔ سام۔ گوپتھ
ویگ۔ ست۔ تریتا۔ دواپر۔ کلی
آشرم۔ برہمچریہ۔ گرہست۔ وان پرست۔ سنیاس
ورن۔ برہمن۔ کھشتریہ۔ ویش۔ شودر
اوستھا۔ جاگرت۔ سوپن۔ سوشپتی۔ تریہ
سرشٹی۔ جرج۔ انڈج۔ سویدج۔ اودبھج
دیوتا۔ وسو (اگنی۔ پرتھوی) وایو۔ استرکش۔ آدتیہ
(دیو۔ چندرما۔ نکھشتر)
رودر (پران۔ اپان۔ ویان۔ سمان۔ اودان
ناگ۔ کورم۔ کرکل۔ دیودت۔ دھنجیہ۔ جیوآتما)
آدتیہ (۱۲ مہینے) اندر۔ پرجاپتی
یگیہ۔ سندھیا۔ اگنی ہوتر۔ پتری یگیہ۔ بلی ویشو دیو
اتتھی۔
بھوت۔ اکاش۔ وایو۔ تیج۔ جل۔ پرتھوی
بھوت کے گن۔ شبد۔ سپرش۔ روپ۔ رس۔ گندھ
گیان اندریاں۔ کان۔ حس۔ آنکھ۔ زبان۔ ناک
کرم اندریاں۔ ہاتھ۔ پاؤں۔ جائے پیشاب
جائے پاخانہ۔

گن۔ رجوگن۔ تموگن۔ ستوگن
سمر۔ کھرج۔ رکھب۔ گندھار۔ مدھیم۔ پنچم۔ دھیوت
نکھاد
اپاسنا۔ نرگن۔ سگن
پوجا کے یوگیہ۔ ایشور۔ ماتا۔ پتا۔ آچاریہ۔ مہمان
راجہ
یوگ کے انگ۔ یم۔ نیم۔ آسن۔ پرانایام۔ پرتیاہار
دھارنا۔ دھیان۔ سمادھی
یم۔ اہنسا۔ ستیہ۔ استیہ۔ برہمچرج۔ اپری گرہ
نیم۔ شوچ۔ سنتوش۔ تپ۔ سوادھیائے۔ ایشور
پرنی دھان۔
موسم۔ ششر۔ بسنت۔ گرشم۔ برشا۔ سردی۔ ہیمنت
سورج کی چال۔ اتراین۔ دکھشنائن۔
چال کا وقت۔ ششر۔ بسنت۔ گرشم ان تینوں
موسموں میں سورج کی گتی اتر کی طرف
ہوتی ہے۔ برشا۔ سردی۔ ہیمنت ان میں
دکھشن کی طرف۔
سورج کی راشی۔ میکھ۔ برکھ۔ کرک۔ سنگھ۔ کنیا
تلا۔ دھن۔ مکر۔ کمبھ۔ متھن۔ مین۔ برچھک
سنسکار۔ گربھادان۔ پنسون۔ سیمنتونین۔ جات کرم
نام کرن۔ نشکرمن۔ ان پراشن۔ مندن۔ کرن بیدھ
یگیوپویت۔ سماورتن۔ وواہ۔ گرہست۔ وان پرست
سنیاس۔ مرتک۔
وواہ۔ برہم۔ دیو۔ آرش۔ پرجاپت۔ اسر۔ گندھرو
راکش۔ پشاچ۔
یگیہ۔ اگنی ہوتر۔ بلی ویشو دیو۔ درش پورن ماس۔
نو شیشٹی۔ سمو تسر۔ سرشٹی۔ پرجنیہ۔ ایشٹی
آگنی آنشی طنا۔ چاترماس۔ سوترامنی۔ جیوتشٹوم
اتی راتر۔ پتریشٹی۔ راج سویہ۔ اگنی شٹوم۔
واجپیئے۔ اشومیدھ۔
یگیہ کرتا۔ یجمان۔ رتوگ۔ آچاریہ۔ برہما۔ پروہت۔ ہوتا
ادھوریہ۔ اودگاتا۔ اگنی ہند۔ گرو۔ گرام
شرتا۔ اودگاتا۔
تاپ۔ ادھیاتمک۔ ادھی بھوتک۔ ادھی دیوک
کرم۔ سنچت۔ پرارب دھ۔ کریامان۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

والو شیتل مند سگندہت
خواہش - لوک بڑائی دھن راج استری پتر
دھرم - ویر رج کشما چوری تیاگ دم صفائی
خود ضبطگی عقلمندی زدیا - سچائی -
اکرودھ -
پران - پران - اپان اُدان ویان سمان
لوک تل اتل وتل ستل تلاتل رساتل
پاتال بھور لوک سورگ لوک بھور لوک
ہر لوک جن لوک پتو لوک ست لوک

ودیا - برہم گیان رسائن شرتی کتھا ویدک جیوتش
ویاکرن دھنر ودیا نیرنا ستگیت ناٹک
گھوڑے کی سواری سوک شاستر چوری چترائی
سپت رشی - وشسٹ اتری کشیپ وشوامتر
بھاردواج جمدگنی گوتم -
رس - کڑوا تیز کھٹا میٹھا پھیکا نمکین
پرتھوی جل ہوا اگنی اکاش اہنکار
مہاتتو پرکرتی

برج لعل عاجز

اپنے آپکو بدل ڈالو

سال بدلا ہے - رنگ بدلے ہیں رُت بدلی ہے - تم بھی اپنے کو بدل ڈالو صرف خیالات ہی کو بدل دینے سے آپ کا سب کا سب کچھ بدلا جائیگا -

تم خیال کرو کہ تمام حیوان بھی بھوگ کرتے ہیں اولاد پیدا کرتے ہیں - کھاتے ہیں - پیتے ہیں پھر اگر انسان ہو کر تم بھی شب و روز ان کی طرح اپنی زندگی برباد کئے جاؤ گے تو تم میں اشرف المخلوقات کی فضیلت ہی کیا ہوئی - پس ہر وقت تم خیال کرو کہ ہم انسان ہیں ہم عجیب و غریب علوم و فنون حاصل کرینگے ہم دنیا میں رہ کر وہ وہ کمالات حاصل کرینگے کہ دنیا میں ہمیشہ ہمارا نام زندہ رہیگا - چنانچہ ایسا ہی خیال مضبوط کئے جاؤ گے تو ایک دن بالضرور تم نہایت اونچے شان کے انسان بن جاؤ گے اور تمام حیوانی خیالات تمہارے طرح دل سے ڈھل جائیں گے -

تم خیال کرو کہ جب تم میٹھی نیند میں ہوتے ہو اس وقت کوئی بھی دنیاوی شے تمہاری راحت کا باعث نہیں ہوتی - مگر تم نہایت ہی اعلا سرور پاتے ہو - پس تم کو سوچنا چاہیئے - کہ دنیا کی نعمتوں میں اصلی لطف نہیں ہے - بلکہ تمہارے آپ میں ہے اور خیالات کے یکسو کرنے میں حقیقی راحت ہے - تم خیال کرو کہ رشوت حرامکاری شراب چوری جوا وغیرہ کے کام کرتے وقت تم کو عوام سے شرم اور خوف آتا ہے خود تمہارے اندر والا ایسے کام کرتے وقت کانپتا ہے پس ایسی بدکاریوں سے ہر وقت دور رہنا ہی تمہارا دھرم ہونا چاہیئے -

تم کو یاد کرنا چاہیئے - یوگ مسمریزم جادو وغیرہ ہر طرح کی طاقتیں خیال ہی کے مضبوط تصور سے حاصل ہوتی ہیں اس لئے تم بھی جیسا چاہو بن سکتے ہو - لیکن ہر وقت تمہیں یہ بھی پختہ خیال رکھنا چاہیئے - کہ جب تک بادل گرجتے رہتے ہیں وہ ہرگز نہیں برس سکتے - لہذا تم بھی فقط بزرگوں کی تعریفیں کرنے اور گیت گاتے رہنے سے "پدرم سلطان بود" کہنے سے خاندانی اور بڑے آدمی نہیں بن سکتے بلکہ ان کے خیالات کے مطابق اپنے خیالات اور آچرن بنالو تو ویسے ہی بن جاؤ گے -

نہایت اونچا نشانہ اپنے روبرو رکھو یعنے تمہارا عزم بلند ہونا چاہیئے مگر سیڑھی سیڑھی استقلال سے دنیا کا سفر طے کرو - بے پایان حوصلہ اور نہایت مضبوط اپنا خیال ایک کام کی تکمیل میں لگا دو - پھر دیکھ لینا کہ جس کام کو پورا کرنا چاہو گے آناً فاناً مکمل کرنا تمہارے بائیں ہاتھ کا کھیل ہوگا - خبردار آئندہ عمر بھر بھی ناپاک گندے ناشکتا سے بھرے اور کمزور کرنے والے خیالات کو اپنے نزدیک نہ آنے دو - بس یہی معمہ ہے - کہ جس سے تم اپنے آپ کو بدل سکتے ہو -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کیا آریہ سماج کوئی پولیٹکل جماعت ہے

(مسٹر ای - اے - سایچ منٹ صاحب آئی - سی - ایس سپرنٹنڈنٹ مردم شماری ۱۹۱۱ء نیگسٹ پرانت کی رائے)
(مرسلہ مالک رام سبھا سد آریہ سماج پریاگ)

بہت دن ہوئے آریہ سماج پر یہ دوش لگایا گیا تھا کہ وہ ایک خالص پولیٹکل جماعت ہے جس کے اغراض و خیالات مشتبہ ہیں حال میں یہہ الزام بہ نسبت پہلے کے زیادہ اصرار کیساتھ پھر دوہرایا گیا ہے تین عنوان اس الزام کے معلوم ہوتے ہیں۔

اوّل یہ کہ کئی مشہور آریہ سماجی پولیٹشن ہیں اور اُن کی رائیں شک و شبہ سے پاک نہیں ہیں

دوم - یہ کہ آریہ سماج نہایت دور کے ساتھ گئو رکشا کی تحریک کا حامی ہے

سوئم - یہہ کہ آریہ سماج دوسرے مذاہب پر بہت ہی حملہ کرتا ہے۔

پہلی بات بے شک صحیح ہے - آریہ سماج کی جماعت میں کئی آدمی اچھی یا بُری شہرت کے ملکی معاملات میں حصہ لینے والے موجود ہیں ایک دفعہ تو ایک پوری سماج ہی پر پولیٹکل جماعت ہونے کا الزام لگایا تھا اور نیز یہہ کہ اُس کے اغراض مخفیانہ تھے (غالباً پٹیالہ سماج سے مراد ہے جو انکوری کریا سے بعد میں قطعی نردوش ثابت ہوا - مترجم) نیز کچھ شک نہیں ہے کہ اپدیشک لوگ جب دیہات کے شردھالوں کو دیانند کی فلاسفی کے ہاضمہ کے قابل نہیں پاتے تو وہ ایسا طریقہ اختیار کرتے ہیں جس کی بہت کم مماثلت ہو اور بجائے (دھرم اوپدیش کے) پولٹیکل معاملات کی جانب رجوع ہو جاتے ہیں اور کبھی کبھی کچھ جاسوس یہ خفیہ کام کرنے والے آریہ سماج کے جاسوسی کا لقب بھی لیتے ہیں حالانکہ دراصل وہ ایسے نہیں ہوتے یا زیادہ تر کسی خاص پولٹیکل آدمی کے جاسوس ہوتے ہیں جو کہ آریہ سماجی بھی ہوتا ہے - فی الحقیقت کوئی شک نہیں ہے کہ سماج کا سدھانت ریش ہت یا حب الوطنی کا پہلو لئے ہوئے ہے - جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے - آریوں کا سدھانت اور آریوں کی تعلیم ایک سوامنے پراچین بھارت کے مہما کو کاتی ہے اور ایسا کرنے سے اپنے شاستروں کے جاتیہ ابھیمان کو جگاتی ہے جن کو یہ اوبھو کرنے کے لئے طیار کیا ہے کہ اون کے دیش کا اتہاس محض ایک لگاتار ذلت کا افسانہ نہیں ہے - حب الوطنی اور پولٹیکس مترادف (الفاظ) نہیں ہیں لیکن قومی معاملات میں توجہ کی بیداری قومی ابھیمان کی بیداری کا قدرتی نتیجہ علاوہ ازیں انسان کے جس آدرش کے لئے آریہ سماج کا سدھانت اپیل کرتا ہے - وہی ہے جس کے لئے پولٹیکس بھی اپیل کرتا ہے۔

اس لئے تعجب نہیں اگر آریہ سماج میں پولیٹکل خیال کے بھی لوگ ہیں لیکن اس سے یہہ نتیجہ نکالنا ناممکن ہے کہ آریہ سماج بہ حیثیت مجموعی کوئی پولٹیکل جماعت ہے - سماج نے ابتدا ہی سے متفقہ طور پر یہ اعلان کر دیا ہے کہ پولٹیکس سے اوس کا سمبندھ نہیں ہے مختلف اوپ نیموں میں اس اصول کو رکھا ہے اپنے ممبروں کو پولٹیکل معاملات میں حصہ لینے سے منع کیا ہے اور جب جب ضرورت ہوئی اون (ممبروں) کے (پولٹیکل) کاموں سے تعلق سے علانیہ لفظوں میں انکار کیا۔

ابھی حال (۱۹۱۰ء) میں پنڈت منشی رام اور رام دیو نے ایک کتاب موسومہ "آریہ سماج اینڈ اِٹس ڈٹریکٹرس" شایع کی ہے جس میں سماج کی اس الزام سے بریت کی کوشش کی گئی ہے اور میرے خیال میں اوس میں کامیابی کے ساتھ سماج کے خلاف دلائل مندرجہ بالا کی چھان بین کی گئی ہے یہ سچ ہے کہ درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اور جماعت اپنے ممبروں کے فعل سے .....
تاہم مجھے یہ بہت ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ
بہ حیثیت مجموعی آریہ سماج کے کاموں اور
اوس کے ممبروں کے ذاتی کاموں یا زیادہ
سے زیادہ اوس کی سبھاؤں کی ذاتی کاموں
(گو زیادہ تر سبھائیں اپنے مرکزی سبھا کے
موافق کام کرتی آتی ہیں) کے درمیان ایک حد
فاصل قرار دیا جاوے۔

۱۹۰۱ء میں مسٹر برن صاحب (صوبجات
متحدہ کی پچھلی مردم شماری کے سپرنٹنڈنٹ) نے
لکھا تھا کہ "یہ صحیح ہے کہ آریہ لوگ پولیٹیکل خیال
کے بھی ہیں لیکن یہ امر کہ چونکہ وہ آریہ ہیں۔
اس لئے ایسے ہیں ایک ایسا مسئلہ ہے۔ جو
بدرجہ غایت مشکوک ہے" اب دس برس کے
بعد بھی اس رائے میں تبدیلی کی ضرورت
نہیں معلوم ہوتی بجز اس کے کہ شاید کوئی
اس بات کو اس سے بھی زیادہ نا صاف لفظوں
میں ظاہر کرے اور یہ اضافہ کر دے کہ
آریتو (آریہ ازم) اپنے سوبھاؤ سے لوگوں
کو اوسی بات کی اپیل کرتا ہے جس کی کہ
پالیٹکس کرتا ہے اور ایسے آدمی ڈھالتا ہے جو
غالباً قومی معاملات میں کچھ دلچسپی لیں"۔ لیکن
اس قدر کہہ کر کچھ اور نہیں کہا جا سکتا بہر حال
آریہ سماج بہ حیثیت مجموعی کوئی پولیٹیکل جماعت
نہیں ہے اور نہ سب آریہ سماجی پولیٹیکل خیال
کے ہیں اور جو آریہ سماجی پولیٹیکل خیال کے
بھی ہیں وہ ایسی رائیں رکھنے کے لئے مجبور
نہیں ہیں یا وہ ضروری ایسی رائیں نہیں
رکھتے جو سرکار کی وفاداری کے خلاف رہنمائی
کرتا ہو[1] یہ ہے سپرنٹنڈنٹ صاحب مردم شماری
کی تحقیقات کا آخری فیصلہ جن سے بڑھ کر اس
معاملہ میں کوئی کیا کرید کرے گا اور جو ایک
یوروپین سوبلین اور گورنمنٹ کے (اگزیکٹو انتظامی
صیغہ) کے ایک ذمہ دار افسر ہیں)

دوم۔ گئو رکھشنی سے تعلق رکھنے کی وجہ
سے جو لوگ آریہ سماج کو پولیٹیکل جماعت ہونے
کا الزام لگاتے ہیں اوس کے متعلق سپرنٹنڈنٹ
صاحب کے طول طویل تحریر کا خلاصہ یہ ہے کہ
آریہ سماج کے بانی نے ہندوؤں کو ملانے اور
اُن کی ہمدردی حاصل کرنے کے لئے گئو رکھشا
کی حمایت کی ہے اور اکانومک یا اقتصادی
دلایل سے اس پر زور دیا ہے" سپرنٹنڈنٹ
صاحب کی یہ رائے آریہ سماج کے لئے کہاں
تک قابل تسلیم ہے یہ ایک علیحدہ سوال ہے
جس پر اس موقع پر بحث کرنے کی گنجایش نہیں
ہے بلکہ یہ دیکھنا ہے کہ اس پہلو کو لے کر
اصل معاملہ (یعنی آریہ سماج کے پولیٹیکل ہونے
کی بابت اون کی تحقیقات کا نچوڑ کیا ہے لکھتے
ہیں کہ "اگرچہ غیر ذمہ دار ہاتھوں میں پڑ کر
گئو رکشنی کی تحریک ایک پولیٹیکل ہتھیار بن
جاتی ہے اور اکثر اس طرح سے اس کا استعمال
کیا گیا ہے لیکن پھر بھی ہندوؤں کی غالب رائے
کے اعتبار سے وہ ایک نہایت صاف اور
سادہ مذہبی معاملہ ہے۔ بے شک کچھ آریہ
سماجی اس کو بطور پولیٹیکل ہتھیار کے استعمال
کرتے ہیں مگر سماج بہ ہیئت مجموعی ایسا
ہرگز نہیں کرتا اور نہ اوس (گئو رکشا)
کی حمایت کرنے والے سب آریہ سماجی
ایسا کرتے ہیں"

سوئم۔ اس سلسلہ میں تیسری بات یہ ہے کہ
عیسائیت پر حملہ کرنے میں آریہ سماج کہاں
تک برٹش گورنمنٹ پر حملہ کرتا ہے؟

سپرنٹنڈنٹ صاحب فرماتے ہیں کہ اس امر سے
انکار نہیں ہو سکتا۔ کہ آریہ سماج کا برتاؤ
دیگر مذاہب کے ساتھ قابل اعتراض ہے سوامی
دیانند نے اپنی کتابوں میں اون پر حملے کئے
ہیں اور بعدہ آریہ مصنفین نے اوس کی
پیروی کی ہے۔ نیز یہ کہ آریہ سماج کو
عیسائیت سے خوف ہے اور سوامی دیانند
کو بھی خوف تھا۔ چنانچہ برہمو سماج پر اونہوں
نے اسی لئے اعتراض کئے ہیں کہ اوس کا
رشتہ عیسائی مذہب سے ہے اور اس خیال

[1] اس پر سپرنٹنڈنٹ صاحب کا ایک فٹ نوٹ ہے کہ "۲۵ سال
پہلے عیسائی بھی آریہ سماج سے ڈرتے تھے" (حالانکہ نامہ
نگار کی رائے میں اب بھی ڈرتے ہیں بلکہ پہلے سے زیادہ)
اور کہتے ہیں کہ میں نے عیسائی مشنری کا ایک پرانا ٹریکٹ پڑھا
ہے جس میں اس قدر تو سخت حملے آریہ سماج پر نہیں کئے گئے
جتنا کہ آریہ سماج عیسائیت پر کرتا ہے۔ مگر حملے میں اوسی
ہی ڈھنگ کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سے بھی اون کو خوف تھا کہ بدیشی سمپر دائے کا کلاً یا جزاً پیرو ہوجانا اوس جاتیہ بھاؤ کے لئے مضر ہوگا جس کو وہ قایم کرنا چاہتے تھے لیکن اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ بہر حال اس راے کے قایم کرنے کے لئے کوئی وجہ نہیں ہے کہ عیسائیت پر حملہ کرنے میں دیانند کی کچھ بھی منشا برٹش گورنمنٹ پر حملہ کرنے کی رہی ہو اور اگر وہ اور اوس کے پیرو عیسائیت پر حملہ کرتے ہیں۔ تو وے ہندو دھرم اور اسلام پر بھی کچھ اوس سے کم نہیں کرتے۔ سماج کے حملے چاہے کیسے ہی قابل اعتراض کیوں نہ ہوں لیکن یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ اون کے کرنے میں سوائے دھرم پرچار کے منشا کے بجیشیت سماج کی کچھ اور غرض ہو گو یہہ ہے کہ کچھ اوس کے ممبر ایسا کرتے علاوہ اوس (دھرم پرچار) کے اور یا پولٹیکل غرض بھی رکھتے ہیں آخیر میں سپرنٹنڈنٹ صاحب اونہیں باتوں کو دوہرا کر جو اونہوں نے لکھ آئے ہیں۔ صاف الفاظ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ آریہ سماج اودیش پولٹیکل نہیں بلکہ دھارمک اور سوشل ہے"

زرین کلمات

۱ چرا خود را اسیر غم ز فکر بیش و کم داری
مشو بیدست و پا از مفلسی و بیکسی ہرگز
کہ گذارد ترا محتاج ایزد تا کہ دم داری
مگر نشنیدہ بیدل خدا داری چہ غم داری"

۲ دنیا کا مزا فقط زبانی نکلا
سامان سرور عیش فانی نکلا
چاہا تھا کہ ہاتھ دھوئیں دنیا سے دبیر
اتنا بھی نہ اس کنوئیں میں پانی نکلا

۳ ذرے ذرے میں ترا حسن سراپا دیکھا
تیری کثرت میں بھی وحدت کا تماشا دیکھا
ڈھونڈنے والے تجھے کوہ بیابان میں گئے
ہم نے تجھے دل میں ہی بیٹھا دیکھا

۴ شان دنیا میں تری ہم نے نرالی دیکھی
خلق ساری تیرے در پہ ہی سوالی دیکھی
اور دیکھا ہے جسے کبر و غا کا بندہ
اک فقط ذات تیری عیب سے خالی دیکھی

۵ دنیا دریا ہے اور ہوس طوفان ہے
مانند حباب ہستی انسان ہے
لنگر ہے جو دل تو ہر نفس باد مراد
سینہ کشتی ہے ناخدا اپنا جان ہے

۶ کیا قدر زمیں کو آسماں کے آگے
جھکتے ہیں قوی بھی ناتواں کے آگے
نرمی سے مطیع سنگدل ہوتے ہیں
دندان صدف بستہ ہیں زباں کے آگے

۷ کیوں زر کی ہوس میں در بدر پھرتا ہے
جانا ہے تجھے کہاں کدھر پھرتا ہے
اے مدری پیری میں ہوس دنیا کی
تھک جاتے ہیں جب پاؤں تو سر پھرتا ہے

۸ ساتھ جاتا نہیں کچھ جز عمل نیک انیس
اس پر انسان کو ہے خواہش دنیا کیا کیا

۹ لکھی کی ایک طرح پر بسر ہوئی نہ انیس
عروج مہر ہی دیکھا تو دوپہر دیکھا

۱۰ زمانہ ایسا بگڑا ہے کہ خود اپنا چلن بگڑا
زبان بگڑی تو بگڑی تھی خبر لیجئے دہن بگڑا

۱۱ دنیا دیکھو تو بگڑی کس قدر حالت ہماری ہے
روش بگڑی چلن بگڑا ہمارا پیرہن بگڑا
جنگل دیکھا ہے اور بستی دیکھی
ہر حال میں ہر ایک کی مستی دیکھی

۱۲ دنیا وہ جا کہ حق پرستی کی بجا ہے
ہم نے اے مہر خود پرستی دیکھی
دنیا میں برا ہے کوچ کا روگ سمجھ
قسمت سے ملا کرتے ہیں یہ لوگ سمجھ
ہے مجمع احباب غنیمت اے مہر
تو اس کو ندی ناؤ کا سنجوگ سمجھ

۱۳ جوانی کا ہے اور صحت بھی پائی ہوئی
دیدے ہو گیان سے بھی چمکائی ہوئی
جو سدا چاری پھلو کے دھیان میں لین
کہدو عاجز اس کی ہے تقدیر بن آئی ہوئی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک خوش نصیب جوڑا

نصف رات گذر چکی ہے رات ایسی اندھیری ہے
ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا سب پرانی چپ چاپ
اپنے اپنے آرام میں بے خبر سوئے پڑے ہیں
چاروں طرف خموشی کا عالم ہے اس وقت شانتی
دیوی کا دنیا پر راج ہے پرندوں کے پھڑکنے
تک کی آواز بھی نہیں آتی پرند چرند کیڑے مکوڑے
سارے دن کی محنت کے بعد اس وقت عالم
فیہا کی سدھ سے بے سدھ ہو کر اپنے اپنے
شبستانوں میں پڑے نیند کے مزے لے رہے
ہیں - مگر انسان - پاپی انسان اس وقت بھی
پاپ کرنے کے لئے جاگ رہا ہے اس اشرف
مخلوقات کی سیہ کاریوں کو دیکھ دیکھ کر ستارے
شرم کے مارے آنکھیں جھپک رہے ہیں - شہر میں
اس وقت کسی بیمار کی ہائے ہائے کی صدا کان میں
آتی ہے پولیس مین کی لاٹھی کی کھٹ سے کتے
چونک کر بھونکنے لگ جاتے ہیں اور لوگوں
کی نیند حرام کر دیتے ہیں شہر کے باہر تو ایسا
گھٹا ٹوپ اندھیرا چھایا ہے کہ دو قدم بھی نظر
آرام نہیں دیتی - ہاں ایک پہاڑی پر ہلکی سی
روشنی کی کرن دکھلائی دیتی ہے چلو ذرا اس طرف
چل کر دیکھیں کہ یہاں کیا ہے ؟

پہاڑی کی چوٹی پر ایک بڑا خوبصورت بنگلہ
ہے جس کی سب سے اوپر کی چھت پر ایک دیوی
اور ایک مہاشے کرسیوں پر بیٹھے اپنے اپنے کام
میں محو ہیں ان کے سامنے ایک میز پر لیمپ جل
رہا ہے میز پر کچھ کتابیں اور لکھنے کا سامان پڑا
ہے - میز کے پاس ہی ایک قیمتی دوربین اور
ایک فوٹو کا کیمرہ بھی رکھا ہوا ہے -

اس مہاشے کا نام ودیا دھر اور دیوی کا
نام شریمتی پریم کلا ہے - مہاشے ودیا دھر ممالک
متوسط کے رہنے والے ہیں انہوں نے امریکہ اور یورپ
میں قریباً دس سال خرچ کر کے علم نجوم میں
اپنی مہارت حاصل کر لی ہے کئی ڈگریاں اور
تمغہ جات بھی اپنی علمیت کے باعث لے چکے ہیں
چنانچہ آپ رائل سوسائٹی کے ممبر بھی ہیں ان
کی دھرم پتنی پریم کلا بھی تین سال ولایت رہ کر کچھ
لکھ پڑھ آئی ہے یہ خوش نصیب جوڑا بڑا مضبوط
اور باعمل آریہ ہے - اس آدھی رات کے وقت
جبکہ چاروں طرف نیند - موہ اور پاپ اور
اندھکار کے نظارے موجود ہیں - یہ دونوں
علم نجوم کے تجربوں میں محو ہیں کبھی تو مہاشے
ودیا دھر دوربین کے ذریعے تاراگن کو دیکھتے
ہیں اور پریم کلا جھٹ دوربین میں ستاروں کے
پڑے عکس کا فوٹو لے لیتی ہے - کبھی تاراگن
کی راس وغیرہ کو نوٹ بکوں میں لکھتی جاتی ہے
اور کبھی مختلف کتابوں سے حوالہ جات لے کر
ان کے زاویوں خطوں وغیرہ سے ودیا دھر
جی کو مطلع کرتی ہے -

کام کرتے کرتے ایک بج گیا کام سے ہاتھ اٹھایا
گیا اور مہاشے ودیا دھر نے اپنی استری کو
کہا -

ودیا دھر - پیاری! آپ نے سورج کے داغوں
کی فوٹو جو پرسوں اتوار کے دن لی تھی وہ دو
دن تک تیار ہو جاوینگی کہ نہیں ؟

پریم کلا - پران پتی! کل شام کو میں نے وہ فوٹو
بالکل تیار کر لئے تھے آپ بے فکر رہیں -

ودیا دھر - اتنی جلدی !

پریم کلا - پیارے جی! ہاں - اصل میں میں نہیں
چاہتی کہ آپ کو ایک سیکنڈ کے لئے بھی کوئی چنتا
کرنے دوں اور میرا اس میں قصور یہی ہے - کہ میں
نے آپ کو کل نہیں بتلایا تھا سو آپ کرپا کر کے
مجھے معاف کریں -

ودیا دھر (مسکراہٹ سے معاف کر کے) دیکھو
آسمان بالکل صاف ہے تاراگن کی رونق کو دیکھ کر
دل خواہ مخواہ بھگوان کی بھگتی کی طرف کھنچا
جا رہا ہے -

پریم کلا - سوامن - منگل (ستارہ) کی شوبھا اور
ہماری زمین کے ساتھ اس کے نظارہ کو دیکھ کر
"چھترم دیوانا تدگاد نکم" منتر یاد آتا ہے
انیک زمینوں کے بنانے والے بھگوان ہمارے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پریم سوروپ پتا ہیں یہ وچار کر کے میری آنکھوں سے آنسو نکل پڑتے ہیں

ودیا دھر۔ اچھا پیاری اب اس وقت ایک بج گیا ہے آپ جا کر سو جاویں۔ میں نے ابھی ستاروں سیاروں کی چالوں کی ایک فہرست تیار کرنی ہے جو کہ جلدی ہی رائل سوسائیٹی کو بھیجنی ہے دو تین گھنٹے میں کام ختم کر کے میں بھی سو جاؤں گا۔

پریم کلا۔ پران ناتھ! اس فہرست کی کیا بات ہے آپ آرام کیجئے میں آپ ہی اس کو لکھ لوں گی دو تین دن سے آپ کی نیند خراب ہو چکی ہے سارا دن آپ پڑھائی کا اتنا کام کرتے ہیں آج تیسری رات ہے کہ آپ دوربین کے ذریعہ اتنی محنت کر رہے ہیں آپ میری پرارتھنا قبول کریں۔ آپ سو جاویں۔

ودیا دھر۔ آپ کو بھی تو سویرے ساڑھے چھ بجے اپنے گھر کے اسپتال میں محلہ کے مریضوں کو دیکھنے کے لئے جانا ہے۔

پریم کلا۔ میرے ہردے کے مالک۔ میں آپکی آرد ھنگی ہوں ویدک دھرم ہمیں سکشا دیتا ہے کہ پتنی اپنے پتی کے کام اور یگیہ میں حصہ لیوے کیا میرے لئے یہ ناقابل برداشت دکھ اور ادھرم نہ ہوگا۔ کہ آپ کی اس سخت محنت میں کوئی حصہ نہ لوں؟ اور آپ کی تکان کو جو ایک غیر معمولی کام کے بوجھ سے بڑھ گئی ہے ہلکا کرنے میں مدد نہ دوں؟ آپ کوئی فکر نہ کریں میں ساڑھے چھ بجے اسپتال میں ضرور پہونچ جاؤنگی آپ اب جا کر آرام کریں۔

ودیا دھر۔ اچھا جو آپ کی یہی مرضی ہے تو میں جاتا ہوں۔ نمستے

اتنا کہہ کر مہاشے ودیا دھر چلے گئے اور پریم کلا اپنے پتی کی محبت میں سرشار ہو کر دگنی طاقت حاصل کر کے فہرست تیار کرنے لگی۔ اس کام میں ساڑھے تین بج گئے۔ کام ختم ہو گیا۔ اتنے میں دیوی کو پاؤں کی چاپ سنائی دی۔ پریم کلا نے سر اٹھا کر دیکھا تو دیوی دروپتی آ رہی تھی یہ دیوی کچھ دنوں سے پریم کلا کے مکان پر ٹھہری ہوئی تھی۔ پریم کلا اس کو آتے دیکھ کر اٹھ کھڑی ہوئی اور نمستے کر کے بیٹھنے کے لئے پرارتھنا کی۔

دروپتی۔ بہن جی! آپ کے ساتھ ایک بات کرنی ہے۔

پریم کلا۔ بہت اچھا۔ لیکن اگر آپ مجھے دو منٹ کے لئے اجازت دیں تو پتی جی کے کام کو ختم کر کے سنبھال لوں۔

دروپتی جی نے کہا ہاں آپ اس کو پورن کر لیں

پریم کلا نے جھٹ پٹ ان کاغذوں کو سنبھال کر الماری میں بند کر کے دروپدی سے کہنے لگی کہ آپ آگیا کریں کہ کیا بات ہے؟

دروپدی۔ اول تو یہ بتلائیے کہ آپ اس وقت اور آنند کے وقت لکھنے کے بکھیڑے میں کیوں پڑی ہیں۔؟

پریم کلا۔ بہن جی۔ میں نے عرض کی کہ یہ پتی کا کام تھا یوں تو میں ان کے ساتھ ہر رات بجے تک اس نجوم کے کام میں شامل رہتی مگر سوامی جی دو دن سے تھکے ہوئے تھے اس لئے مجھے زیادہ دیر تک بیٹھنا پڑا۔

دروپدی۔ مگر عورتوں کا کام تو رسوئی اور بال بچوں کی پرورش کرنا ہے آپ بھی بابو بن بیٹھی ہیں کیا؟

پریم کلا۔ بہن جی وید کا حکم ہے کہ جس طرح پانی کے ساتھ پانی مل کر ایک ہو جاتا ہے ویسے ہی پتی اور پتنی کے دل مل کر ایک ہو جاویں ان کے سنکلپ و کلپ ایک ہو جاویں گھرست آشرم تب ہی سورگ دھام بن سکتا ہے جب پتنی اور پتی کی خواہشات ایک دوسرے سے پورا میل کھاتی ہوں۔ جہاں وچار میں فرق ہے وہاں مخالفت ہے اگر پتی غیر ملکوں میں جانے اور وہاں کے حالات اور رسم و رواج کو دیکھنے کا شوق ہو اور پتنی کو اپنے گاؤں کے گھر میں بیٹھکر صرف اور تکلا ہی سوجھتا ہو تو آپ خیال کر سکتی ہیں کہ ایسے گھر میں کتنی کھٹ پٹ اور کل رہیگی۔ آپ دیکھیں کہ میرے پتی جی علم نجوم کے استاد ہیں ان کے سنکلپ تارا گن کی تک ہیں۔ لیکن اگر میرے وچار کی اور روٹی تک ہی محدود رہیں تو کیا ہماری خواہشات کبھی ایک ہو سکتی ہیں جبکہ زمین اور آسمان کا فرق ہو۔ اس لئے پتی مجھے علم نجوم کا دان دینا ضروری سمجھا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دروپدی - آپ کو یاد ہوگا کہ میں اور آپ پندرہ برس کی عمر تک سہیلی رہیں - اور مجھے وہ دن بھی یاد ہے کہ جبکہ آپ اور میں اکٹھی بیٹھ کر آدھی رات تک چرخہ کاتا کرتی تھیں - اب مجھے دیکھکر بڑا تعجب ہوتا ہے کہ آپ نے دس بارہ سال میں اتنی ترقی کیسے کر لی ہے

پریم کلا - آپ کو یاد ہوگا - کہ میرا بیاہ چودہ برس کی عمر میں ہو گیا تھا - میرے پتی تو انٹرنس میں پڑھتے تھے مگر میں بالکل اَن پڑھ تھی - پتی جی کا ان دنوں میں بھی جیوتش ودیا اور پرماتما کی بھگتی میں بڑا دھیان تھا - مگر میں اِن باتوں کا خیال تک بھی نہ کر سکتی تھی اِس لیئے ہم میں دن بدن تفاوت ہوتا گیا - انٹرنس پاس کر کے پتی جی نے سوچا کہ ہماری زندگی تب ہی بآرام گذرے گی - اگر میں اپنی استری کو پڑھاؤں اس لیئے امتحان میں پاس ہوتے ہی مجھے چپکے سے ایک دور شہر میں گھر سے نکال کر لے گئے -

دروپدی ! (حیران ہو کر) این ! نکال کر لے گئے !!!

پریم کلا - ہاں - کیونکہ ہمارے گھر کے دوسرے نزدیکی رشتہ دار بھلا اس کام میں کیوں رضا مند ہوتے - پتی جی نے مجھے تعلیم دینی شروع کی اور ہم دونوں نے اِس تعلیم کے زمانہ میں بارہ برس تک برہم چرج رکھا -

دروپدی - برہم چرج رکھا ؟ بہن مجھے تو آپ کی بات پر یقین نہیں آتا اس کا کیا مطلب ہے ؟

پریم کلا بہن جی - اگر ہم برہم چرج کے برت کو نہ رکھتے تو اولاد پیدا ہو جاتی پھر دونوں کے لیئے پڑھنا پڑھانا مشکل ہو جاتا - ہم رات کو علیحدہ جگہوں پر سوتے تھے اور ہم دونوں نے اس پر مضبوط رہنے کا پکا ارادہ کر لیا تھا - ہم بیکار کبھی نہیں بیٹھتے تھے اور من کو کبھی خالی نہیں رہنے دیتے تھے - بلکہ ہر وقت کوئی گہرا وچار یا کوئی مشکل سبق پڑھتے تھے - پتی جی رات کو بات چیت بھی بہت کم کیا کرتے تھے - پرماتما کی موجودگی کو ہر جگہ پر محسوس کرنے کی کوشش کرتے تھے اور ویا یام وغیرہ کے بڑے پابند تھے ہم ہر وقت اس خیال میں رہتے تھے کہ ہم میں کوئی بُرا یا گندہ خیال بھی نہ پیدا ہو اگر کوئی ایسا ہوتا بھی تھا تو ہم اُسے اپنی ڈائری میں نوٹ کر لیتے اور اپنے آپ کو تنبیہ کرتے اور آئندہ ایسے خیالات سے دور رہنے کے لیئے پرماتما سے پرارتھنا کرتے تھے -

دروپدی - ہاں ایسے سادھنوں سے تو برہم چرج رہ سکتا ہے خصوصاً جب پتی اور پتنی دونوں مستقل ارادہ والے ہوں اچھا تو آپ نے تعلیم کس طرح حاصل کی ؟

پریم کلا پہلے دو برس تک تو پتی جی نے ملازمت کر کے مجھے اپنے پاس ہی رکھا اور ہر روز ۶ گھنٹہ پڑھاتے رہے ان کا جتنا وقت دفتر سے بچتا تھا اپنے نت کرموں کو چھوڑ کر باقی سارا میری تعلیم میں خرچ کرتے تھے - انہوں نے اسے اپنی زندگی کا سب سے بڑا کام سمجھ لیا تھا - اس لیئے دو سالوں میں ہی میری لیاقت مڈل تک کی ہو گئی اس کے بعد پتی جی کو ایک بڑی اچھی ملازمت مل گئی - انہوں نے مجھے مہادویالیہ آشرم میں داخل کرا دیا جہاں میں پانچ سال تک پڑھتی رہی پتی جی اس وقت آپ بھی علم نجوم کے متعلق کتب پڑھتے رہے دو سالوں کے بعد وہ تو بہت سی دولت جمع کر کے امریکہ کو چلے گئے اور مجھے یہاں سکول ہی میں چھوڑ گئے -

دروپتی - بہن بتا تو سہی اتنا دھن کہاں سے لیا - ؟

پریم کلا - صرف اتنا روپیہ تھا جو سفر کے لیئے ہی کافی ہو اور وہ کچھ تو اپنی کمائی سے اور کچھ دوستوں سے لیا - امریکہ میں جا کر وہ آپ روپیہ کمانے لگے - اور دو سال میں انہوں نے اتنا روپیہ جمع کر لیا کہ جس سے تین سال تک وہ وہاں کے کالج میں پڑھ سکیں ایک سال وہ پھر روپیہ کما کر انگلستان گئے اور وہاں پہنچ کر مجھے بھی منگوا لیا اور تین سال تک ایک لڑکیوں کے کالج میں پڑھوایا

دروپدی - بہن جی آپ نے واقعی بڑی ہمت کی - مگر مجھے ایک شک ہے کہ ولائتی لوگوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کے ساتھ کھانے سے آپ نے مہا پاپ تو نہیں کیا؟

پریم کلا۔ پاپ کیسا؟ کالج کے لوگ واقعی بہت گوشت کھاتے ہیں مگر کیا ہمارے دیش کے ہندو لوگ مانس نہیں کھاتے۔ بنگال میں تو عموماً استریاں بھی گوشت کھاتی ہیں اور وام مارگی جو بھارت ورش میں بہت سے پائے جاتے ہیں۔ مانس بھوجن کو مکتی کا ایک ذریعہ سمجھتے ہیں۔ کیا ولایت والے ان سے بھی گئے گذرے ہیں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک ہی ہندو گھر میں ایک بھائی مانس کھاتا ہے اور دوسرا نہیں کھاتا مگر کیا مانس نہ کھانے والا ہندو کے ہاتھ چھوا ہوا نہیں کھاتا۔ یہ اندھا تعصب نہیں تو کیا ہے۔ ہندو چاہے کیسا ہی بدمعاش۔ شرابی کبابی اور پاپی کیوں نہ ہو اس کے ساتھ کھا لینے میں تو کوئی ہرج نہیں مگر ایک سداچار اور شدہ اخلاق والے انگریز کے ساتھ مل کر کھانا نفرت کے قابل ہے۔

دروپدی۔ مگر ولایت والے تو گئو مانس بھی کھاتے ہیں۔

پریم کلا۔ اہنسا تو ویسی ہی ہوتی ہے۔ جیسے گئو کو قتل کرتے وقت دکھ پہنچتا ہے ویسے بکرے کو بھی پہنچتا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ ان میں سے زیادہ مفید کون سا ہے ایک پشو زیادہ مفید ہونے سے زیادہ پوجا کے لائق ہے دوسرا عام پشو ہے

بہن جی۔ میں سچ کہتی ہوں کہ ہمارا دیش سب دیشوں سے گرا ہوا ہے اور اس گراوٹ کا خاص سبب یہ ہے کہ یہاں کے لوگوں کے خیالات بہت تنگ ہیں یہاں بھیڑ چال بہت جاری ہے اور جو خیالات صدیوں سے لوگوں کے دلوں میں آتے رہے ہیں چاہے وہ کیسے ہی برے کیوں نہ ہوں ان سے الٹا چلنا بہت برا سمجھا جاتا ہے یہاں کے لوگوں نے اپنی عقل کو تو لاٹھی سے بھگا دیا ہے ان کے لئے تو پچاس آدمیوں کی برادری ہی وید شاستر۔ برادری ہی آتھوں پرمان برادری ہی ست دھرم کی کسوٹی برادری ہی لوک پرلوک ہے مجھے تو کبھی کبھی ایسی بھڑک آتی ہے۔ کہ پرماتما ایک ایسا اگنی کنڈ تیار کریں جس میں یہ ساری برادریاں جل بھن کر خاک ہو جاویں۔

دروپدی۔ بہن جی آپ کی کلام کا ایک ایک لفظ سچا ہے۔ مجھے بھی دو تین سالوں سے اپنی ترقی کے لئے اُمنگ پیدا ہو رہی ہے مگر میرے پتی جی برادری سے اتنا ڈرتے ہیں۔ کہ کوئی خاص کوشش نہیں کر سکتے کچھ سدھار کرنے کی کوشش انہوں نے ضرور کی۔ مگر ان کوششوں پر برادری کا پتھر ایسا پڑا کہ سب دھول میں مل گئیں۔ ایک دن سوامی جی نے مجھے ایک کالج کو دیکھنے کے لئے بھیجا تھا ایک دن آگرہ میں مجھے ایک جلسہ پر بھی لے گئے تھے اور وہاں میں نے کوئی پردہ نہیں کیا۔ ایک آپ سے اور عرض ہے۔ کہ آپ میرے سوامی جی کو مل کر ان کو اکساویں کہ وہ مجھے علم حاصل کرانے کی خاص کوشش کریں۔

پریم کلا۔ ضرور ضرور میں آپ کی آگیا کا پالن ضرور کروں گی۔

اتنے میں صبح ہو گئی پریم کلا اپنے نت کرموں سے فارغ ہو کر اپنے پتی جی کے کمرے میں ہنستے چہرے سے داخل ہوئی۔ ودیا دھر نے پاؤں کی آہٹ سن کر آنکھیں کھول دیں آنکھیں کھلتے ہی انہوں نے اپنے روبرو ایک کمل نینی ہنس مکھ دیوی کو کھڑے دیکھا جس نے مسکراتے ہوئے لبوں سے پریم سے بھرے کنیوں سے ہنستے کہی۔ ودیا دھر نے اپنی ادھ کھلی آنکھوں سے اس پھول سے بے لوث چہرے کو دیکھا اور جواب میں ہنستے کہی۔ پریم کلا گھر کے سب کام کاج کو درست کر کے اسپتال میں گئی وہاں سے ۸ بجے واپس آئی۔ اور اپنے پران پتی کو رات کے تیار کئے کاغذ دیئے ودیا دھر نے ان کو بغور دیکھا اور اپنی حسب منشا تیار پا کر اپنی دھرم پتنی کا خلوص دل سے شکریہ ادا کیا۔ پریم کلا کی ساری رات کی محنت کا اجر اس پریم بھرے شکریہ سے مل گیا۔ پرماتما اشیرباد کریں۔ کہ اس کہانی کے پڑھنے والے میں اسی قسم کا جذبہ پیدا ہو وہ اپنی استری کو یوگیہ بنانے اور خود یوگیہ ست کرنے کی کوشش کریں تاکہ ہندوستان سے بدمعاشی بدکاری مکاری پاپ دور ہو کر آنند۔ شانتی اور اشیرباد پراپت ہو۔ (ترجمہ جاری دنو جیون)

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نئے گانے

(۱) طرز ہائے میاں پڑوں میں تورے پیاں

ٹیک - آئے شرنا - پڑے ہیں تورے چرنا
نبھاد شرن گہی کو
پربھو شرنا گتی میں تمہاری ہم آئے ہیں پاپی دکھیاری
اُبھارو دینا بندہو - اُتارو بھو سند ہو - آئے
دھڑکتیاں تڑپتیاں سردھنیاں ہیں چھتیاں

کرموں کے مارے ہم تو بھریں ہیں - پناہ ملتا نہیں ٹالے
تورے دوارے پہ آئے - چندر اور کہاں جائے
جیسا چاہے دکھ پاسے گھبرائے لو بچائے آئے

---

(۲) طرز دھیر دھرو موری بہن

ٹیک کیوں ناتھ کرو ہر دیری
لو بیگ خبر سدہ میری
جگ ساگر میں نیا - نہیں تم بن اور کھویا
ہے دین پہ بپت گھنیری
میں بکاری ہوں دکھیاری پڑوں دینا ناتھ
چندر شرن میں آیا سوامی پکڑ اُبھارو ہاتھ - کیوں

---

(۳) طرز ہم کو جانی جان لے جان لے

ٹیک اب تو پرانی مان لے مان لے
ہٹ کے ہٹیلے متوالے ہا
پربھو کو بھجو پرانی ہر دم پل چھن
مورکھ تیاگو جھوٹی کامنا - ہا ابتو
نشدن پل چھن ادم گن گائے کے
جیون سدھارو کرم دھرم کمائے کے
کرم دھرم میں من کو لگاؤ جی - ہاں
مایا دجگ جال ٹھگائی - چپل منا کو پرائی آشا
رہا -
کام کرودھ لوبھ موہ آدی کو بسار کے
تن کو بھی ایکاگر کر اندریوں کو مار کے
پرم تپا کا روپ چندر چت دھار لو - ابتو

---

(۴) غزل

ویدک دھرم پہ پیارو تم جان نثار کردو
تن من بھی دھرم پہ اپنا سارا نثار کردو
دُنیا خلعت پہ ساری تُلی ہوئی ہے
بس آج تم دھرم پہ دنیا نثار کردو
گر دھرم کے لئے کچھ تکلیف بھی نہیں ہو
اس دکھ وشیش پہ تو تن من نثار کردو
تہی آرزو رشی کی عالم میں نور پھیلے
اس آرزو پہ اپنے ارماں نثار کردو
آپس میں مت لڑو تم رشیوں کی آبرو پہ
یہ خانہ جنگیوں کا میداں نثار کردو
دنیا میں گر دھرم کا پرچار چاہتے ہو
تو زندگی کے سارے سامان نثار کردو

(۵) غزل

کسی بے کس کو اے بیداد گر مارا تو کیا مارا
جو خود ہی مر رہا ہو اُس کو گر مارا تو کیا مارا
بہت مشکل ہے جڑ سے کاٹنا اپنی برائی کا
تیرے یا کلہاڑی سے شجر مارا تو کیا مارا
جو دشمن پانچ کو جیتے وہی دنیا میں فاتح ہے
چڑھائی کر کے فوجوں سے نگر مارا تو کیا مارا
شکاری بہت سے یہاں پر شکارِ نفس ہوتے ہیں
بندوقوں کی پچھاڑوں سے ببر مارا تو کیا مارا
لگا کر غوطہ اندر میں خودی کو ناش کر ڈالو
لگا کر غوطہ دریا میں مگر مارا تو کیا مارا

لاونی (۶)

نہیں ملے ہری دھن تیاگے نہیں رام جی جان بجے
نارائن تو ملے اوس کو جو من میں کا ابھمان تجے
سُت دارا یا کٹمب تیاگے یا اپنا گھر بار تجے
نہیں ملے پربھو تو اپنی جگت کا سب بیوہار تجے
کند مول پھل پھول کھائے رہے اور اَن کا بھی آہار تجے
وستر کو تیاگے نگن ہو رہے کیا ایسی نار تجے
تو بھی ہری نہیں ملے یہ تیاگے چاہے اپنے پران تجے
جات کو اپنے تجے اور کل کی ساری چال تجے
بن میں نشدن پھرے اور اس دنیا کا جنجال تجے
دیہہ کو اپنی جلا دے شریر کی بھی کھال تجے
برہم گیان نہیں ہو تو بھی چاہے وہ اپنی سنتان تجے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نارائن تو ملے اُسے جو من میں کا ابھمان تجے
رہے رات دن کھڑا نہ سوئے پرتھوی کو ہی شین تجے
کشٹ اٹھائے ہے بے چین ہے اور سارا جو کچھ چین تجے
میٹھا ہو کر بولے سب سے کڑوے اپنے بین تجے
اتنا تیاگے اور دیہہ ابھمان بھی دن رین تجے
کسی طرح سے میں ملے ہیں ہری چاہے سکل جہان تجے
نارائن تو ملے اُسے جو من میں کا ابھمان تجے

(۷) ایک میٹھا گانا

وزن راجہ ہوں میں قوم کا)

سرشٹی کے آرنبھ میں دیا ایش نے دان
رگ یجو اور سام اتھر دیہ گیان کی کھان
ویدک ہمارا دھرم ہے۔ آریہ ہمرا نام
ایک برہم کو پوجنا یہی مکھیہ اک کام
سروویاپی ایک رس نراکار کرتار
جنم مرن سے رہتا ہے لیت نہیں وتار
اوناشی سروگیہ ہے سرشٹی پالن ہار
ہردے ماہیں لیت ہے نج من مکر سدھار

جو جن ویدک ریت سے کرے ایش کا دھیان
پورن ہوں سب کامنا من آنچے ست گیان
سنگ سدا سکھ دیت ہے کریئے سجن دیکھ
کبھو نہ کریئے دشٹ کا سنگ مین اور رہیکھ
بڑن بڑن کو دکھ ہے چھوٹن سے دکھ دور
تارے سب نیارے رہیں کرے چند اسوار
دھرم پرکھش ایسا بنا جیسی سرل کھجور
چڑھے تو میوہ چاکھ لے گرے تو چکنا چور
نشہ نہ نر کو چاہیئے نرپ بدھی ہر لیت
ایک نشہ کے کارنے سب جگ تا کی دیت

(۸) طرز جو پیا آئے نہ

ٹیک پربھو گن گائے نہ۔ پاپی شرن انکی جائے نہ
دکھ پائے۔ اٹھائے۔ گنوائے عمر۔ گن گائے نہ پاپی
تم کو لازم تھا کسنگت سے ہٹانا دل کا
اپنے معبود کے در پہ تھا بٹھانا دل کا
کھوٹے کرموں میں رہا تو اور بہانا دل کا
بنا دام غلام ہوا کب ہے دانا دل کا
مشکل ہے کہیں قابو میں آنا دل کا
دل ڈلائے نہ۔ چندر خود جائے نہ۔ پھر دکھ پائے نہ پاپی

چند ایک مفید اور کارآمد نسخہ جات

(۱) سگندھت دھوپ بتی

لوبان کپور سفید چندن کا چورا شورہ
۸ تولہ یک تولہ ۲ تولہ یک تولہ
دھوپ کی لکڑی لکڑی کا کوئلہ دار چینی
ایک چھٹانک ۲ تولہ یک تولہ
چھڑیلا ناگرموس پاندری
یک چھٹانک ایک تولہ ایک تولہ

ان سب کو اچھی طرح پیس کر کوٹ چھان کر جائفل کا تیل تھوڑا سا ملا کر بانس کی پتلی سینگ پر چڑھا کر سایہ میں خشک کرو اور کام میں لاؤ۔

خوشبودار منجن بنانے کی ترکیب

بادام کا چھلکا جلا ہوا سپاری جلی ہوئی
یک چھٹانک یک چھٹانک
کوڑیا مٹی ایک چھٹانک سونی مصطگی یک تولہ

دیسی کوئلہ پسا ہوا ایک تولہ

ان کو خوب پیس کر کسی عطر کی چند بوندوں سے معطر کر لو۔ اس کے لگانے سے دانت صاف اور ان میں کوئی روگ نہیں رہتا۔

ٹھنڈا سرمہ

۵ تولہ سرمہ کو لے کر تین دن پانی میں بھیگا رہنے دو پھر ایک تولہ کافور اور ایک تولہ الائچی کے دانے ملا کر نیم کے پتوں کے عرق میں گھوٹو اس کے خشک ہونے پر عرق سونف سے گھوٹو۔ خشک ہونے پر کام میں لاؤ یہ سرمہ آنکھوں کو ٹھنڈا رکھیگا اور بینائی کو تیز کرے گا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مہانسہ کی دوا

لودھ کوٹھ لال چندن مجیٹھ مالکنگنی ہلدی بڑ کی چھال جٹا سب ایک تولہ چرونجی ۴ تولہ ان سب کو کپڑ چھان کر گلاب عرق میں ملا کر منہ پر لیپ کرو بعد دو گھنٹہ کے مسور کی دال کو گھوٹ بکری کے دودھ میں پیسکر منہ پر اُبٹنا کر دو اس طرح متواتر کچھ دن کرنے سے چہرہ کے سب چھائیں مہانسے صاف ہو کر چہرہ گلاب کے پتوں کی طرح خوبصورت ہو جاوے گا

چندر کھی تیل

بادام کی گری ۲ تولہ عرق گلاب ۳ چھٹانک رس کپور ۳ رتی صندل ۱ تولہ اس کو اس طرح بناؤ کہ پہلے باداموں کو پانی میں بھگو کر اس کا چھلکا علیحدہ کر لو پھر عرق گلاب میں خوب پیسو باریک ہونے پر عرق گلاب میں گھول کر نالین میں چھان لو۔ اور رس کپور کو باریک پیسکر ملا دو پھر صندل ملا کر شیشی میں بھر دو۔ بس بن گیا اگر زیادہ خوشبودار کرنا ہو تو ایسنس آف لیونڈر ۲۰ بوند ملا دو۔ اس کو منہ پر ملنے سے مہانسہ چہرہ کا چھنا۔ سر درد وغیرہ دور ہو جاتی ہے بازار ولایتی پھولوں کا دودھ کہلاتا ہے۔

عرق کافور

رکٹی فائیڈ اسپرٹ ڈیڑھ پاؤ۔ کافور ایک چھٹانک ملا کر بوتل کا منہ کاگ سے بند کر دو۔ ۵ گھنٹہ میں عرق تیار ہو گیا ہیضہ کے لئے نہایت اکسیر ہے۔

منہ کی بدبو دور کرنا

تج کافور بیج کوٹ ناگ کیسر کمل کی جڑ ہموزن لے کر کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر مٹر کے دانے برابر گولی بنا کر منہ میں رکھ کر اس کا رس چوسیں۔

کپڑے پر نشان ڈالنے والی سیاہی

کاسٹک ایک حصہ دس گنا پانی میں گھول کر گیرو اور کاجل بقدر ضرورت ملاؤ۔ اس سے کپڑے پر لکھا ہوا پختہ ہوتا ہے۔
اس کا نام مارکنگ انک ہے ولایت سے سینکڑوں روپیہ کی آ کر فروخت ہوتی ہے۔

فوراً دہی جمانا

جس طرح دہی جمانے کے لئے دودھ برتنوں میں ڈالتے ہیں اُسی طرح دودھ ڈال کر ٹارٹارک ایسڈ تھوڑا سا ڈال دو۔ فوراً چند ہی منٹ میں دہی جم جاوے گا۔

دودھ کا سفوف بنانا

دودھ تازہ ایک سیر پکا کر سخت گاڑھا کر لیں۔ پھر قدرے سوڈا بائی کارب ڈال کر حسب ضرورت کھانڈ ملا کر ذرا اور آنچ دے لیں۔ پھر دھوپ میں خشک کر لیں یہ دودھ کا سفوف ہے ایک تولہ سفوف پاؤ بھر گرم پانی میں ڈالنے سے خالص دودھ بن جاتا ہے۔

دال کا مزیدار مصالح

ہینگ کا پھول	آم کی کچریاں خشک	سونٹھ
۳ ماشہ	۲ تولہ	۲ تولہ
دھنیا	زیرہ سفید بھنا ہوا	الائچی بڑی
۲ تولہ	۲ تولہ	½ تولہ
زیرہ سیاہ	کالی مرچ	لونگ
½ تولہ	½ تولہ	½ تولہ
مرچ سرخ		
۲ تولہ		
ست لیموں	نمک سینھا	نمک سیاہ
۷ ماشہ	۲ تولہ	۲ تولہ

سب کو کوٹ چھان کر تیار کر لو یوں ہی کھاؤ تو چورن پانی ملا لو تو چٹنی دال میں ڈالو تو مصالح ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نقد دھرم

لکھا سوامی رام تیرتھ جی

ہمارے وید میں لکھا ہے کہ جے (فتح) ست ہی کی ہوتی ہے - جھوٹ کی کبھی نہیں ہوتی سانچ کو آنچ نہیں دروغ کو فروغ نہیں جہاں کہیں دنیا میں دولت و اقبال ہے دھرم ہی اس کا اصلی سبب ہے ہندو کہتے ہیں کہ لکشمی وشنو کی استری ہے اور وہ پتی برتا ہے جہاں وشنو جی (یعنی ست یا راستی) ہونگے - وہیں لکشمی ہوگی - اس کو اور کسی شخص کا لحاظ نہیں اقبال جنس جغرافیہ نہیں - یعنی کسی مقام پر محدود نہیں - جو لوگ یورپ اور امریکہ وغیرہ کی ترقی کو وہاں کی سرد آب و ہوا سے منسوب کرتے ہیں یا جو بعض اور ملکوں کی پستی کو وہاں کے حدود اربعہ سے تعلق دیتے ہیں غلطی کرتے ہیں ابھی دو ہزار سال نہیں ہوئے انگلینڈ کے باشندے روما وغیرہ میں بردے اور غلام بنے بکتے تھے آج انگلینڈ اتنے بڑے ملکوں کا راج کر رہا ہے کیا انگلینڈ اپنے پرانے حدود اربعہ سے بھاگ کر کہیں آگے نکل گیا ہے؟ پانسو سال پہلے امریکہ زمین کے اسی موقعہ پر تھا - جہاں آج ہے - لیکن اس عرصہ میں باشندوں کی حالت میں تفاوت کا اندازہ لگائیے - روما - یونان مصر اور ہمارا ہند آج وہیں تو ہیں - جہاں ان دنوں تھے بلکہ تمام دنیا میں ان کے علم و فضل کی دھاک تھی خوشحالی ملکوں اور انسانوں کا لحاظ نہیں کرتی - جو لوگ ست پر چلتے ہیں صرف انہیں کی جے ہوتی ہے اور جب تک ست دھرم پر چلتے ہیں - ان کی جے رہتی ہے -

پیارے معاف کرنا! رام آپ کا ہے - اور آپ رام کے ہیں - تم ہمارے ہو - ہم تمہارے ہیں پورے پریم کے ساتھ سامنے آؤ - جو کچھ ہم کہیں گے - لیکن خوشامد نہیں کریں گے - محبت اس بات کی مقتضی ہے کہ آدمی خوشامد نہ کرے - رام جاپان میں رہا امریکہ میں رہا - یورپ کے جس ملک دیکھے - پر جہاں فتح پائی راستی کی پائی امریکہ جو ترقی کر رہا ہے دھرم پر چلنے سے کر رہا ہے دھرم پر کسی کا اجارہ نہیں ہر جگہ عمل میں آسکتا ہے - دھرم دو قسم کا ہے - ایک نقد دوسرا اودھار یہ ایک مثال سے واضح ہوگا ایک آدمی نے کچھ مال زمین میں دفن کر رکھا تھا - اس کے لڑکے کو معلوم ہو گیا لڑکے نے زمین کھود کر روپیہ نکال لیا اور صرف کر ڈالا لیکن تول کر اتنے ہی وزن کے پتھر وہاں رکھ چھوڑے - چند روز بعد جب باپ نے زمین کھودی اور روپیہ ندارد تو رونے لگا ہائے میری دولت کہاں گئی - لڑکے نے کہا بابا جان! روتے کیوں ہو - آپ نے اس کو برتاؤ میں تو لانا ہی نہ تھا اور رکھ چھوڑنے کے لئے دیکھ لو اتنے ہی وزن کے پتھر وہاں موجود ہیں - ؎

مصرعہ برائے نہادن چہ سنگ و چہ زر

مذہبی لڑائیاں اور رونے جو ہوتے ہیں - وہ نقد دھرم پر نہیں ہوتے اودھار دھرم پر ہوتے ہیں نقد دھرم وہ ہے - جو بعد از مرگ سے نہیں بلکہ موجودہ زندگی سے سروکار رکھتا ہے اودھار دھرم اعتباری ہوتا ہے - نقد دھرم یقینی اودھار دھرم کہنے کے لئے نقد دھرم کرنے کے لئے وہ حصہ دھرم کا جو نقد ہے اس پر تمام ہی مذاہب کا اتفاق ہے ست بولنا علم پڑھنا اور اس پر عمل کرنا خود غرضی سے پاک ہونا - پرائے مال کو یا پرائی عورت کو دیکھ کر حرام دل نہ ہونا دنیا کے لالچ اور دھمکیوں کے جادو میں آکر حقیقت اصلی (ذات مطلق) کو نہ بھولنا مضبوط دل اور مستقل مزاج ہونا وغیرہ اس نقد دھرم پر کہیں دو رائیں نہیں ہو سکتیں اودھار کے دعوے مدعی پیشہ لوگوں کو سونپ کر خود فرض موجودہ (نقد دھرم) پر چلنے والے ہی عروج اور ترقی پاتے ہیں - اس بات کا عملی یقین اور ملکوں میں جانے سے ہوا -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہندوستان اور امریکہ میں کیا فرق ہے؟

یہاں دن ہے تو وہاں رات ہے وہاں دن ہے تو یہاں رات ہے جن دنوں ہندوستان کا ستارہ بلا تھا - امریکہ کو کوئی جانتا بھی نہ تھا آج امریکہ عروج پر ہے تو ہندوستان کی پوچھ نہیں - ہندوستان میں بازار وغیرہ میں رستہ چلتے بائیں رخ چلتے ہیں - وہاں دائیں رخ (داہنے طرف) پوجا اور تعظیم کے وقت یہاں جوتا اُتارتے ہیں وہاں ٹوپی - یہاں گھروں میں راج مردوں کا ہے وہاں عورتوں کا - اس ملک میں یہ شکایت ہے کہ بیوہ ہی بیوہ ہیں - اس ملک میں کنواری ہی کنواری عورتیں زیادہ ہیں ہم کہتے ہیں کتاب میز پر ہے وہ کہتے ہیں "کتاب پر میز ہے" (دی بک آن دی ٹیبل) ہندوستان میں گدھا اور اُلو بیوقوفی کی علامت ہیں اُس ملک میں گدھا اور اُلو نیکی اور عقلمندی کی نشانی ہیں - اس ملک میں جو کتاب لکھی جاتی ہے اگر نصف کے قریب پچھلے بزرگوں کے حوالوں سے نہ بھری ہو تو اس کی قدر نہیں - اس ملک میں کتاب کی کل باتیں نئی نہ ہوں تو اس کی قدر نہیں - یہاں کوئی کارآمد بات معلوم ہو جائے - تو اُسے چھپا کر رکھتے ہیں - وہاں مطبع میں چھپا دیتے ہیں - یہاں مذہب پرستی بے انداز ہے وہاں نقد و برہم بہت ہے - ہمارے ہاں اس بات میں بڑائی ہے کہ اوروں سے نہ ملیں اپنے ہی ہاتھ سے پکا کر کھائیں - اور سب سے الگ رہیں - وہاں پر جتنا اوروں سے ملیں اُتنی ہی قدر ہے یہاں پر غیر ملکوں کی زبان پڑھنا کچھ معیوب سا سمجھا جاتا ہے وہاں جس قدر غیر ملکوں کی زبان سے واقفیت حاصل کرو اُتنی ہی زیادہ عزت ہوتی ہے جب رام جاپان کو جا رہا تھا تو جہاز پر امریکہ کا ایک عمر رسیدہ پروفیسر دوست بن گیا - وہ روسی زبان پڑھ رہا تھا - دریافت سے معلوم ہوا کہ گیارہ زبانیں پہلے بھی جانتا ہے - اس سے پوچھا گیا کہ اس عمر میں یہ نئی زبان کیوں سیکھتے ہو؟ جواب دیا کہ میں جیالوجی (علم طبقات الارض) کا پروفیسر ہوں - روسی زبان میں جیالوجی کی ایک نادر کتاب لکھی گئی ہے - اگر اس کا ترجمہ کر سکوں گا تو میرے اہل ملک کو فائدہ کثیر پہنچیگا - اس لئے روسی زبان پڑھتا ہوں - رام نے کہا اب تم موت کے قریب ہو - اب کیا پڑھتے ہو اب خدا کی خدمت کرو اس میں کیا دھرا ہے؟ جواب دیا کہ بندوں کی خدمت میں خدا کی خدمت ہے -

نیز اگر بفرض محال یہ کام کرتے دوزخ میں جاؤں کچھ پرواہ نہیں مجھے جہنم کے دُکھ ملتے ہیں تو ہزار جان سے قبول ہیں - بشرطیکہ بھائیوں کو سُکھ لابھ مل جائے اس زندگی میں لذت فقد متگزاری کا حق میں موت کے اُس پار کے ڈر سے چھوڑ سکتا - یہی نقد دہرم ہے - بھگوت گیتا میں بڑی خوش اسلوبی سے ارشاد ہے کہ

कर्मण्येवाधिकारस्ते मा फलेषु कदाचन

یعنی کام تو کرتے جاؤ - لیکن پھل (نتیجہ) پر آنکھ مت رکھو -

لارڈ میکالے کی دعا تھی کہ میں مروں تو کتب خانہ میں دل
مروں تو کوچۂ یار ہی میں مروں
مریں تو فرض ادا کرتے مریں مسلّح مریں -
میدان کارزار میں مریں - ہمت آنند اور اُتساہ کے ساتھ جان دیں -

ایک شخص باغ لگاتا تھا کسی نے پوچھا بڈھے میاں! کیا کرتے ہو تم - کیا اس کا پھل کھاؤ گے ایک پاؤں تو گویا تمہارا پہلے ہی قبر میں ہے - کیا تم کو وہ فقیر کی بات یاد نہیں ہے - ؎

گھر بناؤں خاک اس وحشت کدہ میں ناصحا
آئے جب مزدور مجھ کو گور کن یاد آگیا

باغبان نے جواب دیا اوروں نے بویا تھا - ہم نے کھایا - ہم بوئیں گے اور کھائیں گے اسی طرح دنیا کا کام پڑا چلتا ہے - جتنے بزرگ ہو گئے ہیں کیا اُن حضرات نے اُن درختوں کا پھل خود کھایا تھا - جو وہ بو گئے؟ ہرگز نہیں ان بزرگوں نے تو فقط اپنے جسموں کو گویا کھاد (کھاد) بنا دیا - پھل کہاں کہاں جن درختوں کا پھل صدیوں میں لوگ آج کھا رہے ہیں وہ اُن رشیوں کی خاک سے پیدا ہوئے ہیں - یہی اصول مذہب کی اصل جان ہے - یہی اصول اس پروفیسر کے عمل میں پایا گیا جو روسی زبان پڑھتا تھا -

جس وقت رام جاپان سے امریکہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جہاز میں کوئی ڈیڑھ سو لڑکے جاپانی تھے جن میں بعض امیروں کے گھرانے کے بھی تھے پر اُن میں شائد ہی کوئی ایسا تھا جو اپنے گھر سے روپیہ لے چلا ہو۔ اکثر تو ایسے تھے کہ جہاز کا کرایہ بھی انہوں نے گھر سے ادا نہ کیا تھا۔ کوئی اُن میں سے امیر مسافروں کے بوٹ صاف کرنے پر کوئی جہاز کی چھت کے تختے دھونے پر۔ بعض کسی ایسے ہی اور رذیل کام پر نوکر ہو گئے تھے۔ اور یوں جہاز کا خرچ ادا کر رہے تھے۔ دریافت کرنے سے ان کا یہ خیال پایا گیا کہ اپنی قوم کا روپیہ غیر ملکوں میں جا کر کیوں خرچ کریں۔ جہاز کا کرایہ بھی محنت کے ذریعے ادا کرتے ہیں۔ امریکہ میں جا کر ان میں سے بعض طالب علم تو امیروں کے گھروں میں دن بھر محنت مزدوری کرتے تھے اور رات کو نائٹ سکولوں میں جا کر پڑھتے تھے۔ اور بعض ریل کی سڑک پر یا بازاروں میں روڑی کوٹنے پر یا اور کسی کام پر لگ گئے یہ لوگ گرمیوں میں مزدوری کرتے تھے۔ اور جاڑوں میں کالج کی تعلیم پاتے تھے ع ہر چہ علم چوں شمع باید گداخت۔ اسی طور پر سات آٹھ سال بسر اوقات کر کے اپنے دماغ کو امریکہ کے علم و ہنر سے اور اپنی جیبوں کو امریکہ کے روپیہ سے بھر کر یہ جاپانی اپنے ملک میں واپس آتے ہیں ہر جہاز میں بیسیوں اور کئی دفعہ سینکڑوں جاپانی امریکہ وغیرہ کو جاتے رہتے ہیں۔ ہزارہا بلکہ لکھوکھا جاپانی ہر سال جہازوں میں جرمنی اور امریکہ کو جا کر وہاں سے علم لے کر واپس آتے ہیں۔ اس کا نتیجہ آپ دیکھ ہی رہے ہیں۔ پچاس سال ہوئے جاپان ہندوستان سے بھی پست تھا۔ آج یورپ سے بھی بڑھ گیا۔ تمہارا ہاتھ خوب گوڑ چٹا ہے۔ اور اس کا خون بالکل صاف ہے۔ اگر کلائی پر پٹی باندھ دو گے تو خون ہاتھ کا ہاتھ ہی میں رہے گا۔ باقی جسم میں نہیں جائے گا۔ لیکن گندہ ہو جائے گا اور ہاتھ سوکھ جائے گا۔ پس جن ملکوں نے یہ کہا کہ ہم خوب ہیں۔ ہم ہی اچھے ہیں۔ ہم ہی بڑے ہیں۔ ہم لیچھوں یا کافروں سے کیوں سروکار رکھیں۔ اور اپنے آپ کو الگ تھلگ کر لیا۔ انہوں نے اپنے آپ پر گویا پٹی باندھ کر [illegible]

نرالا کھڑا سو گندا ہو ؎

آب دریا بہے تو بہتر
انساں رواں رہے تو بہتر

اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ جن ملکوں نے ترقی کی ہے چلتے ہی رہنے سے کی ہے۔ امریکہ کے لوگوں کی کیفیت اس بارہ میں دیکھئے! اوسطاً ۴۵ ہزار امریکن فی روز پیرس میں رہتے ہیں۔ گروہوں کے گروہ آتے ہیں۔ اور جاتے ہیں کوئی ذرا سی ایجاد و اختراع فرانس میں دیکھی تو جھٹ اپنے ملک میں پہنچا دی بیمانے فرنس اور ہنر سیکھنے میں بھی کوئی فرق گذاشت نہیں ہر موسم میں کوئی اسی ہزار امریکن مصر میں آتے ہیں مینارؤں کو دیکھنے ہیں ۴۰ فی صدی امریکن ساری دنیا میں گھوم چکے ہیں۔ اس طرح سے یہ لوگ جہاں علم ہوتا ہے وہاں سے لا کر اپنے ملک میں پہنچا دیتے ہیں۔ جرمنی والوں کی بھی یہی کیفیت ہے امریکہ سے آتے وقت رام جرمن جہاز پر سوار تھا۔ قریباً تین سو درجہ اول کے مسافر ہوں گے۔ اُن میں پروفیسر ڈیوک بیرن سوداگر لوگ شامل تھے دن کے وقت عموماً جہاز کی بالا ترین چھت پر جا کر رام بیٹھتا تھا۔ تنہائی میں پڑھتا لکھتا تھا یا دھیان بچار میں لگ جاتا تھا۔ لیکن جرمن لوگ جہاز کی اوپر کی چھت پر آن کر رام کو نیچے لاتے تھے اور رام کے لیکچر کرتے تھے۔ رام کو غیر ملک کا سمجھ کر کافر یا ملیچھ کا سلوک تو نہ تھا۔ یہ خیال تھا۔ کہ جتنا بھی علم اس غیر ملک والے سے مل سکتا ہے لے لیں۔ اضلاع متحدہ امریکہ میں سب سے پہلا شہر جو رام نے دیکھا میاٹل واشنگٹن ہے وہاں یونیورسٹی نے رام کو ہندو فلسفہ پر لیکچر دینے کے لئے مدعو کیا۔ لیکچر کے بعد ایک جوان پروفیسر سے ملاقات ہوئی۔ جو ابھی ابھی جرمنی سے واپس آیا تھا۔ رام نے پوچھا کہ جرمنی کیوں گئے تھے؟ اس نے کہا کہ علم نباتات اور علم کیمیا میں اپنی یونیورسٹی کا جرمن یونیورسٹیوں سے مقابلہ کرنے گیا تھا اور عام طور پر اس کا نتیجہ یہ سنایا۔ کہ دس سال کا عرصہ ہوا جرمنی ہم سے بڑھ کر تھی۔ لیکن آج ہم اس سے کم نہیں۔ پیر شو بیا موتو

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جانشانی کے ساتھ غیروں سے سیکھ سیکھ کر ان لوگوں نے ودّیا کو پایا ہے۔ اور بڑھایا ہے۔ یہ خیال صحیح نہیں۔ کہ امریکہ کے لوگ ڈالر (روپیہ) کے غلام ہیں۔ بلکہ ودّیا کے پیچھے ڈالر خود آتا ہے جو لوگ امریکہ والوں کو یہ الزام لگاتے ہیں کہ ان کا دھرم نقد دھرم نہیں بلکہ نقدی دھرم ہے۔ وہ یا تو امریکہ کی حقیقی حالت سے واقف نہیں یا بالکل بے انصاف ہیں اور مصداق اس مقولہ کے ہیں یہ ابھی بچے ہیں کون دانت کھٹے کرتے۔ شیکاگو فورنیا میں ایک عورت نے اٹھارہ کروڑ روپیہ دے کر ایک یونیورسٹی قایم کی۔ اسی طرح علم کے بڑھانے اور پھیلانے کے لئے ہر سال کروڑوں کا دان دیا جاتا ہے ہندوستان کی برہم ودّیا کی وہاں یہ قدر ہے۔ کہ جیسا ویدانت امریکہ میں ہے ویسا عملی ویدانت ہندوستان میں آج کل نہیں ہے مگر ان لوگوں نے ہمارے ویدانت کو پچا لیا ہے اور اپنے جسم و جان میں داخل کر لیا ہے لیکن ہندو نہیں بن گئے ویسے ہی ہم ان کے علوم و فنون کو پچا کر بھی اپنی قومیت قایم رکھ سکتے ہیں۔ درخت باہر سے کھاد لیتا ہے لیکن خود کھاد نہیں ہو جاتا۔ باہر کی مٹی پانی ہوا روشنی کو کھاتا ہے۔ اور ہضم کرتا ہے لیکن مٹی پانی ہوا وغیرہ نہیں ہو جاتا۔ جاپانیوں نے امریکہ اور یورپ کے علوم و فنون پچا لئے۔ لیکن جاپانی بنے رہے۔ دیوتاؤں نے اپنے بچے کو راکشسوں کے ہاں بھیجکر ان کی جان بخش ودّیا سیکھ لی۔ لیکن اس سے راکشس نہیں ہو گئے۔ اسی طرح تم یورپ و امریکہ جاکر ان کے علم سیکھنے سے غیر ہندو یا غیر ہندوستانی نہیں ہو سکتے جو لوگ علم کو جغرافیہ کی حد بندی میں ڈالتے ہیں یہ وہ یہ ہمارا علم ہے۔ وہ غیر لوگوں کا علم ہے غیر لوگوں کا علم ہمارے ہاں آنے میں گناہ ہوگا اور ہائے! ہمارا علم اور لوگ کیوں لے جائیں یہ اس خیال والے لوگ اپنے علم کو جہالت مطلق میں بدلتے ہیں۔ اس کمرہ میں روز روشن ہے یہ روشنی نہایت دل پسند اور سہانی ہے۔ اگر ہم کہیں یہ ہماری روشنی ہے ہماری ہے۔ ہائے! کہیں باہر کی روشنی سے مل اپوتر دتا پاک نہ ہو جائے! اور یہ خیال اپنی روشنی کی حفاظت کرتے ہوئے ہم چکیں گرا دیں پردے ڈال دیں دروازے بھیڑ دیں کھڑکیاں لگا دیں روشندان بند کر دیں تو روشنی ایک دم کافور ہو جائے گی۔ نہیں مشک سیاہ ہو جائے گی یعنی اندھیرا ہی اندھیرا پھیل جائے گا ہائے! ہم لوگوں نے ہندوستان میں یہ غلط پولیسی کی چال کیوں اختیار کی! ؎

حب وطن از ملک سلیمان خوشتر
خار وطن از سنبل و ریحان خوشتر

کہہ کر خود تو خار ہو جانا اور ملک کو خارستان کر دینا حب وطن نہیں ہے۔

عموماً ایک ہی قسم کے درخت جب اکٹھے گنجان جھنڈوں میں اگتے ہیں تو سب کمزور رہتے ہیں ان میں سے کسی کو ذرا الگ بو دو تو بہت مضبوط اور تناور ہو جاتا ہے۔ یہی حال قوموں کا ہے کشمیر کی بابت کہتے ہیں۔ ؎

اگر فردوس بر روئے زمین است
ہمین است و ہمین است و ہمین است

لیکن وہ کشمیری جو اپنے فردوس (Happy Valley) کو چھوڑنا گناہ سمجھتے ہیں کمزوری ناداری اور جہل میں ضرب المثل ہو رہے ہیں اور وہ بہادر کشمیری پنڈت جو اس پہاڑی فردوس سے باہر نکلے گویا سچ مچ فردوس میں آ گئے۔ اونہوں نے جہاں گئے باقی ہندوستانیوں کو ہر بات میں مات کر دیا ان میں سے سب اعلےٰ اعلےٰ عہدوں پر ممتاز ہیں۔ جب تک جاپانی جاپان میں بند رہے کمزور تھے اور پست تھے۔ جب غیر ملکوں میں جانے لگے ہوا لگی مضبوط ہو گئے۔ یورپ کے غریب نادار اور عموماً ادنےٰ لوگ جہازوں پر سوار ہو کر امریکہ جا بسے اب وہ لوگ دنیا کی سب سے قوی طاقت ہیں چند ہندوستانی بھی باہر گئے جب تک اپنے ملک میں تھے کچھ پوچھ نہ تھی اور ملکوں میں گئے تو ان چڑھی بڑھی قوموں میں بھی درجہ اوّل میں شمار ہوئے ناموری حاصل کی۔ ؎

پانی نہ بہے تو اس میں بو آئے
خنجر نہ چلے تو مورچہ کھائے
گردش سے بڑھا مہر و ماہ کو پایا
گردش سے فلک نے اوج پایا

جیسے درخت سب رکاوٹوں کو کاٹ کر اپنی جڑیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اُدھر بھیجدیتا ہے جدھر پانی ہو اسی طرح امریکہ جرمنی جاپان و انگلینڈ کے لوگ سمندروں کو چیر کر پہاڑوں کو کاٹ کر روپیہ خرچ کر کے ہر طرح کی تکلیفیں جھیل کر وہاں وہاں پہنچے جہاں سے تھوڑا بہت خواہ کسی قسم کا بھی علم میسر ہو سکا - یہ ایک باعث ہے اُن ملکوں کی ترقی کا اب اور سنئے -

جان نثاری

ایک جاپانی جہاز میں چند ہندوستانی لڑکے سوار تھے - جہاز میں جو اس درجہ کے مسافروں کو کھانے کو علاوہ خاص وجہ سے انہوں نے نہیں لیا ایک غریب جاپانی لڑکے نے دیکھا کہ یہ ہندوستانی بھوکے ہیں - سب کے لئے دودھ پھل وغیرہ خرید کر لایا اور سامنے رکھدیا ہندوستانیوں نے پہلے تو حسب عادت انکار کیا - بعد کو کھا لیا جب جہاز سے اترنے لگے تو شکریہ کے ساتھ قیمت ان چیزوں کی دینے لگے جاپانی نے نہیں لی - لیکن رو کر التجا کرنے لگا کہ جب ہندوستان میں جاؤ گے تو کہیں یہ خیال نہ پھیلا دینا کہ جاپانی لوگ ایسے نالائق ہیں کہ ان کے جہازوں پر ادنےٰ درجہ میں مسافروں کے لئے کھانے پینے کا خاطر خواہ انتظام نہیں ہے - ذرا خیال کیجئے گا - ایک غریب مسافر لڑکا جس کا جہاز کے ساتھ کوئی تعلق نہیں وہ اپنے بچے کے پیسے قربان کر رہا ہے کہ کہیں کوئی اُس کے ملک کے جہازوں کو بھی برا نہ کہدے - یہ لڑکا اپنے تئیں علیحدہ ہستی نہیں مانتا - سارے ملک کی ہستی کو اپنی ہستی عملاً جان رہا ہے کیا محبت ہے جان نثاری ہے ! یہ ہے عملی وحدت نقد دھرم اس عملی توحید کے بغیر کوئی صورت فلاح و بہبودی کی نہیں ہے ؎

مرنا بھلا ہے اُس کا جو اپنے لئے جیئے
جیتا ہے وہ جو مر چکا انسان کے لئے

آپ کو یاد ہوگا کہ جاپان میں جب ضرورت پڑی کہ روسیوں کی تاخت کو روکنے کے لئے کچھ جہاز سمندر میں غرق کئے جاویں میکاڈو نے کہا کہ میں رعیت میں سے کسی کو مجبور نہیں کرتا لیکن جن کو ایسے جہازوں کے ساتھ غرق ہونا منظور ہے خود کو والنٹیر کریں اور عرضیاں پیش کریں ہزاروں عرضیاں ضرورت سے زیادہ ایک دم آگئیں اب ان میں انتخاب کی دشواری تھی تس پر جاپانی جوانوں نے بدنوں سے خون نکال خون کی لکھی ہوئی درخواستیں حاضر کیں کہ جلدی منظور ہوں آخر خون کی عرضیوں کو ترجیح دی گئی جب جہازوں کے ساتھ یہ لوگ غرقاب ہو رہے تھے تو اُن میں دو ایک کپتان اگر چاہتے تو اپنی جان بچا بھی سکتے تھے کسی نے کہا کپتان صاحب آپ کام تو کر چکے - اب جان بچا کر چلے آؤ ! تو موت کی ہنسی اڑاتے ہوئے کپتان صاحب نے حقارت سے جواب دیا کیا میں نے واپس جانے کے لئے یہاں آنے کی عرضی دی تھی -

مردانگی کا درجہ وہ نہیں ہے کہ واپس لوٹا جائے گا ؎ شیر سیدھا تیرتا ہے وقت رفتن آب میں ؟ یہ ہے نقد دھرم عملی ویدانت (वेदान्त शास्त्रमुक्ति वेद यहाँ पावन)

مجھکو کاٹے کہاں ہے وہ تلوار
داغ دے مجھکو ہے کہاں وہ نار
غرق مجھکو کرے کہاں وہ پانی ؟
باد میں تاب کب سو کھانے کی
موت کو موت آ نہ جائے گی
قصد میرا جو کر کے آئے گی

علمی تحقیقات کے لئے زندہ انسان کی جراحت کی ضرورت پڑی امریکہ میں نوجوان اپنی چھاتیاں کھول کر کھڑے ہو گئے کہ لو چیرو ہمیں کاٹو ! اُف اُف کر کے ہماری جان جائے ہماری دوی سیکشن (جراحت زندہ) ہزار بار مبارک ہے اگر اس سے علم کو ترقی ہو اور دوسروں کا بھلا ہو - اب اسکے ہم پریم کہیں کہ بہادری ! یہ ہے نقد دھرم عملی توحید ! -

اضلاع متحدہ امریکہ کے پریسیڈنٹ ابراہیم لنکن کا تذکرہ ہے کہ ایک مرتبہ اپنے مکان سے دربار کو آ رہا تھا - راستہ میں کیا دیکھتا ہے کہ ایک سؤر دلدل میں پھنسا ہوا نیم جان ہو رہا ہے بہت ہی زور کر رہا ہے لیکن نکلتا نہیں درد سے کراہ رہا ہے پریسیڈنٹ سے دیکھا نہ گیا - سواری سے اتر کر باہر نکالا اور اس کی جان بچائی - تمام لباس پر کیچڑ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کے چھینٹے پڑ گئے لیکن پرواہ نہ کی - اور اسی
حالت سے دربار میں آیا لوگوں نے پوچھا -
اور جب وہ قصہ معلوم ہوا تو سب نے بڑی
تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آپ بڑے خدا
ترس اور رحیم دل ہیں - پریزیڈنٹ نے کہا
کہ بس بس زیادہ مت بولو میں نے رحم
وہم کچھ نہیں کیا مرض متعدی کی طرح اس
سؤر کے درد نے مجھ میں اپنا اثر پیدا کیا
پس میں تو فقط اپنا درد دور کرنے کے لئے
اس سؤر کو نکالنے گیا تھا واہ کیسی محبت عالمگیر
ہے! کیسی وحدت ہمدردی ہے ع خون رگ
مجنوں سے نکالا فصد لیلی کی جو لی - کیا توحید عملی
ہے - ؎

پتی کو پھول کی لگا صدمہ نسیم کا
شبنم کے قطرے آنکھ سے اُنکے ٹپک پڑے

(زندہ مذہب (نقد دھرم) کی روح یہ ہے - کہ تم
سارے ملک کے خود (آتما) کو اپنا خود (آتما)
دیکھو یہ مذہب کی جان جن ملکوں میں عملاً ہے وہ
ترقی کر رہے ہیں - جن قوموں میں یہ نہیں وہ
گر رہی ہیں - اپنے ملک کی بابت اب ایک بات
بڑے درد سے کہنی پڑے گی - ان دنوں
ہانگ کانگ میں سکھوں کی فوج ہے - اس کے
پہلے پٹھانوں کی فوج تھی ہانگ کانگ میں سکھوں کو
شائد ایک پونڈ فی کس مشاہرہ ملتا ہے اور عام
فوجی سپاہی کو اس سے بھی کم شائد دس روپیہ
(دو تہائی پونڈ) ماہوار مشاہرہ ملتا ہے ہانگ کانگ
میں پٹھانوں کو گوروں کے برابر فی کس تین تین
پونڈ (ہمیں ٹھیک یاد نہیں) ملتا تھا - جنگ
چین کے موقعہ پر جب سکھ لوگ وہاں گئے تو
پٹھانوں کی یہ تنخواہ چند سے بھی زیادہ تنخواہ انہیں
ناگوار گزری برٹش پارلیمنٹ کے ہاں عرضیاں
دیگئیں کہ پٹھانوں کو جو تین تین پونڈ ملتا ہے
کیوں نہیں ہمیں آج کل کی دو تہائی پونڈ کے
بجائے ایک پورا پونڈ ماہوار ہی دیا جاتا - اور
انہیں ان کی جگہ بھرتی کر لیا جاتا؟ ان درخواستوں
کے خانگی اور بیرونی گورنمنٹ کے ہاں پھرنے گھومنے
کے بعد پٹھانوں سے پوچھا گیا - کہ کیا تم لوگوں
کو بجائے تین پونڈ کے ایک پونڈ مشاہرہ لینا
منظور ہے؟ ایک پٹھان نے بھی قبول نہ کیا
پس کل کی کل فوج پٹھانوں کی موقوف کی گئی

سب پٹھان بے روزگار ہو گئے - بھولے سکھوں
نے اتنا نہ دیکھا کہ آخر یہ پٹھان بھی ہمارے ہی
ملک کے ہیں - درد نہ آیا کہ ان کا رزق مارا گیا
رحم نہ آیا کہ بھائیوں کا گلا کٹ گیا - ہائے!
رشک اور ملکی پھوٹ! یہ بھوکوں مرتے پٹھان
تلاش روزگار میں افریقہ کو گئے - اور سومالی لینڈ
کے ملا کے ساتھ ہو کر انہیں سکھوں سے لڑے
اس لڑائی میں بغیر لڑے آب و ہوا کی سختی وغیرہ
ہی سے سکھوں کا وہ حال ہوا - کہ الٰہی توبہ -
لقوے ہو گئے گردنیں مڑ گئیں - بدن سوکھ
گئے تپ وغیرہ نے نڈھال کر دیا - سچ کہا ہے
جو اوروں کی موت کی تدبیر کرتا ہے وہ اپنی ہی
تدابیر سے مرتا ہے کردنی خویش آمدنی پیش -
چاہ کن را چاہ درپیش جو آدمی خندق کھودتا
ہے وہ خود گرے گا -

جاپان میں ایک ہندوستانی لڑکا تعلیم پاتا
تھا - علم جرّ ثقیل کی ایک کتاب لائبریری
سے عاریتاً لے گیا - باقی عبارت یا اس کے مطلب
کو تو اپنی کاپی پر اتارا - لیکن مشینوں (کلوں)
کے نقشوں یا تصویروں کی نقل نہ کر سکا اب یہ
نہ سوچا کہ اور لوگ بھی اس کتاب سے فائدہ
اٹھانے والے ہیں - یہ خیال نہ کیا کہ اس حرکت
سے میرا ملک بدنام ہوگا - جھٹ کتاب سے
وہ اوراق جن پر تصویریں تھیں پھاڑ لئے اور
کتاب واپس کر دی کتاب ضخیم تھی بھید نہ کھلا
لیکن چھپے کیسے! سچ بھی کبھی چھپتا ہے ایک
روز ایک جاپانی طالب علم اس کے کمرے میں
آیا - میز پر وہ پھٹے ہوئے اوراق پڑے تھے
دیکھ کر اس نے افسر کو اطلاع دی اور وہاں قانون
ہو گیا - کہ اب کسی ہندوستانی لڑکے کو کوئی
کتاب نہ دی جائے ڈوب مرنے کا مقام ہے
ایک تو آپ نے اس جاپانی لڑکے کی بات سنی
ہے جو جہاز پر ہندوستانی لوگوں کے لئے کھانا
لایا تھا - اور ایک اس ہندوستانی کی کیفیت دیکھئے
جاپانی اپنے بچ کا سب کچھ دینے کو حاضر ہے
کہ ملک پر دھبہ نہ آجائے اور ہندوستانی بچ
کا بھلا چاہتا ہے سارا ملک پڑا بدنام ہو
ہاتھ یہ نہیں کہتا کہ میں اکیلا یا علیحدہ ہوں -
میرا خون اور ہے - اور سارے جسم کا خون
اور ہے اس غیر بینی (بھید بھاؤ) سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یہ خیال پیدا ہوگا کہ ہائے! کماؤں تو میں اور پلے سارا جسم! اس خود غرضی کو پورا کرنے کی ہاتھ کے واسطے صرف ایک ہی صورت ہوسکیگی وہ یہ کہ جو روٹی کمائی ہے بجائے سارے جسم کے لئے منہ میں ڈالنے کے ہاتھ اسے اپنی ہتھیلی پر باندھ لے یا ناخنوں میں گھسیڑ لے پر کیا یہ خود غرضی کی پالیسی کار آمد ہوگی؟ البتہ ایک صورت اور بھی ہے۔ کہ شہد کی مکھی یا بھڑ سے ہاتھ اپنی انگلیاں ڈسوالے اس طرح سارے جسم کو چھوڑ کر خود اکیلا ہاتھ بہت موٹا ہو جائے گا۔ لیکن یہ فربہ پن تو سوجن ہے بیماری ہے اسی طرح جو لوگ قوم کا بھلا اپنا بھلا نہیں سمجھتے اپنے خود (آتما) کو قوم کے خود (آتما) سے جدا مانتے ہیں۔ ایسے خود غرضیوں کو سوائے سوجن بیماری کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا ہاتھ وہی طاقتور اور مضبوط ہوگا جو کان ناک آنکھ پیر وغیرہ سارے جسم کے آتما کو اپنی آتما مان کر عمل کرتا ہے اور آدمی وہی پھلے پھولے گا۔ جو ساری قوم کی جان کو اپنی جان مانتا ہے۔

ایک باعث اُس ملک کے زبردست ہونے کا یہ بھی ہے کہ وہاں برہم چریہ ہے طاقت انسانی کو زائل نہیں ہونے دیتے عموماً بیس برس تک تو لڑکے لڑکی کو خیال بھی نہیں آتا۔ کہ بیاہ کیا چیز ہے اس کا ایک سبب بغور دیکھنے سے یہ معلوم ہوا کہ لڑکے لڑکیاں بچپن سے اکٹھے کھیلتے کودتے ایک چھت کے نیچے لکھتے پڑھتے اور ساتھ ساتھ رہتے تھے اور پھر پہلو بہ پہلو کالجوں میں تعلیم پاتے ہیں بدیں وجہ آپس میں بھائی بہین کا سا رشتہ بنا رہتا ہے اور دل عفت اور پاکیزگی سے بھرے رہتے ہیں وہاں لڑکیاں بلحاظ جسم لڑکوں کے برابر مضبوط ہوتی ہیں اس لئے جوانی میں ان کی اولاد بھی طاقتور ہوتی ہے۔ مرد اگر مضبوط ہے اور عورت کمزور تو اس کا اثر نصفا نصف اولاد پر ہوگا ایک مرتبہ جھیل لیک جنیوا کے کنارے رام رہتا تھا۔ ایک تیرہ سال کی لڑکی جھیل میں تیرتے تیرتے تین میل تک چلی گئی کشتی پیچھے پیچھے تھی مبادا ڈوبنے لگے تو مدد کی جاوے۔ مگر کہیں مدد کی ضرورت نہ پڑی جب لڑکیوں کا یہ حال ہے تو بعد میں ان کی اولاد کیوں قوی نہ ہوگی اور

جب بدن میں صحت ہے تو دلوں میں کیوں صحت (پاکیزگی) نہ ہوگی اور ان کے برہمچریہ کی یہ بھی ایک وجہ ہے۔ کمزوری سے پاپ ہوتا ہے بدہضمی سے ناپاکی ہوتی ہے معدہ صحت میں نہ ہو تو خواہ مخواہ کی چنتا اور فکر دامنگیر پڑے ہوتے ہیں جب صحت درست نہیں ہے تو بات بات میں کرودھ پڑا آتا ہے۔ وید میں لکھا ہے کہ کمزور اس آتما کو نہیں جان سکتا (नायमात्मा बलहीनेन) کمزور کی دال ایشور کے گھر میں بھی نہیں گلتی جس کے اندر روحانی اور جسمانی بل نہیں ہے وہ برہمچریہ کو کب قائم رکھ سکتا ہے؟ اور یہ بھی ظاہر ہے۔ کہ برہمچریہ سے عاری جسمانی اور روحانی طاقت سے عاری ہو جاتا ہے۔

وہاں کالجوں میں کیا کیفیت ہے۔ بی۔ اے ایم۔ اے اور ڈاکٹر آف فلاسفی کی ڈگری تک جسمانی تعلیم ساتھ ساتھ دی جاتی ہے جنگی تعلیم۔ زراعت اور لوہار بڑھئی معمار کا کام برابر سکھلایا جاتا ہے آدمی کے اندر تین بڑے محکمے ہیں۔ ایک کرم اندریہ۔ دوسرا گیان اندریہ اور تیسرا انتہ کرن ان کو انگریزی میں ملنے والے تین لفظوں سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ ہینڈ۔ ہیڈ اور ہارٹ۔ گیان اندریوں (حواس خمسہ) سے باہر کا علم اندر جاتا ہے اور باہر کی اشیاء اندر اثر کرتی ہیں۔ کرم اندریوں (مثل ہاتھ پیر) سے اندر کی طاقت باہر اثر کرتی ہے کرم اندریہ اور گیان اندریہ اگر متناسب نشو و نما اور ترقی پاویں تو بہتر ہے اگر باہر سے علم کو ٹھونسے جاویں اور اندر کے علم و طاقت کو باہر نہ نکالتے رہیں تو حالت ویسی ہی ہو جاتی ہے۔ کہ آدمی کھاتا تو ہے۔ لیکن اس کے بدن سے کچھ اخراج نہ ہو سکے۔ اس کا نتیجہ ہوگا۔ عقلی بدہضمی اور روحانی قبض یہ تعلیم نہیں ہے بیماری ہے امریکہ میں عموماً یونیورسٹی کی تعلیم کا یہ مقصد اور غرض ہے کہ ملک کی چیزیں کام میں لائی جاویں۔ یعنی زمین معدنیات نباتات اور اجناس وغیرہ کا استعمال اور زیادہ قیمتی بنانا معلوم ہو جائے۔ جتنے فنون سکھلائے جاتے ہیں براہ راست کار آمد اور مفید مطلب۔ کوئی لڑکا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بے فایدہ کیمسٹری نہیں پڑھے گا اگر اس نے علم کیمیا کو استعمال میں لانے کا ہنر مثل کیمیکل انجینئرنگ وغیرہ بھی ساتھ نہ سیکھنا ہو۔

ایک مذہبی کالج میں رام کا لیکچر ہوا لیکچر کے بعد کالج کے لوگوں نے اپنی جنگی قواعد دکھلائی اور کالج کے جنگی نعروں وغیرہ سے لیکچرر کی سلامی کی رام نے پوچھا یہ کیا؟ مذہبی تو کالج اور جنگی تعلیم پرنسپل صاحب نے جواب دیا مذہب کے معنی ہیں جسم و جسمانیت کو عیسےٰ کی طرح صلیب پر چڑھا دینا خودی کو مٹا دینا جان کو ملک کی خاطر ہتھیلی پر اٹھائے پھرنا۔ اور یہ جان نثاری اور سچی بہادری کی روح جنگی تعلیم سے آتی ہے اب نرم دلی صفا قلبی کی تعلیم کی کیفیت دیکھئے۔

ایک یونیورسٹی میں رام گیا جو طالب علموں اور استادوں کی کمائی سے چل رہی ہے۔ طالب علم وہاں فیس وغیرہ کچھ نہیں دیتے علاوہ اور تعلیم کے پروفیسروں کے زیر اہتمام کالج کی زمین پر یا مشینوں (کلوں) پر کام کرتے ہیں۔ پروفیسر ایجاد و اختراع کرتے ہیں اور کرنا سکھاتے ہیں زمین کے انوکھے ڈھنگ کی اور نرالی پیداوار اور نئی کاریگری کی آمدنی سے سب اخراجات ادا ہوتے ہیں رام کی موجودگی میں ایک کمرے میں طالب علموں کی آپس میں تکرار ہو پڑی پریزیڈنٹ کے پاس مقدمہ گیا پریزیڈنٹ نے اس کمرہ میں سب کام بند کرا دیا۔ پیانو بجانا شروع کرا دیا ۱۵ منٹ میں مقدمہ فیصل ہو گیا۔ یعنی خود بخود صلح ہو گئی۔ واہ! جن کے اندر شانت رس بھرا ہے۔ باہر کی موسیقی ان کے اندر کی صلح اور امن کو اکسانے کے لئے کافی بہانہ ہو جاتی ہے اور کیسا انتظام ہے ہوا میں ستوگن بھر دیا۔ دلوں کی کھٹ پٹ آپ ہی رفع ہو گئی۔

شکاگو یونیورسٹی کے ایک انڈر گریجوایٹ نے رام کے چند (فلسفہ پر) لیکچروں کے نوٹ لئے اور تھوڑے دنوں میں اپنی طرف سے الفاظ و تقریظ کے بعد ان کی ایک کتاب بنا کر یونیورسٹی میں پیش کی اس طالب علم کو ایک جماعت کی ترقی فی منظور دی گئی۔ یہ

نہیں دیکھا کہ آیا اس نے مل اور ہیملٹن کی کتابوں سے اپنے دماغ کو لیٹریگ بنایا ہے کہ نہیں۔ بے شک اصلی تعلیم کا معیار یہ ہے کہ ہم اندر سے کس قدر علم باہر نکال سکتے ہیں۔ یہ نہیں کہ باہر سے اندر کس قدر ڈال چکے ہیں۔

رام ایک دفعہ کوہستان شاستا کے جنگلوں میں رہتا تھا۔ کچھ آدمی ملنے آئے ان کے ساتھ ایک بارہ برس کی لڑکی بھی تھی۔ سب رام کے اوپدیش کو بغور سنتے رہے۔ لیکن تھوڑی دیر کے لئے لڑکی الگ جا کر بیٹھ گئی جب واپس آئی تو ایک کاغذ پیش کیا۔ یہ کیا تھا؟ رام کا کل اپدیش جسے وہ انگریزی نظم میں پڑھ لائی بعد میں یہ پوسٹری وہاں کے اخباروں میں چھپ بھی گئی۔ بچوں کی یہ ذہانت اور لیاقت ان کو آزاد رکھنے کا نتیجہ ہے

انسان خواہ بچہ ہو خواہ بزرگ حیوان ناطق کہلاتا ہے ان دو اجزا میں نطق تو سوار ہے اور حیوانیت گویا سواری کا گھوڑا جب ہم بچوں کے نطق کو پریم سے سمجھا کر ان سے کام نہیں لیتے۔ بلکہ زجر و توبیخ جھڑک ملامت سے ان پر حکومت کرتے ہیں تو یہ گویا حیوانیت کے گھوڑے کو لاٹھی کے زور سوار (نطق) کے رانوں سے تلے سے نکال لے جانا۔ ایسی حالت میں بچے کے اندر والے کو غصہ کیوں نہ آئے۔ بچوں کو ڈانٹنا صرف حیوانیت سے کام لینا ہے۔ اور ان میں اس جزو کی ہتک کرنا ہے۔ جس کی بدولت انسان اشرف کہلاتا ہے۔ جبر یہ ملامت کرنا ان کے اندر بیٹھے بزرگ کی توہین ہے۔ بلا سمجھائے یا وجہ بتلائے بچے پر حکم نہی نافذ کرنا کہ ایسا مت کرو۔ ویسا مت کرو۔ اسے وہ کام کرنے کی تحریک بالواسطہ کرنا ہے جس وقت خدا نے حضرت آدم سے فرمایا کہ فلاں درخت کا پھل مت کھانا تو اسی روک کے باعث حضرت آدم کے دل میں یہ خیال بد پیدا ہوا اس باغ جنت میں ہزاروں درخت تھے لیکن جب قید لگائی گئی کہ یہ نہ کھانا تو خواہ مخواہ اس کے کھانے کی خواہش ہوئی۔ بہت ہی ضروری اشتہاروں کا اخباروں میں یہ عنوان ہوتا ہے یہ اس کو مت پڑھنا کسی شخص نے ایک فقیر سے منتر چاہا۔ مہاتما نے منتر دیا کر کہا کہ تین مالا جپنے سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

منتر سدھ ہو جائے گا مگر شرط یہ ہے کہ خبردار! مالا جپتے کہیں بندر کا خیال نہ آنے پائے تھوڑے تجربہ کے بعد وہ بچارا فقیر سے آکر کہنے لگا پیرومرشد بندر میرے تو کہیں خیال میں بھی نہ تھا لیکن آپ کے خبردار کرنے سے اب تو بوزنہ مجھے چھوڑتا ہی نہیں یہ اثر معکوس والی اُستادی کا ڈھنگ اور ہیں نہیں بچوں کی تعلیم وہاں کنڈر گارٹن (گلزار نونہال) کے طریق پر ہوتی ہے اُستاد بچوں کے ساتھ کھیلتے کودتے گاتے ناچتے پڑھاتے چلے جاتے ہیں۔ اور بچے دل لگی کے طور پر کمال حاصل کرتے جاتے ہیں۔ مثلاً لڑکوں کو جہاز کا سبق دینا ہے ایک ایک لکڑی کا جہاز بنا ہوا ہر لڑکے کی کرسی کے آگے رکھا ہوا ہے اور بانس کی پھانکیں وغیرہ پاس دھری ہیں جن سے نیا جہاز بن سکے بچوں کے ساتھ ملے ہوئے اُستاد یا اُستانیاں کہتے ہیں "ہم تو جہاز بنائیں گے" بچے بھی دیکھا دیکھی کہنے لگتے ہیں "ہم بھی جہاز بنادیں گے" ایلو سب بیٹھ گئے ایک لڑکے نے جہاز بنا دیا۔ "دوسرا بھی کامیاب ہو گیا پھر تیسرے نے بنا لیا۔ جس کو ذرا دیر لگی۔ اور بچوں نے یا اُستانی نے مدد دے دی پھر بچوں نے بڑے شوق سے اُستانی سے خود سوال کرنے شروع کئے "اس حصے کا کیا نام ہے؟ وہ حصہ کیا کہلاتا ہے؟ یہ کیا ہے؟ وہ کیا ہے؟ اُستانی مستول وغیرہ سب کا نام بتلاتی جاتی ہے۔ اور بچے جہاز کے متعلق سب باتیں گویا خود ہی سیکھ گئے۔ ہمارے یہاں لڑکے پڑھتے ہیں کیل کیل معنے جہاز کی پیندی سر میں کیل ٹھوک گئی۔ مگر لڑکے کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیل کیا چیز ہے اور جہاز کیا ہوتا ہے وہاں شے (پدارتھ) سے واقفیت پہلے کرائی جاتی ہے نام (پد) پیچھے بتلایا جاتا ہے۔ یہاں (پد) نام پہلے یاد کراتے ہیں (پدارتھ) (شے) کا خواہ ساری عمر پتہ نہ لگے وہاں بچے سوال کرتے رہتے ہیں۔ جیسا کہ بچوں کا سب جگہ دستور ہے، اور اُستاد کا کام ہے اُن کو پورے پورے جواب دیتے جانا یہاں اتنے بڑے استادوں کو شرم نہیں آتی تھی بچوں کو سوال پوچھ پوچھ کر حیران کرتے ہیں پڑھنا وہ کیا ہے جس میں لذت روحانی نہ ہو یہاں اُستاد کو دیکھ کر بچوں کی مدرسے دہشت سے بھاگ جاتی ہے۔ وہاں

بچوں کی محبت جو اُستادوں سے ہے ماں باپ سے نہیں جو خوشی سکول میں ہے گھر میں نہیں سکولوں میں فیس وہاں نہیں لی جاتی۔ اور کتابیں سب کو مفت دی جاتی ہیں۔

دُکانوں کی وہاں کیا حالت ہے۔ شکاگو میں رام ایک دُکان پر مدعو ہوا۔ جس کے فرش کا رقبہ ایک تہائی غازی پور سے کم نہ ہوگا۔ اور دُکان کے نیچے اوپر پچیس منزلیں تھیں۔ جس منزل پر جانا چاہو۔ بالا کش کمرے (ایلیوٹیر) جھٹ لے جائیں گے ہر منزل میں نئی قسم کا مال بھرا ہوا تھا۔ کروڑوں کے گاہک روز آتے ہیں لیکن دوکان والوں کا سلوک سب کے ساتھ یکساں ہے چاہے لاکھ کا خریدار ہو چاہے پانچ پیسہ کا قیمت ایک ہی ہوگی ہر چیز کے اوپر لکھی ہے اس سے کوڑی کم نہیں۔ کوڑی زیادہ نہیں۔ اور خندہ پیشانی سب کے ساتھ یہاں تک کہ جو کچھ بھی نہ خریدے اور دس چیزوں کی قیمت پوچھ پوچھ کر چلا جائے اُسے بھی دروازے تک چھوڑنے آتے ہیں اور حسب دستور سلام کرتے ہیں۔ اس بڑے شاپ پر ہی نہیں معمولی دُکانوں پر بھی یہی سلوک ہے۔

امریکہ جاپان انگلینڈ۔ جرمنی میں پولیس از حد شائستہ اور رعایا کی خدمتگار ہے۔ پرجا رکشک ہے۔ پرجا بھکشک نہیں بعض ناظرین شاید دل میں کہہ رہے ہوں گے۔ کہ بس اب بند کرو۔ امریکن لوگوں کی بہت ثنا خوانی کرلی ان کے گیت کہاں تک گائے جاؤ گے کیا ہمیں امریکی بنایا چاہتے ہو اس وہم والوں کو رام کہتا ہے کہ ہندوستانی امریکن نہیں اہر اسر اہر دُور ہو خیال جس کے دل میں بھی آیا ہو دفع ہو یہ امید جس نے کبھی کی ہو رام کا ایسا خیال ہرگز نہیں نہ ہوا ہوگا البتہ بعض باتیں اُن ملکوں سے لینا ہم لوگوں کے لئے ضروری ہے۔ اگر ہم نیستی کے چنگل سے بچنا چاہتے ہیں اگر ہمیں ہندو بنے رہنا منظور ہے تو ہمیں ان کے علوم و فنون لینے ہونگے خواہ کس قیمت پر ملیں جب رام امریکہ میں رہا تو سر پر پگڑی ہندوستانی تھی۔ لیکن بازاروں میں برف ہونے کے باعث پاؤں میں جوتا اُسی ملک کا تھا۔ لوگوں نے کہا کہ کیوں جوتا بھی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہندوستانی نہیں رکھتے - رام نے جواب دیا کہ سر
تو ہندوستانی رکھوں گا - لیکن پاؤں تمہارے
لے لوں گا - رام کی نیت تو یہ ہے - کہ آپ
ہندوستانی بنے رہ کر امریکہ والوں سے بڑھ
جاؤ اور یہ اُن قوموں سے گریز کرتے ہوئے
نہیں ہو سکتا آج برق اور دخان ریل تار وغیرہ
اور مکان وغیرہ (فاصلہ اور وقت) گویا
ہڑپ گئے ہیں - دُنیا ایک چھوٹا سا ٹاپو بن
گئی ہے سمندر سدراہ ہونے کی بجائے شاہراہ
ہو گیا ہے جن کو کبھی علیحدہ ملک گنتے تھے وہ
شہر ہو گئے ہیں اور اگلے شہر گویا گلیاں
ہو رہی ہیں آج اگر ہم اپنے تئیں الگ تھلگ
رکھنا چاہیں اور دیگر قوموں سے جُدا مان کر
اپنی ہی ڈھائی چاول کی کھچڑی پکائیں آج
بیسویں صدی میں اگر ہم بیسویں صدی قبل از
مسیح کے رسم و رواج برتیں - آج ہم اگر
مغربی فنون کا مقابلہ کرنا نہ سیکھیں - آج اگر
ہم اودھار دھرموں کی لڑائی جھگڑے چھوڑ
کر نقد دھرم کو نہ برتیں تو ہم اس طرح سے
اُڑتے ہیں جیسے برق اور دُخان سے فاصلہ
اور وقت اپنی حالت کو پہچانو ؎

کنچن ہووے کیچ میں کچھ میں امرت ہووے
وِدیا ناری نیچ میں تینوں کیجے سوئے

جب ہندوستان میں اقبال تھا تو اپنے کو کوئیں
کا مینڈک نہیں بنا رکھا تھا جب پشکر میں یگیہ
ہوا تو حبشی چینی ایرانی قوموں کے لوگوں کو
دعوت دی گئی - راجسو یگیہ کے پہلے بھیم ارجن
نکل سہدیو پانڈو دور دور کے غیر ملکوں میں
گئے خود رام چندر مریادا پرشوتم اوتار نے سمندر
پار جانے کی مریادا باندھی ؎

دوش از مسجد سوئے میخانہ آمد پیر ما
چیست یارانِ طریقت بعد ازیں تدبیر ما

اُن دنوں تو ہندوستان کو غیر ملک کا محتاج
بھی نہ تھا - لیکن آج اور ملکوں کے فنون سیکھنے
کی وہ ضرورت ہے کہ ان بغیر جان جاتی ہے -
پس آج ہندوستان اگر جینا چاہے تو امریکہ یورپ
جاپان وغیرہ باہر کی دُنیا سے اپنے تئیں خود چھیک
نہ لے (خارج نہ کر دے) باہر کی ہوا لگنے
سے جان میں جان آ جائے گی ہندو باہر جائینگے
تو پیچھے ہندو بن جائیں گے باہر جانے سے اپنے
شاستر کی قدر معلوم ہو گی اور شاستر عمل میں
آنے لگے گا تم اپنے تئیں تارک الدنیا بنا نہیں
سکتے - جتنا اجنبی لوگوں سے گریز کیا اتنا اُن
کے غلام بن کر رہنا پڑا -

قوت خیال

پرانوں میں سنا کرتے تھے
اور پڑھا کرتے تھے کہ
فلاں رشی کے بریا سراپ سے فلاں کس کی
حالت بدل گئی یوگ باشسٹھ میں مثلاً پتھر
میں سرشٹی (دنیا) دکھانے کا ذکر آتا ہے
لیکن امریکہ میں اس قسم کے معاملے آنکھوں کے
سامنے مشاہدہ سے گزرے یونیورسٹی کے مکانوں
اور ہسپتالوں میں اس قسم کے تجربے کئے جاتے
ہیں ہزاروں بیمار صرف قوت خیال سے راضی کئے
جاتے ہیں - پروفیسر کی تحریک سے میز کا گھوڑی
نظر آنا - یا جیمز صاحب کا ڈاکٹر بال ہو جانا
(شخصیت کا بدل جانا) پرانے جیمز پن کا اڑ جانا
اپنی آنکھوں دیکھا

توحید

سنسکرت میں ویدانت (توحید)
کے ازحد مستانہ نسخے ہیں زنانہ
کی ابھدوت گیتا - اشٹاوکر گیتا شنکر آچاریہ
کے استوتر یا بعض حصے یوگ باشسٹھ کے
فارسی میں سب سے بڑھ کر توحید کا کلام
شمس تبریز کا ہے اس سے اُتر کر مثنوی
شریف شیخ عطار مغربی وغیرہ - لیکن امریکہ میں
والٹ وہٹمن کے اوراق گیاہ ہی توحید کی
مستی اور آزادی لاتے ہیں جو ابھدوت گیتا
اشٹاوکر ترانہائے شنکر شمس تبریز اور بلھا شاہ
کا کلام - بلکہ اُن سے بھی کہیں بڑھ کر ؎

ڈٹا کر کھڑا ہوں خوف سے خالی جہان میں
تسکین دل بھری ہے میرے دل میں جان میں
سونگھیں زمان مکان ہیں میرے پیر مثل سگ
ہو سکتا میں نہیں ہوں نام و نشان میں

حبشی غلاموں کو آزادی دینے کے لئے امریکہ کے
خانہ جنگی کے دنوں میں وہٹمن ہر لڑائی میں سب
سے آگے موجود تھا - دونوں طرف زخمیوں کو
مرہم پٹی کرنا پیاسوں کو پانی پلانا سسکتی جانوں
کو اپنے تبسم سے جان میں جان لانا اور اسی
موقعہ کی اپنی تازہ تصنیف و نغمہ اوراق گیاہ
کو رات دن گاتے پھرنا اس کا دل لگی کا کام تھا
اس ہنگامہ اور شورشوں میں معرکہ کے کارزار

Adhik Dayanand Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

میں بلا کے جنگ و جدل میں ڈھٹن ایسا بشاش اور جمع خاطر پھرتا تھا۔ جیسے شیو شنکر بھوت پریت کے گھمسان میں یا جیسے کرشن بھگوان کورو چھیتر کے میدان میں مبارک تھے ان لگاتار لڑائیوں کے نیم بسمل جو ایسے مسیحا کے درشن کرتے جان بحق ہوئے۔ ؎

شب ہو ہوا ہو دھوپ ہو طوفان ہو چھیڑ چھاڑ
جنگل کے بیٹر کب انہیں لاتے ہیں دھیان میں
گردش سے روزگار کی ہل جائے جس کا دل
انسان ہو کے کم ہے درختوں سے شان میں

اس درجہ کا برہم تشٹھ (عارف باعمل) امریکہ میں ہنری تھورو بھی ہوا ہے۔ سچے برہمچاری یا سنیاسی کی زندگی تنہا جنگلوں میں بسر کرتا تھا۔ البتہ شستی پرست سادھو نہ تھا۔ امریکہ کا سب سے بڑا مصنف ایمرسن اس تھورو کی بابت لکھتا ہے کہ شہد کے بھڑ اس کی چارپائی پر اس کے ساتھ سوتے ہیں۔ لیکن اس نڈر پریم کے پتلے کو نہیں ڈسے جنگل کے سانپ اس کے ہاتھوں اور ٹانگوں کو چمٹ جاتے ہیں لیکن وہ کنگن اور پازیب کی طرح ان کی پرواہ نہیں کرتا کیسا دیال بھوشن ہے! راستہ چلتے چلتے ایمرسن نے پوچھا کہ یہاں کے پرانے باشندوں کے گھر کہاں ملتے ہیں؟ تو حسب دستور جھٹ جواب دیا "جہاں چاہو" اور اتنے میں جھک کر اسی جگہ سے مطلوبہ تیر اٹھا کر دے دیا۔ درشٹی سرشٹی یا (مسئلہ دید پدید) کی کیا عملی مشق ہے۔

خود ایمرسن جس کی تصنیفات نے نئی دنیا میں نئی روح پھونک دی بھگوت گیتا اور اپنشدوں کا نہ صرف عالم بلکہ بہت بڑا عامل تھا اس نے اپنے مضامین میں اپنشد اور گیتا کے اکثر جگہ حوالے دیئے ہیں اور اس کے بچ کے دوستوں کی زبانی معلوم ہوا کہ اس کے خیالات پر بالخصوص کل گیتا اور اپنشدوں کا اثر تھا۔ مہاتما تھورو اپنے والڈن میں لکھتا ہے "علی الصباح میں اپنے دل و دماغ کو بھگوت گیتا کے پوتر گنگا جل میں اشنان کراتا ہوں یہ وہ معظم اور عالمگیر فلسفہ ہے کہ اس کو تحریر میں آئے دیوتاؤں کے سالوں کے سال بیت گئے۔ لیکن اس کے برابر کی تصنیف نہیں نکلی۔ اس کے مقابلہ میں ہماری موجودہ دنیا مع اپنے علم ادب کے حقیر اور ناچیز معلوم دیتی ہے۔ اس کی بزرگی ہمارے قیاس و گمان سے اس قدر برتر ہے کہ مجھے کئی دفعہ خیال آتا ہے کہ شاید یہ فلسفہ کسی اور ہی یگ میں لکھا گیا ہوگا" ایک اور موقعہ پر مصر کے عالیشان میناروں کا ذکر کرتے تھورو لکھتا ہے کہ پچھلی دنیا کی تمام یادگاروں میں بھگوت گیتا سے عجیب ترین کچھ نہیں" یہی بھگوت گیتا اور اپنشدوں کی تعلیم عمل میں آئی ہوئی عملی ویدانت یا نقد دھرم ہو جاتی ہے اسی کو رگوں پٹھوں میں لا کر وہ لوگ ترقی پا رہے ہیں۔

آپ کے ہاں یہ قیمتی نوٹ (ہنڈی) موجود ہے پر کاغذ کے نوٹ سے خواہ کتنا ہی قیمتی ہو بھوک نہیں اترتی پیاس نہیں بجھتی بدن کا جاڑا دور نہیں ہوتا۔ اس ہنڈی کو بھنا کر نقد دھرم میں بدلنا پڑے گا۔ آج وہ لوگ اس نوٹ کی قیمت دے سکیں گے۔ آج وہ ہنڈی کھری ہو سکتی ہے۔ کرو کھری

جب سیتا جی اجودھیا سے بن باس کو سدھاریں تو ان کے پیچھے رونق دور گئی۔ ماتم پھیل گیا رعیت بے چین ہو گئی راجا کا شریر چھوٹ گیا رانیوں کو رونا پیٹنا پڑ گیا تخت چودہ برس تک گویا خالی رہا اور جب سیتا جی کو سمندر پار سے لانے کے لئے رام کھڑا ہو گیا۔ تو پرندے (گرڑ جٹایو) بھی مدد کو تیار ہو گئے جنگل کے حیوان (بندر۔ ریچھ وغیرہ) لڑنے مرنے کے لئے خدمت میں حاضر ہو گئے۔ کہتے ہیں اپنی چھوٹی حیثیت کے مطابق گلہریاں بھی منہ میں ریت کے دانے بھر بھر کر پل باندھنے کے لئے سمندر میں ڈالنے لگ گئیں۔ ہوا اور پانی بھی موافق بن گئے پتھر بھی جب سمندر میں ڈالے تو سیتا کی خاطر اپنی عادت کو بھول گئے اور بجائے ڈوبنے کے تیرنے لگے ؎

کنم مہد سر فدائے پائے سیتا
چہ کیتا سر چہ دہ تا سر چہ سی تا

سیتا سے مراد ادھیاتم رامائن میں ہے برہم ودیا ہم کہیں گے یہ عملی برہم ودیا (نقد دھرم) کو الوداع کہنے سے ہندوستان میں سب طرح کی تباہی وارد ہوئی۔ کیا کیا مصیبت نہیں آئی۔ کس کس دکھ اور بیماری نے ہمیں تختۂ مشق نہیں بنایا ہائے سیتا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سمندر پار چلی گئی - عملی برہم ودیا کو سمندر پار سے لانے کے لئے کھڑے تو ہو جاؤ اور دیکھو تمام کائنات کی طاقتیں آپس میں شرطیں باندھ کر تمہاری خدمت بجا لانے کو دست بستہ حاضر کھڑی ہیں سب کے سب دیوتا اور ملائک سر تسلیم خم پڑے ہیں - قدرت کے قانون قیمیں

کھا کھا کر تمہاری مدد کو کمربستہ تیار کھڑے ہیں - اپنی خدائی میں جاگو اور پھر دیکھو ہوتا ہے کہ نہیں -

سارے جہان سے اچھا ہندوستان ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی وہ بوستان ہمارا

اوم - اوم - اوم

رام

مفید اور کار آمد معلومات اور ہدایات

ترکاریاں اور ساگ بونے کا وقت

نام ترکاری	بونے کا وقت	تیاری کا وقت
سرسوں	نومبر	فروری
گھوٹیاں	اپریل	اکتوبر
مونگ پھلی	مارچ	"
تربوز	فروری	مئی
پیٹھا	جون	اکتوبر
شلجم	اکتوبر	جنوری
کریلا	گرما	برسات
کدو	برسات گرما	برسات سرما
توری	گرما	برسات
بینگن	اپریل - ستمبر	ستمبر اپریل
سیم	گرما برسات	برسات گرما
کانفلی پھل	گرما	برسات
بھنڈی	جون	برسات
چقندر	ستمبر	جنوری
تربوز	فروری	جون
کھیرا	مئی	برسات
گاجر	بعد برسات	سرما
آلو	اکتوبر	فروری
میتھی	بعد برسات	سرما
دھنیا	سرما	گرما
ادرک	گرما	سرما
ہلدی	برسات	سرما
پیاز	سرما	گرما
مرچ	گرما	برسات
گوبھی	برسات	سرما

نام ترکاری	بونے کا وقت	تیاری کا وقت
مٹر	کاتک	پھاگن
اجوائن	سرما	گرما
گیندا	سرما	
نرگس	برسات	
گولر	گرما	
نارنگی	بعد برسات	
انار	برسات	بہہ کام
امرود	بعد برسات	
آڑو	گرما	
ناشپاتی	برسات	
الوچہ	گرما	

نام پھول درخت	موسم
چمبا	سرما
گیندا	سرما
نرگس	برسات
گولر	گرما
نارنگی	بعد برسات
انار	برسات
امرود	بعد برسات
آڑو	گرما
ناشپاتی	برسات
الوچہ	گرما
انجیر	گرما
خرمانی	"

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نام پھول درخت	موسم	
شہتوت	برسات	
سوسن	گرما	
سیب	سرما	
نیموں	برسات	
انجیر	گرما	
بھی	گرما	
کیلا	گرما	
کیوڑہ	بعد برسات	

کس کس مہینہ میں کیا کیا لگانا

جنوری۔ ماگھ ہر قسم کی قلم لگانا تقسیم گل داؤدی گلاب بدلنا چھٹائی وغیرہ خربوزہ تربوز ککڑی بینگن بونا۔

فروری۔ پھاگن تخم مہر طلا و ٹیکم کا بونا

مارچ۔ چیت۔ سستی و خربوزہ بونا چھٹائی بھنڈی کدو کاشی پھل ہاتھی چک بونا۔ بیرو لال پتا آبپاشی۔ ترئی مونگ پھلی۔ گھوئیاں کریلا مرچ سیم بونا۔

اپریل۔ بیساکھ۔ رتالو کھیرا شکرقند رس بھری ادرک بونا۔

مئی۔ جیٹھ ارارروٹ پیٹھا زمین قند بونا

جون۔ اساڑھ آم کا تخم بونا ہلدی ٹنڈا کدو سیم شکر قند کاشی پھل ہونا۔

جولائی۔ ساون پیوند باندھنا آڑو آلوچہ نارنگی وغیرہ کا تخم پھولوں کا بونا گوبھی ٹماٹر بونا۔

اگست۔ بھادوں امرود انار شریفہ انناس بونا چشمہ باندھنا گاجر شلجم بونا گلاب بدلنا قلم لگانا کروٹم۔ دہندی گورکھ دھندا وغیرہ۔

ستمبر۔ کنوار کیوڑہ لگانا۔ چھٹائی ناریل و گلاب کی۔ پھول سرمائی بونا مولی کرم کلا پیاز مصالحے بونا۔

اکتوبر۔ کاتک آم تیج اسٹابری چکوترہ آلوچہ آڑو۔ کھرنی سفری بادام شیر بیضہ وغیرہ بونا مٹر مرچ بالکا سینکری وغیرہ بونا۔

نومبر۔ اگھن آلو کو مٹی دینا رتالو و ہاتھی چک اکھاڑنا پودینہ پیپر منٹ بونا جڑ خالی کرنا آم آلوچہ آڑو انگور قلم گلاب گل مینا لگانا۔

درختوں کا چھانا۔

دسمبر۔ پوس مصالحہ وغیرہ بونا چھانٹنا مہندی آڑو انگور انجیر وغیرہ کا خالی جڑ کو دابنا قلم لگانا درمنا کی۔

جانوروں کے ایام حمل

ہاتھی ۲۰ ماہ اونٹ ۱۲ ماہ گدھا ۱۲ ماہ گھوڑی ۱۱ ماہ گینڈا ۹ ماہ گاؤ ۹ ماہ ہرن ۸ ماہ بھیڑ بکری ۵ ماہ سور ۴ ماہ گھوڑی ۲۸ دن خرگوش ایک ماہ چوہا ۲۸ دن بندر ۷ ماہ ریچھ ۶ ماہ شیر ۱۰۸ دن کتا ۶۳ دن بھیڑیا لومڑی بلی ۵۶ دن۔

جانوروں کی عمریں

ہویل مچھلی ۴۰۰ سال اونٹ ۴۰ سال کتا ۱۲ سال بلی ۱۰ سال ہاتھی ۲۰۰ سال مکڑی ایک سال سارس ۲۴ سال مینڈک ۲۰ سال ہرن ۲۰ سال گدھا ۲۵ سال بیل ۲۰ سال ریچھ ۲۰ سال گھوڑا ۲۵ سال۔ بکری ۱۰ سال شیر ۶۰ سال سور ۲۰ سال۔ بندر ۱۶ سال کچھوا ۱۰۰ سال کچھو ایک سال سانپ ۷ سال

انڈا دینے کا وقت

راج ہنس ۳۰ دن مرغی ۲۱ دن بطخ ۳۰ دن مور ۲۸ دن فیل مرغ ۲۸ دن کبوتر ۲۱ دن طوطا ۴۰ دن۔

بچوں کے دانت نکلنے کا وقت

بیچ کے دو دانت سب سے پہلے ۵ - ۸ دن مہینے میں پھر ان کے پاس والے ساتوین سے دسویں تک پھر ڈاڑھیں بارہویں سے چودھویں تک پھر تیز نوکدار ۱۶ سے بیسویں مہینہ تک۔ پھر دوسری داڑھیں بیسویں سے تیسویں مہینے تک۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اچھا اور برا

دتون کے واسطے لکڑی عمدہ آک کی جڑ
ببول نیم کیر پیپل بانسہ آنولہ سیہورا کرنج
بڑہ مہوہ موسلی۔
دتوں کرنا منع ہے بدہضمی والے کو قے دمہ
بخار لقوہ زیادہ تشنگی منھ لکچانا امراض قلب
امراض سر کان کی بیماری گلا ہونٹھ زبان
ہچکی نشہ کھانسی کی بیماری والے کو۔ دتوں ایک
بالشت لمبی اور انگلی کے برابر موٹی ہو چھال
میں کیڑا یا کوئی بیماری نہ ہو گرہ دار نہو۔ گرم
پانی سے کلی کرنا یا گرم روٹی دانت سے کاٹنا۔
زیادہ برف کھانا پینا یا گرم چیز کھا کر ٹھنڈی
چیز کھانا پینا یہ دانتوں کو جلد خراب کرتا ہے۔
پانی پینا منع ہے رات کے وقت امرود کھیرا گنا
خربوزہ یا اور کوئی پھل کھا کر ورزش یا جماع
کے بعد۔ دھوپ میں سے آکر فوراً پسینہ کی
حالت میں پیخانے سے آکر قے کرنے کے
بعد دودھ پی کر یا پہلے پینے سے۔

زیادہ پانی پینا منع ہے پانڈو روگ اسہال پیچش
بواسیر آنکھ دکھنا پھوڑا جذام زکام بخار
والے کو

ٹھنڈا پانی مفید تشنگی خماری غشی قے تکان
رکت بہت زہر گرمی درد خون فساد نشہ کی
حالت میں۔

گرم پانی مفید امراض مثانہ بدہضمی بخار قولنج
پیٹ دمہ پسلی روگ۔ کف بات روگ۔

مٹھا اس کا پینا بہت مفید ہے اور آب حیات
کی تاثیر رکھتا ہے کھانے کے بعد پینا لازم
ہے اس کا ہمیشہ استعمال کرنا ان بیماریوں کو
کھوتا ہے۔ بواسیر سوزاک بھگندر۔ جریان
گولہ اتیسار شول تلی جذام ورم تشنگی کرم
لار بہنا مسموم پیچش پانڈو روگ سید روگ
دق سوء المزاج معدہ

کھانے کے بعد منع ورزش جماع سونا دوڑنا
تیرنا سوار ہونا دھوپ آگ۔
بارہ ماسہ۔ چیت میں گڑ کھانا منع بیساکھ میں تیل
اساڑھ میں بیل ساون میں دودھ بھادوں میں
مٹھا و مولی۔ کنوار کریلا کاتک دہی اگہن میں
زیرہ پوس میں دھنیا ماگھ مصری پھاگن میں
چنا کھانا منع ہے۔

متضاد خوراکیں ایک ہی وقت میں ذیل کی
چیزیں کھانا منع ہے۔
دودھ کے ساتھ خربوزہ کٹھی چیز مولی انجیر
لیموں مٹر کلتھی کنگنی۔ شہد کے ساتھ گھی
کنول گٹہ گڑ تیل۔
بھکلادہ کے ساتھ گرم غذا پان
مولی کے ساتھ مرد کی دال
پڑھل کے ساتھ اڑد گڑ دودھ دہی گھی
کیلے کے ساتھ دہی مٹھا تاڑی
کلوہ کے ساتھ پیلی شہد مرچ گڑ
مولی دہی ایک ساتھ کھانے سے قولنج ہو
جانے کا اندیشہ ہے دودھ ترشی سے درد
معدہ دودھ گنا رس پینے سے جذام۔ لہسن
شہد اور خربوزہ سے احتراق خون کمیلا اور
دودھ سے ہیضہ شہد گھی سے فالج ہو جانے کا
خوف رہتا ہے۔

تیل ملنا مفید۔ بڈھے کو بالک کمزور۔ دبلا
خشکی والا جس کے منی کم پیدا ہو اس کو بات
کی بیماری والے کو آنکھ دکھنے والے کو انڈے
کو خارش والے کو۔

تیل ملنا منع سوء الہضم وجوع البقر والے کو
موٹا بہت کمزور اسہال پیٹ کی بیماری والے
کو مسموم گلے کی بیماری غشی قے کف پیاس
خمار استفراغ ہلاس جلاب وحقنہ والے کو تیل
نہ ملنا چاہیئے۔

قے کرنا لازم کف نیا بخار اسہال دق جذام
جریان اپچی گانٹھ فیلپاؤں جنون کھانسی دمہ
امراض قلب بسرپا بچہ کا دودھ کا مرض
مسموم بد دہی خراب چیز کھایا ہوا ایسی بیماری
والے کو قے کرانا مفید۔

قے کرنا منع حاملہ عورت خشکی والا بھوکا۔
دایم المریض بالک بڈھا دبلا بہت موٹا۔
زخمی کمزور طحال والا اندھا پیٹ میں جس
کے کیڑے ہوں بات رکت کا مریض۔ حقنہ والا
گلا بیٹھا ہو جس کا موتر گھات یا پیٹ کی بیماری
والا۔ باد گولہ۔

دست کرانا مفید۔ باد گولہ بواسیر چیچک

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جھائیں کمل باؤ دق پیٹ کی بیماری زہر کھایا ہوا تے لانے والا طحال بدردہی ہلیمک وجع معدہ امراض رحم امراض جگر پھوڑا کیڑے پیٹ میں ہوتر گھاٹ جذام جریان اپچی فیلپایہ جنوں مرگی گانٹھ کھانسی دمہ سرپ سدہ امراض قلب والے کو اند ہے کو۔

دست کرانا منع ہے۔ نیا بخار سوء الہضم رکت پت زخم مقعد جس پر عمل جراحی کیا ہو سخت معدہ والا نیومونیا کا مریض اور جو زیادہ چکنائی رکھتا ہو

زخم والے کو دینا مفید۔ جو گیہوں ساٹھی مسور مونگ مولی بتھوا چولائی کریلا پلول۔ سیندھا نمک انار آنولہ گھی چانول تیل ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔

زخم والے کو دینا منع قابض چیزیں زیادہ ٹھنڈی چیزیں۔ نیا غلہ تل دودھ اڑد سرکہ نمک کڑوی چیز کھٹائی۔

چند ضروری باتیں

سوتے وقت پاؤں کو کبھی سرد یا تر مت رکھو۔

کسی ٹھنڈی چیز پر پشت کے بل کبھی مت لیٹو

بغیر ناشتہ کے ہرگز سفر کو مت نکلو۔

سر کو ٹھنڈا اور پاؤں کو گرم رکھنا چاہیئے۔

دوپہر کا کھانا کھا کر لیٹنا اور شام کا کھا کر ٹہلنا چاہیئے۔

بیمار کے کمرہ میں دودھ ہرگز نہ رکھنا چاہیئے۔

ہاتھ پیر کے ناخن کاٹنا بال کاڑہنا و چھٹوانا نہایت مفید ہے۔

ایک ساتھ گرمی سے سردی میں نہ آنا چاہیئے

وردش کے بعد جسم کو کچھ دیر تک ہوا نہ لگنے دو

آگ سے زیادہ سیکنا ضعیف کرتا ہے۔

گرم ہوا سے سرد ہوا میں جانا پڑے تو منہ بالکل بند رکھیں

ٹھنڈی ہوا اور تیز دھوپ سے ہمیشہ بچنا چاہیئے

یہ کام بہت مضر ہیں انسے ہمیشہ پرہیز کرو

اندھیرے میں لکھنا پڑہنا زیادہ چمکدار یا سرخ چیز کی طرف دیکھنا لیٹ کر یا سواری میں بیٹھ کر پڑہنا بارش میں ننگے سر پھرنا ثقیل باسی یا پسینہ آور غذا کھانا کچے پھل کھانا کھٹائی مرچ تیل کا استعمال ناک کے بال نوچنا۔ اوندھا سونا بہت زیادہ یا بہت کم سونا اچانک اندھیرے یا روشنی میں آنا تکان کے وقت پڑہنا دہول دھوپ یا دھوئیں میں جانا آگ کے سامنے جانا فصد جلاب سیٹکی سورج کی طرف دیکھنا کسی چیز کو ٹکٹکی لگا کر دیکھنا۔ تماکو کا استعمال زیادہ کھانا یا فاقہ کرنا باریک حروف پڑہنا لمپ کو سامنے رکھکر یا کتاب کو دھوپ میں رکھکر پڑہنا زیادہ رونا خراب عینک لگانا بہت گرم کمرہ میں پڑہنا لکھتے وقت آگے کو جھکے رہنا بستر سے اٹھتے ہی پڑہنے لگنا۔ کتاب کو آنکھوں کے نزدیک رکھنا زیادہ دیر تک پڑہنا۔

یہ کام بہت مفید ہیں انکا استعمال رکھو

سبز و سیاہ رنگ دیکھنا چاند و مرغوب چیزیں و پھول دیکھنا۔ صبح ہوا کھانا پاؤں دھونا منہ دھونا دتون کرنا غذا زود ہضم پانی میں غوطہ لگا کر آنکھ کھولنا کھانا کھا کر آنکھوں پر گیلا کپڑا پھیرنا ورزش کرنا صبح ناشتہ کرنا علی الصباح باسی پانی پینا۔ ناک سے پانی پینا سر پر تیل ملنا اور پاؤں پر ہڑ کھانا۔ کھانا خوب چبا کر کھانا دست صاف آنا۔

مختلف غذاؤں کے ہضم ہونیکی مدت

قسم خوراک	گھنٹے	منٹ
اُبلے ہوئے چاول	۱	
سیب شیریں خام	۱½	
سیب تلخ	۲	
اُبلے ہوئے جو	۲	
مکھن	۳	۳۰
روٹی پختہ تازہ	۳	۳۰
آلو اُبلے ہوئے	۳	۳۰
غلہ نارسیدہ اُبلا ہوا	۳	۴۵
کچا گرم کلا	۲	

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قسم خوراک	گھنٹے	منٹ	قسم خوراک	گھنٹے	منٹ
ساگو دانہ اُبلا ہوا	۱	۴۵	اُبلے ہوئے جو کا شوربا	۱	۳۰
اُبلا ہوا دودھ	۲		اُبلا ہوا ٹیپو کا	۲	
اسپم کیک پختہ	۲	۳۰	اُبلے ہوئے چقندر	۲	۳۰
اُبلے ہوئے مٹر	۲	۳۰	گاجر اُبلی ہوئی	۳	۱۵
کٹرڈ پختہ	۲	۵۰	پرانا پنیر	۳	۳۰
اُبلے ہوئے بیم کا شوربا	۳		شلجم اُبلے ہوئے	۳	۳۰
روٹی پکی ہوئی	۳	۱۵	بیم و چقندر اُبلے ہوئے	۳	۴۵
دودھ	۴	۱۵			

پتی کی تصویر سے پتنی کا خطاب

اے شبیہ پران پتی کہو کہ کہاں وہ عالی جناب ہے
کہ تو جس کا عکس ہے ہو بہو کہ جس اصل کا تو جواب ہے
تیری چشم مست تو ہے وہی لیک نگہ پریم کیا
میری جان مجھ سے تو سچ بتا کہ تو آب ہے کہ سراب ہے
وہی پیارے پیارے ہیں لب تیرے مگر آہ کیسی یہ خاموشی
کہ بلا بلا کے ہوں میں تھکی نہ سوال ہے نہ جواب ہے
یہ وہی ہے موٹا سا قد تیرا وہی ہاں وہی رُخ پُر ضیا
نہیں اس میں لیک و نرنگ و لو گو شگفتہ مثل گلاب ہے
کروں بند آنکھیں میں کس طرح میری بیکسی پہ نگاہ کر
یہ خیال رہتا ہے ہر گھڑی یہ قیام گاہِ جناب ہے
غم جانگداز ہے کہ رہا کہ ہے روز وصل قریب ہی!
مگر آہ کہتی ہیں حسرتیں کہ ابھی تو عہد شباب ہے
مجھے چھوڑ دو یہ محال ہے تو ہمیں آئی ٹھیریئے گا ذرا
میں ہوں ایک آریہ استری کہاں پر خیال جناب ہے
جو بگڑ گئی ہوں کچھ عادتیں تو یہیں اڑا دیئے دعوتیں
میرے خون میں نشہ ہے پریم کا میرا سینہ مثل کباب ہے
بھلا یہ بھی کوئی ہے دل لگی کہ لگا کے اس طرح پھیر لی
کہاں وہ نگاہِ پریم اور کہاں یہ نگاہِ عتاب ہے
تو شبیہ پران پتی نہیں کہ میں وہ کنیز نہیں تیری
نہیں مجھ سے تو جو ہے بولتی تجھے مجھ سے کیا حجاب ہے
میں سمجھ گئی کہ تو نقل ہے وہ تھی اصل چیز کچھ اور ہی
تجھے پیاس آب سراب ہے یہ خیال عالم خواب ہے
نہیں نقش میں اور رہے کچھ لکھا بجز ایک کلمۂ یاس کے
یہ عجیب نسخہ پریم جی میری زندگی کی کتاب ہے

(چرنجی لال پریم)

مانو آریہ بھاشیہ

حال ہی میں چھپا ہے۔ یہ پرماتما پستک ویدک دھرم ورودھیوں کے ہاتھوں سے جسقدر رکاوٹوں کے کارن غیر معتبر اور ناکارگر ہو رہی تھی۔ اس کا حال عوام پر ظاہر ہی ہے۔ پنڈت آریہ منی جی نے ان تمام دقتوں کو دور کر دیا ہے۔ اجنتک کی تمام منوسمرتیوں سے اچھی طرح تحقیق کر کے اصلی منوسمرتی کو بھاشیہ سہت پرکاشت کیا ہے۔ جو بھومکا منصل پہلے دی ہے وہ ساری محنت اور تحقیقات کی گواہ ہے اس کے ہوتے ہوئے کوئی رولا نہیں رہیگا۔ قیمت فی جلد ۴ ہے

بالمیک رامائن آریہ بھاشیہ یہی اسکی بالمیکی رامائن کو ظاہر کرتا ہے بھومکا اس کی بھی قابل دید ہے قیمت حصہ اول للعہ روپیہ حصہ دوم ۳ روپیہ اس کے برابر کوئی رامائن مستند و سکھشا دایک اور ہر استری پرش کے لئے مفید نہیں ہوگی۔

کتاب چشمۂ زندگی کی فہرست مضامین پر غور کرو پھر سوچو کہ واقعی کتاب کے مطابق ہے یا نہیں؟ ملک کی تعلیم یافتہ جماعت نے متفقہ طور پر اس کے مضامین کو از حد مفید قرار دیا ہے۔ ۳۵۰ صفحہ کی مجلد با تصویر رنگین ۸ عدد کی کتاب قیمت عہ محصول ۲ر

آدیتہ رسائن ایسی دوائی اعلیٰ قسم کے فولاد اور خالص قسم کے جوہر سلاجیت کا مرکب ہے۔ طاقت کی مستند ہے کل دوا ہمت افزا مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ وہ بیرے اور سرخ کی کمی اور خرابی جو بعض نقائص جسم انسان کے اندر پیدا ہوتے ہیں ان سب کے لئے یہ ایک مجرب مرکب ہے۔ دل جگر دماغ گردہ شانہ۔ پھیپھڑا جسم کی کمزوری کو رفع کرتی ہے طاقت دیتی۔ خون پیدا کرتی ہے اور منی کو شدھ کرتی۔ قیمت ایک ڈبہ کی دوائی عہ محصول ۲ر دو ہفتہ کی بعد محصول عہ ایک ماہ کی دوائی معہ محصول

آلۂ وستی جنتر
قبض انسانی صحت کی سخت دشمن ہے
لیکن
یہ آلہ قبض اور اس سے پیدا شدہ امراض تپ دق بخار۔ زکام۔ سر درد۔ کھانسی دمہ بواسیر۔ طحال۔ مزاجی جگر۔ یرقان وزہ کے مستقل دفعیہ کے لئے تریاق! تریاق!! تریاق!!!
ہے۔ اس کے ذریعہ گزشتہ ۲ سال میں ۵۰ ہزار ۸ دو عورت مستفید ہو چکے ہیں۔ مفصل واقفیت کے لئے کتاب شودھن ردی بھی منگوا کر ایک انصد مفید سوسائی سے آشنائی بڑھاؤ۔ مکمل سامان اعلیٰ قسم دیرپا قیمت پانچ روپیہ۔ محصول ڈاک وغیرہ ۱۲ر
مفت! مفت!! مفت!!!
مستند بے ضرر قبض کشا گولیاں ۱۲ دہ ۲ آنہ کی ٹکٹ آنے ذریعہ مفت (۱۲) گولی کی قیمت ۸ر محصول ڈاک ۴ر روپیہ کی گولیاں ۱۲ محصول صاف
پتہ۔ مہتہ سیتارام دت کویرجن۔ آدیتہ اوشدھالیہ صدر بازار راولپنڈی

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نقشہ راگنیوں کے گانے کا مع وقت و موسم

نمبر شمار	نام راگ	موسم	وقت گانے کا	نام راگنی	وقت گانے کا
۱	بھیروں	گرمی و سردی کے درمیان	گھڑی رات باقی رہنے سے صبح	بھیروی	صبح
				بیواری	دوپہر
				مدھ مادھو	صبح
				سندھوی	آخر روز
		اکتوبر		بنگال	"
۲	مالکوس	ستمبر	آخر رات	ٹوڈی	صبح
		جنوری		گواری	تیسرا پہر
		فروری		گنگی	صبح
				کنبھاوتی	نصف رات کے بعد
۳	سری راگ	سردی	پہر دن	گلپ	پچھلی رات
		نومبر	باقی رہنے سے	دھناسری	آخر روز
		دسمبر	۷ بجے	اساوری	صبح
			شام	بارو	آخر روز
			تک	بسنت	دوپہر
۴	میگھ	برسات	آدھی	مالسری	بعد دوپہر
		جولائی	رات	بھوپالی	پہلی رات
		اگست	صبح تک	گوجری	رات
				دیسکار	آخری رات
۵	ہنڈول	فسل	پہر دن	ملدر	آدھی رات
		چیت	چڑھے	کلنگ	"
		بساکھ	سے	رام	صبح
		مارچ	دوپہر	للت	"
		اپریل	تک	پٹ منجری	نصف رات
				بلاول	پہلا دن
۶	دیپک	گرمی	دوپہر	دیو ساکھ	"
		مارچ		نٹ	آخر روز
		جون	ایک	کامنڑہ	پہلی رات
			پہر دن	کاموڈ	دوپہر
			باقی	دیس	"
				کدارا	آدھی رات

تعویذ

ہات سر دن کے روانی ناخن
تاکہ ہم تم
انسان کے جسم سے کس جگہ
ہم کون سر سیدا ہوتا ہے۔ ساتوں سر کس جانور کی آواز
ہم لکھتے ہیں۔

۵	ہاتھ	ہاتھ	ہاتھ	ہاتھ	ہاتھ	ہاتھ
۴	ناخن	ناخن	ناخن	ناخن	ناخن	ناخن
۳	آنکھ	آنکھ	آنکھ	آنکھ	آنکھ	آنکھ
۲	کان	کان	کان	کان	کان	کان
۱	منہ	منہ	منہ	منہ	منہ	منہ
۶	گلا	گلا	گلا	گلا	گلا	گلا
۷	ناف	ناف	ناف	ناف	ناف	ناف
۸	پاؤں	پاؤں	پاؤں	پاؤں	پاؤں	پاؤں

غزل

۱ جو اصلی شکل تیری دیکھ پاتے اپنی آنکھوں سے
۲ تو بھارت ورش تجھ کو ہم لگاتے اپنی آنکھوں سے
۳ بجز غم کے شعلے گر آنسو جلاتے اپنی آنکھوں سے
۴ تو رنج قوم میں دریا بہاتے اپنی آنکھوں سے
۵ نہیں دیکھی ہے عزت ہند کی چشم مخالف نے
۶ جو ہو سکتا تو ہم اس کو دکھاتے اپنی آنکھوں سے
۷ گئو بدھرا اناتھوں کی مصیبت سے دکھی ہم ہیں
۸ جو بچ سکتا یہ نظارہ بچاتے اپنی آنکھوں سے
۹ جو اپنے جانشینوں کی بہا بتر دیکھتے حالت
۱۰ رشی بھی خون کے قطرے گراتے اپنی آنکھوں سے
۱۱ نظر آتے انہیں کتنے پڑوسی بھوکے مرتے ہیں
۱۲ اگر اہل دول پر وہ اٹھاتے اپنی آنکھوں سے
۱۳ نہیں ہم دیکھ سکتے کلیش پرانی ماتر کا متسرا
۱۴ جو چھپ سکتا تو یہ نقشہ چھپاتے اپنی آنکھوں سے
۱۵ جنہیں تو کام درشٹی دیکھنے کی پڑ گئی عادت
۱۶ وہ پاپی دیویوں کو ہیں ستاتے اپنی آنکھوں سے
۱۷ نگاہ بد جو ڈالا کرتے ہیں عورات کے اوپر
۱۸ وہ دانستہ ہیں شہوت کو بلاتے اپنی آنکھوں سے
۱۹ نہیں کیوں پھول پڑتا دیدہ ناپاک میں ان کے
۲۰ جو ابلاؤں سے من کو ہیں دکھاتے اپنی آنکھوں سے
۲۱ مدد بھی چھوڑ دیتے عادت اس سے خوش ہو کر
۲۲ جو گورکل کو فنا ہیں دیکھ جاتے اپنی آنکھوں سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سلطنت انگلشیہ کے معزز عہدہ داران کی

فہرست جو تخت و تاج پر برسر حکومت ہیں

شہنشاہ حضور ملک معظم جارج پنجم شہنشاہ ہندوستان

حضور ملک معظم مال بارڈ محل میں ۳ جون ۱۸۶۵ء میں پیدا ہوئے۔ ۶ جولائی ۱۹۱۳ء میں آپ کی شادی حضور ملکہ معظمہ وکٹوریہ میری سے ہوئی۔ جو ۲۶ مئی ۱۸۶۷ء میں تولد ہوئیں۔ ۶ مئی ۱۹۱۰ء کو تخت پر جلوہ افروز ہوئیں۔ ۲۲ جون ۱۹۱۱ء کو رسم تاج پوشی کی ویسٹ منسٹر ایبی میں واقع ہوئی۔ اور دہلی پایہ تخت ہندوستان میں ۱۲ دسمبر ۱۹۱۱ء کو تخت نشینی کا اعلان ہوا۔

سیکرٹری آف سٹیٹ ہند ۔ موسٹ آنریبل مارکیوئس آف کریو ۔ ۷۵۰۰۰ روپیہ سالانہ تنخواہ

مستقل انڈر سیکرٹری } سر ٹی ڈبلیو ہولڈرنس کے۔ سی۔ ایس۔ آئی ۳۰۰۰ روپیہ تنخواہ سالانہ۔

پارلیمنٹری انڈر سیکرٹری ۔ آنریبل۔ ای۔ این نائیٹنگ۔ ایم۔ پی۔ ۲۲۵۰۰ روپیہ سالانہ

کونسل ۔ وائس پریزیڈنٹ جنرل۔ سر چیس۔ سی ایچ جن۔ جی۔ سی۔ بی۔ ۱۸۰۰۰ ہزار سالانہ

ممبر ۔ سر ولیم لی وارنر۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی و لفٹننٹ کرنل۔ سر ڈبلیو کے بارکے سی۔ ایس آئی سر فیلس۔ سچیٹر سر ہنٹ شکسپیر۔ بارنس۔ سر تھیوڈر۔ ماریس۔ (ہر ایک اٹھارہ ہزار) سر جے۔ جے۔ ڈی۔ لا۔ ٹچ۔ سر کرشن گوبند گپتا۔ سر جیمس ٹامسن۔ سر ٹامسن ریلے۔ سر سٹینگ ڈبلیو ایجرلی۔ علی عباس بیگ۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ لارنس کرسی (ہر ایک ۱۵۰۰۰ ہزار سالانہ)

آریہ سماج کے تمام مشہور مصنفوں کی اور دیگر اخلاقی کتب ہمیشہ پتہ ذیل سے طلب کرو۔

مینجر بھارت لٹریچر کمپنی لمیٹڈ لاہور

خضاب لاجواب

یہ مثل بے نظیر ہمارا خضاب ہے ۔ گویا جہاں میں آپ اپنا جواب ہے

خوبان عالم شباب کیخدمت میں التماس ہے کہ آجکل عموماً نہایت کم سنی کے زمانہ میں بالوں کے سفید ہو جانیکی عام طور سے شکایت پیدا ہو گئی ہے چونکہ عین جوانی میں بال قبل از وقت سفید ہو جانیکی وجہ سے صورت پیری کی نظر آتی ہے۔ لہذا ہم نے اشد ضرورت کو محسوس کر کے نہایت ہی عرق ریزی اور جانفشانی سے یہ خضاب ترکیب شباب تیار کیا ہے جو قسم روغن کے ہے ایکمرتبہ استعمال کرنے سے اسکی قدر معلوم ہو جائیگی بالکل منٹ میں بفضل حکیم حقیقی بال اپنی اصلی صورت پر سیاہ ہو کر عمدہ چمکدار و ملائم ہو جاتے ہیں جلد پرواز قطعی نہیں آنے پاتا اس کا بیشمار تجربہ ہو چکا ہے ہندوستان اور بیرہا و غیرہ کے اکثر شہروں میں اس کی خوبیاں ضرب المثل کیطرح مشہور ہیں زیادہ تعریف کرنی اپنی منہ آپ میاں مٹھو بننا ہے ۔ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید

اسکی قیمت بھی حسب دستور عام کیطرح نہایت ادنیٰ رکھی ہے تاکہ ہر طبقہ کے اصحاب اس سے مستفیض ہو سکیں اور اس پر یہ طرہ کہ اگر یہ خضاب ہماری تحریر کے مطابق مفید ثابت نہ ہو تو جسقدر استعمال میں آ گیا ہو اسکی قیمت وضع کر کے باقی قیمت واپس دیدی جائیگی یہ چیز ترکیب استعمال ہر ایک شیشی کے ملیگا قیمت فی کس عہ ایکروپیہ درجن کے خریدار کو خاص رعایت دیجاویگی جو بذریعہ خط و کتابت یا زبانی تصفیہ ہو سکتا ہے ۔

المشتہر

حکیم محمد حسین مالک کارخانہ خضاب لاجواب وغیرہ راجہ بازار راولپنڈی

سیوک آئرن ورکس گوجرانوالہ

لوہے کے کام کا بھاری کارخانہ

سودیشی کی حمایت داخل فخر ہے

ولایت آرڈر بھیجنے اور لمبی انتظار کی ضرورت نہیں ہے ہمیں سیوا کے بھاو نے مجبور کیا ہے کہ غیر ملک کا سہارا لینے سے آپ کو خلاصی دلوا دیں۔ چنانچہ ہمارا کارخانہ عرصہ چند سال سے ملک کی دیانت دارانہ بہترین خدمت کر رہا ہے جس نے ایکدفعہ آزمایا ہمیشہ کے لئے گراہک بن گیا۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ آئرن سیف۔ الماری۔ صندوق۔ کیش بکس اعلیٰ کاریگروں سے خاص نگرانی میں طیار کرائے جاتے ہیں اور لوہا عمدہ لگایا جاتا ہے۔ زیادہ تعریف وہ بھی اپنی زبانی نہیں دیتی آزمائیں اور داد دیویں۔ فہرست طلب کرنے پر مفت بھیجی جاتی ہیں۔ ایجنٹوں کی ہر جگہ اور ہر وقت ضرورت ہے۔ کمیشن کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت یا زبانی ۔

المشتہر

میسرز گوپالداس اینڈ سنز مالکان کارخانہ سیوا آئرن ورکس گوجرانوالہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اِس آواز کو سُنو

جو نیکی تجھے کرنا ہے کر جلد اُسے تو پرہیز بُرائی سے تجھے چاہیئے بد خو
دن جاتے ہیں گذرے صفتِ آبِ لبِ جو یہ بات ہے سچ اس میں نہیں فرق سرِ مو
غافل تجھے گھڑیال یہ ہے دیتا مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

سب کہتے ہیں تجھکو کہ تو بڑھتا ہے شب و روز اور رتبۂ معراج پہ چڑھتا ہے شب و روز
تو کلمۂ برنائی بھی پڑھتا ہے شب و روز اتھمان میں ہاں تیری وڑھتا ہے شب و روز
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

پابندیٔ اوقات کو تو نے نہیں جانا سندھیا کا ہون کا جو سمے تھا وہ نہ مانا
اُف اُف تیرے سونے کا نہیں کوئی ٹھکانا گھر والوں کو دشوار ہے بستر سے اُٹھانا
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

کی قدر کبھی وقت کی تو نے نہ ذرا بھی بھایا ہے طوائف کا تجھے رقص و صدا بھی
شطرنج میں پہروں ہی تو مصروف رہا بھی آواز کو ٹن ٹن کی نہ کانوں سے سُنا بھی
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

بکرم نہ رہے اور نہ یدشٹر سے رہے ہیں خسرو نہ رہے اور نہ اکبر سے رہے ہیں
دارا نہ رہے اور نہ سکندر رہے ہیں سیوا جی نہ پرتاب دلاور سے رہے ہیں
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

اِک ایک گھڑی تیرے لئے بیش بہا ہے اُپکار کی خاطر تجھے یہ موقع ملا ہے
لیکن تو عجب مستِ مئے حرص و ہوا ہے شاید کہ امر اپنے کو تو سمجھا ہوا ہے
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

بھولے سے بھی تو نے نہ لیا نام خدا کا دم بھر کو بھی تجھ کو نہ ہوا خوف فنا کا
گو آتا رہا تجھ پہ بھی پیغام قضا کا سمجھا نہیں مطلب تو مگر بانگ درا کا
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

کس خواب میں نادان تو مدہوش پڑا ہے پژمردہ و افسردہ ویسے جوش پڑا ہے
سُنتا ہی نہیں گویا کہ بے ہوش پڑا ہے اِک مُردہ بدن ہے جو کفن پوش پڑا ہے
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

مدت سے تجھے ناچ لگانے کی ہے عادت دس بجے ہی دفتر میں بھی جانے کی ہے عادت
بے جا دیجا مال کمانے کی ہے عادت پر یہ بھی کبھی دھیان میں لانے کی ہے عادت
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

ست دھرم کے اتہاس میں نام اپنا لکھا جا ہو جو کہ اٹل اور امٹ کام دکھا جا
بگڑے ہوئے بھارت کے مقدر کو بنا جا ایسا نہ ہو دنیا سے تو مایوس چلا جا
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
گردوں نے گھڑی عمر کی اک اور گھٹا دی

ایسا بہت عیش و طرب میں ہے مگر تن سموت کی خبر ہے نہ ہے معلوم تجھے سن
بھولا ہے تو یہ بھی ہے لگا ماہ مگر پھاگن ہے کون سا دن یہ بھی نہیں یاد ہے کون
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تری عمر ہے اب اور گھٹا دی

بازیچۂ اطفال میں بچپن ہے گنوایا اسکولوں میں سنتہ کا بھی ٹائم نہ لگایا
افسوس جوان ہوتے ہی دشیوں نے دبایا پیری میں بھی تجھ کو نہ کسی نے یہ بتایا
غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
اِک گھنٹہ تیری عمر ہے اب اور گھٹا دی

از کاشی ناتھ فدا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ویدک دھرم اور مذاہب عالم (۱)

منش ایک سروشکتی مان - سروگیہ - اُتم پربھو کو چھوڑ کتنے ہی انسانوں یا مادی اشیاء کو اپنا معبود بنا دیں انہیں نہ ستیہ گیان کی پراپتی ہو سکتی ہے نہ آنند اور سکھ کی - کیونکہ یہ کیول حقیقی پرماتما سے ہی مخصوص ہے ہاں اِس طرح دکھ تاپ اور اشانتی کا ادھک ہونا لازمی ہے +

ایک بچے کا غریب اور مفلس باپ مرجاوے اس کے چچا تاؤ دیگر رشتہ دار بڑے بڑے امیر ہوں لاکھوں ہی ہوں اس کی حفاظت اور پرورش میں کتنا ہی خرچ ہو کہ اپنی اُسے وہ پریم اور دلی اطمینان محسوس نہیں کرا سکتے - جس کا غریب باپ کی گود میں بیٹھ کر وہ انوبھو کرتا تھا +

ایک سورج کا پرکاش جانے دو - ایک چراغ لیمپ - بجلی کی اور گیس کی روشنیاں استعمال کرو - نہ وہ روشنی نصیب ہوگی نہ دن کی طرح چیزوں کا روپ اصلی نظر آئے گا - طاقت اور صحت کا قدرتی سادھن دیہ ہے - برہمچریہ سے اُس کی حفاظت ہوتی ہے - اسے بال بواہ یا ویشیا گمن میں ضایع کئے ہوئے کتنے ہی بھٹکتے پھرتے ہیں - آیورویدک - یونانی - دیسی - انگریزی ہر طرح کا علاج کراتے - رسایں ٹانک اور کشتے سب کچھ استعمال کرتے ہیں - مگر کمزوری اور بیماری خوف ناک صورت میں ترقی کئے جاتی ہے - اسی طرح نوع اِنسان کی سلامتی بہبودی اور ترقی کی منزل مقصود کے لئے جو صحیح قدرتی راستہ ہے اُسے بھول کر انسان کتنی مصنوعی پگڈنڈیاں کس قدر راستے بلکہ شاہراہ اور سڑکیں بنا دیں - منزل مقصود پر پہنچنا محال ہے ہاں ادھر اُدھر بھٹکنا اور ڈانواں ڈول واشانت پھرنا ہی اُن کی پرارب دھ ہوتا ہے + موجودہ حالت زبان حال سے اِس کا اظہار کر رہی ہے - مکمل بے بدل اور صحیح ایشوری گیان وید تمام انسانی ضروریات کے لئے ستیہ گیان کا سرچشمہ کارخانہ دنیا کے نظم ونسق کا صحیح ضابطہ - یا موکھش روپی منزل مقصود تک پہونچانے کا سیدھا مارگ ہے - اُسے بھول کر کس قدر مذہب جاری ہو رہے ہیں - کیا کیا امیدیں پیروؤں کو ملتی ہیں - فرضی سورگ یا بیکنٹھ کا دل خوش کن سندیسا خیالی بہشت کی دل رُبا اور مرغوب ترغیبیں - شفاعت یا ایمان یا شخصی کفارہ سے سب گناہوں سے خلاصی ہونے کے سبز باغ عجیب ولولے دلوں میں پیدا کر رہے ہیں - کتنے رہنما - گورو - ہادی - رسول - حضرت - پیغمبر اور کتنے ہی پنتھ مارگ بتانے کو ہیں - لیکن نتیجہ میں گمراہی دکھائی دیتی ہے - اپنے مشترکہ اور کیول ماتر حقیقی دھرم کو چھوڑ کر نوع انسان بالکل منقسم ہو چکی ہے - خاص خاص تعداد سے ایک ایک مذہبی نام منسوب کر کے اُنہیں بہت ہی تنگ خیال بنایا گیا ہے - ہندو مسلمان - عیسائی - بودھ پارسی - یہودی سب مذہبوں سے اس طرح کے تعلقات رکھتے ہیں - کہ یہ مذہبی تفریق اِن کے لئے ایک گونہ قدرتی اور دایمی جدائی ہو رہی ہے - اور بمصداق عادت طبیعت ثانی ہے - انہیں اپنے اصلی قدرتی تعلقات اجنبی اور غیر مانوس معلوم ہوتے ہیں +

لیکن غور کرنے والے اور باریک بین اصحاب کو معلوم ہوگا کہ یہ تفریق محض مصنوعی - فرضی - یا وہمی اور عارضی ہے - اور کہ انسانوں کی اِس کوتہ اندیشی نے انسانیت اور ترقی کو تالہ لگا دیا ہے - فی الحقیقت قدرتی دھرم اور ایشوری نیم نہ کبھی بدلا اور نہ بدلے گا - آنکھ میں دھند ہونے سے دنیا دھندلی - آنکھ پر سبز عینک ہونے سے دُنیا سبز دکھائی دیتی ہے - حالانکہ حقیقت اس کی ہرگز نہیں بدلتی - بعینہ ہماری عقلوں کے اختلاف اور دلوں میں فرق پڑنے سے ہمیں دھرم اور ایشوری گیان اور ہی روپ میں دکھائی دے تو جداباتہ ہے ورنہ حقیقت میں اس میں تبدیلی نہیں ہوتی - پروفیسر میکس مولر اسی پر اچھی طرح وچار کر کے اعلان کرتے ہیں کہ آغاز عالم سے آج تک کوئی مذہب ایسا جاری نہیں ہوا - جو بالکل نیا ہو - انسانوں کی حالت مختلف ہے - طاقت صحت والے - دولت حشمت والے - اچھی صورت اور سیرت والے ہیں تو کمزور اور بیمار - غریب اور کنگال بدصورت اور بدبخت بھی - بعضوں کو یہاں تک

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

رذیل دیکھا جاتا ہے کہ جسم گل رہے ہیں۔ تیل اور گرد سے بھرے ہوئے چیتھڑے ان کے بدن کو ڈھانپ رہے ہیں۔ خون بہ رہا ہے۔ گوشت کے لوتھڑے ننگے دکھائی دے رہے ہیں۔ سڑک کے کنارے بڑی دھوپ میں لیٹے ہوئے وہ درد اور عبرت ناک آواز سے ہر آنے جانے والے کو روٹی کا ٹکڑا پھینکنے کو پکار رہے ہیں۔ لیکن باوجود ان گنت جسمانی اختلافات کے روح سب کے اندر یکساں اور جسمانی اعضا ایک جیسے ہیں۔ پانی۔ دریا۔ تالاب۔ کنویں۔ برتن۔ بدرو وغیرہ میں مختلف حالتوں میں ہے۔ بعض جگہ ملاوٹیں ایسی ہیں کہ وہ گل سڑ رہا ہے اور عفونت کے مارے ناک میں دم آ رہا ہے۔ لیکن غور کرنے والے ہر ایک پانی کی اصلی ذات کو بادلوں سے آیا ہوا اور یکساں سمجھتے ہیں +

اسی طرح باوجودیکہ انسانی ملاوٹوں نے قدرتی اصولوں کی صورت بدلائی ہے۔ بعض حالتوں میں مذہب نہایت ہی قابل نفرت عمل ظاہر کر رہے ہیں اور بھولے بھالے مقلدوں کا ستیاناش کر رہے ہیں۔ تو بھی کہنا بالکل درست ہے کہ حقیقی دھرم اور سچا مذہب منش ماتر کا اب بھی ایک ہی ہے اور وہی ہے۔ جو ایک ارب۔ ستانوے کروڑ۔ انتیس لاکھ۔ پچاس ہزار سولہ سال پہلے تھا۔

وہی ایشور ہے۔ وہی اس کے قوانین۔ وہی روح اور وہی سزا اور وہی جزا۔ رہے اختلاف مذہبی۔ سو کس قدر بھی بڑے معلوم ہوں ان کی تہ تک پہنچیں تو معاملہ برعکس ہوتا ہے۔ مثال کے لئے ویدین اسلام کی تعلیم پر ذرا فراخدلی سے غور فرمائیے۔

اگرچہ ویدک دھرم سے اسلام کو عموماً مختلف اور متضاد سمجھا جاتا ہے۔ لیکن پوری چھان بین کرنے پر دونوں کی مشابہت و مطابقت کا یقینی ثبوت ملتا ہے +

۱۔ حضرت آدمؑ کا مذہب

انجیل کا قصہ آدم کے متعلق قرآن میں نقل کیا گیا ہے اور مسلمان اعتقاد رکھتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت آدمؑ کی پیدائش ہوئی۔ یا یہ کہ حضرت آدمؑ تمام اہل اسلام کے سب سے بڑے بزرگ ہیں لیکن اُن کا مذہب دریافت کیا جاوے تو مسلمان اطمینان بخش جواب نہیں دے سکتے۔ اسلام کی بنیاد حضرت محمدؐ صاحب یا کلمہ پر ایمان لانا ہے۔ لیکن حضرت آدم کا نہ زمانہ وہ تھا کہ نہ رسول کا وجود تھا نہ کلمے کا نہ قرآن شریف کا۔ اسلام تو کیا عیسائیت سے بھی اُس ہستی کا سروکار نہ تھا۔ کیونکہ توریت زبور۔ انجیل۔ عیسےٰ مسیح یا بپتسمے کے رواج کے زمانہ سے پہلے کا وہ واقعہ ہے۔ اگر ان سب متوں سے پہلے زمانہ پر وچار کر کے کوئی مسلمان بھی جواب دینے لگے تو اُسے مجبوراً یہی ماننا پڑے گا کہ بھارت کے قریباً پانچ ہزار سال کے زمانے سے پہلے ویدک دھرم ہی دنیا کا ایک ماتر مذہب تھا اور اس لئے حضرت آدمؑ اس سے شتثنیٰ نہیں ہو سکتے۔ ایک ایشور ان کا معبود۔ اور اُسی کا گیان ان کا ہادی تھا +

۲۔ ابتدا میں بہت سے منش پیدا ہوئے

اعتراض ہو سکتا ہے کہ ابتدا میں ایک ہی حضرت آدمؑ کا پیدا ہونا ویدک گیان سے مختلف امر ہے لیکن حقیقت کو باہر سے ثابت کرنے کی بجائے ہم خود لفظ آدمؑ میں ہی ایک بڑے راز کی طرح پاتے ہیں۔ عربی زبان کا اس لفظ پر کچھ اثر نہیں پڑ سکتا۔ جس وقت کا یہ لفظ ہے تب یہ وجود میں بھی نہ آئی تھی جس انجیل سے یہ قصہ لیا وہ مانتی ہے کہ روئے زمین پر ایک ہی زبان تھی۔ تب بنی اسرائیل نے اپنی یادگار کے لئے بابل کا اونچا برج بنایا جس پر خدا کو رشک آیا اور اُس نے سب کی زبانوں میں اختلاف ڈالا۔ کہ ایک دوسرے کی نہ سمجھ سکے اور پراگندہ ہو گئے۔ آدم کا لفظ اس تفریق موجودہ سے بھی پہلے کا ہے۔ پس اس کا پتہ لینے کے لئے روئے زمین کی پہلی ایک ہی زبان کا کھوج لگانا مسلمان عیسائیوں کا کرتوب ہے آ اور دم دو لفظوں سے اسے مرکب جتانا بھی بازاری اختراع ہے۔ کیونکہ اردو۔ فارسی جیسی زبانیں تو عربی سے بہت ہی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پیچھے کی ہیں - ہاں علم زبان کی تاریخ عربی سے پہلے یونانی لاطینی کو ثابت کرتی ہے - ان زبانوں سے بھی پہلے عبرانی ہے - جس میں اصلی انجیل و زبور ہیں - لیکن کیا یہ اور کیا اس سے پہلی زبانیں آدم کی نسبت صحیح تشریح پیش نہیں کر سکتیں - حتے کہ ہم سنسکرت تک جسے مغربی مشرقی محققین بالاتفاق اُمّ الزبان یعنی زبانوں کی جنم داتا مانتے ہیں پہنچتے ہیں - وہاں بھی طور پر اس لفظ کی اصلیت आदि آدم کی صورت میں ملتی ہے دونوں لفظ ہو بہو ایک ہیں - تحریر میں اردو فارسی وغیرہ میں ایک ہی شکل ہے اور معنے اس کے آد یعنی آغاز میں پیدا شدہ ہیں گویا بالکل واقع کے مطابق اور حضرت آدم کو اسم بامسمّٰی بناتے ہیں - لیکن معنے کے لحاظ سے ایک ہی شخص کا پیدا ہونا ضروری نہیں رہجاتا - کیونکہ یہ صفاتی نام ایک یا زیادہ پر ایک جیسا حاوی ہوتا ہے - ہاں باقی سارا بیان حضرت آدمؑ کے متعلق پڑھا جاوے تو تعداد کا زیادہ ہونا بالکل ہی صاف ظاہر ہوتا ہے - قرآن کی سورۃ البقر آیت ۳۷ تا ۳۹ سے حسب ذیل امور اس دعوے کے حق میں ملتے ہیں -

(۱) فرشتوں اور شیطان کا ذکر ہے - لیکن علیحدہ طرح کی ان کی پیدائش کا کہیں ذکر نہیں جس سے آدم کی طرح وہ بھی منش معلوم ہوتے ہیں -

(۲) آدم کی طرح دوسروں سے بھی نام پوچھے گئے اور ان سے سجدہ کرایا گیا وغیرہ - یہ سب امور انسانوں سے مخصوص ہیں +

(۳) شیطان کی نسبت فتوے پاس ہوا کہ وہ بھی کافروں میں سے ایک تھا - پس وہ شیطان بھی منش ہی تھا

(۴) خدا جب جنّت سے نکالتا ہے تو کہتا ہے "اُترو" بعضے تمہارے میں بعض کے دشمن ہیں - اور تمہارا ٹھکانا زمین پر ہے - یہ بھی بہتوں سے ہی خطاب ہے +

اگلے بیان میں اس کا زبردست ثبوت آئے گا +

الہام کا آغاز عالم میں ہونا

قرآن سورۃ البقر آیت ۳۲ میں لکھا ہے کہ خدا نے آدم کو سارے نام سکھائے - لیکن وہ سارے نام کیا کیا تھے اس کا جواب کوئی مسلمان بھائی نہیں دے سکتا - اس سارے ذکر سے خدا ایک زبان سے بولنے والے محدود انسان کے مانند معلوم ہوتا ہے - جو خلاف واقع ہے - نہ توریت وغیرہ میں ذکر ہے - نہ قرآن میں - ہاں جس ابتدائی زمانے کا یہ ذکر ہے اُس کی ضروریات تقاضا کرتی تھیں - اور یہی اس آیت کا اور ناموں کا مطلب ممکن ہو سکتا ہے کہ ابتدائی منشوں کو خدا نے دنیا کی مخلوقات کا علم بتایا - چونکہ کسی چیز کی نسبت سمجھاتے وقت سب سے پہلے اس کا نام یا تعریف جتائی جاتی ہے - اس لئے پہلے پہل سارے نام بتائے جانے کا ذکر غیر موزون نہیں - آریہ سماج آغاز عالم میں چاروں ویدوں کا گیان ہونا مانتا ہے پہلے ہی رگ وید کا نام آتا ہے جس میں چیزوں کے نام اور اُن کی ایسی تعریفات ہیں جو اُس نام سے ہی ظاہر ہوتی ہیں - مغربی مؤرخ اور عام موجودہ مشرقی لوگ سب کہتے ہیں کہ رگ وید دنیا کی لائبریری میں سب سے قدیم پستک ہے - یہ اس ہی خیال کی ایک خاص صورت ہے کہ ایشوری گیان کا سب سے پہلا ضروری انگ اِس میں ہے - اس کے بعد آیت ۳۹ میں ذکر ہے کہ "پس سیکھ لیں آدمؑ نے پروردگار سے کچھ باتیں" - اِن باتوں کی تفصیل بھی مسلمان عیسائی صاحبان نہیں دے سکتے - ہاں آریہ سماج کی پوزیشن کہ ایسے ناموں کے علاوہ ان کے متعلق کرم آتمی کی ہدایت ملنا ضروری تھا - صاف ثابت ہوتی ہے - یہ بیانات یا تو ..... بالکل مہمل رہتے ہیں اور کچھ بے بنیاد یا اُن کی تشریح معقول نکلتی ہے تو ویدک دھرمیوں کے مطابق ہوتی ہے - مسلمانوں کے فخر قوم سر سید احمد خان اپنے پرچہ تہذیب الاخلاق میں واضح کرتے ہیں کہ علم آدم الاسماء کلہا" - یعنی سکھائے آدم کو تمام نام اس آیت میں آدمؑ کے لفظ سے وہ ذات خاص مراد نہیں - جس کو عوام الناس اور مسجد کے ملا بابا آدمؑ کہتے ہیں بلکہ اس سے نوع انسانی مراد ہے" اسی طرح وہ اِن کل ناموں سے دنیا کے متعلق علم مراد لیتے ہیں - بعضے اور فرقے بھی یہ رائے دیتے ہیں - جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اندرونی طور پر عموماً اسلام میں ہمارے موافق سنسکار چلے آتے ہیں -

اہل سنت یا جماعت کا ایک بڑا فرقہ ماتریدیہ ہے - ان کے اعتقادات میں علم حاصل ہونے کے تین ذریعے ہیں - اوّل حواس خمسہ یعنے پانچ گیان اندریاں - دوسرے عقل یعنی بدھی - تیسرے خبر - یہ ساری پوزیشن

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

آریہ سماج کی ہے۔ فرق صرف تیسرے ذریعے میں ہے وہ بھی معمولی سی کمزوری کے سبب وہ کہتے ہیں خبر
قسم کی ہے۔ اول خبر متواتر جو معتبر وسائل سے جن میں کذب کو دخل نہیں ہو سکتا۔ سلسلہ بہ سلسلہ ملتی
آئی۔ دوسرے خبر رسول اللہ۔ وہ موخر الذکر کو مقدم پر ترجیح دیتے ہیں۔ لیکن اگر وہ یہ بچاریں کہ خبر متواتر
کا سلسلہ انسانوں کی پشتوں سے گذر کر ابتدائی زمانہ پر پہنچے تو آغاز سلسلہ ایشور کی ذات تک ہی پہنچیگا۔
پس جو خبر متواتر کذب سے پاک ہے اور بالکل صحیح ہے۔ ساتھ ہی جس کا سلسلہ ایشوری گیان سے شروع
ہوتا ہے اُس پر ترجیح کا ہونا کسی بھی خبر کو ناممکن ہے۔ جس قدر علوم خبر متواتر کے ذریعہ حضرت محمد صاحب
سے پہلے دنیا میں معلوم تھے۔ اگر ان کے علاوہ ان سے زیادہ یا ان سے زیادہ ضروری علوم رسول کی حضرت
پہنچتے تو بے شک خبر رسول کچھ ترجیح پاتی۔ لیکن جب حالت یہ ہے کہ قرآن کا کل بیان انجیل وغیرہ میں
پہلے موجود تھا۔ کوئی سچائی نئی دریافت نہ ہوئی۔ ہاں پہلے سے حاصل شدہ سدھانتوں میں سے محض قرآن
ایک چھوٹا سا حصہ قرآن میں آیا تو اس کو ترجیح دینا محض مردم پرستی یا تعصب وطرف داری سے پیدا شدہ
کمزوری کا نتیجہ ہے۔ اگر قرآن میں یا خبر رسول میں کوئی غلطی یا نقص ثابت نہ ہو تو بھی وہ خبر متواتر کے مطابق ہونے
سے قابل تسلیم ہو سکتی ہے نہ یہ کہ اُس سے افضل ہو۔ قطع نظر اس کمزوری کے خبر متواتر کا اعتقاد ایشوری
گیان وید کے اعتقاد کی ایک خاص صورت ہے۔ یہی سلسلہ بہ سلسلہ انسانوں تک پہنچتے آئے اور یہاں
تک کہ اب تک بھی انہیں شرتی کہتے آئے..... یعنی جو پشت بہ پشت سننے میں آتے گئے ایک فرقہ بھشیمہ
بھی ایسا ہی اعتقاد رکھتا ہے۔ اس کا معتقد ابو ہاشم کہتا ہے +

"خدا پر کوئی چیز دنیا میں بندوں کے لئے واجب نہیں۔ جب تک اُن کو شرع اور عقل کے ساتھ تکلیف نہ
فرماوے اور جب ان کو اتنی سمجھ دیدیوے کہ وہ واجب کے کرنے کو اور قبائح سے بچنے کو جاننے لگیں تب...
یہ بعینہ آریہ سماج کی یہ بات ہے کہ جیسے آنکھ اور آنکھ کے لئے سورج دو باتیں ہیں دنیا کے شروع
میں ایشور کا عطیہ ہیں۔ اُسی طرح بدھی اور اس کو پرکاش دینے والا وید روپی سورج آوشیک ہے۔
اس فرقہ کی دلیل واقعی زبردست ہے کہ جب تک یہ دو امور نہ ہوں۔ تب تک انسانوں پر ایشور کی
طرف سے انصافاً کوئی ذمہ واری نہیں ہو سکتی۔ اس کا دوسرے الفاظ میں مطلب یہ ہے کہ چونکہ آغاز عالم
سے ایشور انسانوں پر حکومت کرتا۔ اور انہیں ان کے افعال کا ذمہ دار بنا کر سزا جزا دیتا ہے۔ اس لئے
لازمی ہے کہ اُس نے اپنی شرع اور اس کو سمجھنے والی عقل آغاز عالم سے ہی انسانوں کو دی ہو۔ اور بھی
مختلف فرقے اس طرح کے اعتقاد رکھتے ہیں۔ لیکن اس امر کا سب سے زبردست قایل فرقہ حدثیہ ہے
جو فضل حدثی کا شاگرد نظام کا پیرو ہے۔ آریہ سماج مانتا ہے کہ بہت سے جوان آدمی ابتدا میں پیدا
ہوئے اور انہیں ایشور نے روحانی اور جسمانی تمام طرح کی ضروریات یعنی علم اور دوسرے پدارتھ دیئے
وہی یہ لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے اس جہاں کے علاوہ ایک اور جہان (نروشیٹ) کے بنا کیا مراد
ہے۔ ایڈیٹر) میں ابتداً حیوانات کو عاقل اور بالغ پیدا کیا تھا اور بہت کچھ نعمت عطا کی تھی اور علم بھی بخشے
تھے وغیرہ +

صاحبان! کوئی بھی غور کرے نتیجہ کرے گا کہ یہ علوم رگ یجر سام اور اتھرو کے بنا ہو نہیں سکتے۔

تین چیزوں کا انادی ہونا

قرآن شریف کا یہ بیان کہ "خدا نے آدم کو ایک خاص درخت کا پھل کھانے سے منع کیا۔ مگر
شیطان کے بہکانے سے اُس نے وہ پھل کھا لیا اور جنت سے نکالا گیا" کچھ بھدا سا معلوم ہوتا ہے نیکی
بدی کی تمیز کا درخت ہو۔ اور خدا اس سے منع کرے۔ ناممکن۔ پھر خدا منع کرے اور شیطان آدم سے وہ کام
کرا سکے۔ ناممکن۔ نیکی بدی کی تمیز انسان کو ہو جاوے تو وہ جنت سے نکالا جاوے۔ ناممکن۔ گویا دوسرے
معنے میں بہشت محض بے تمیز اور عقل سے محروم لوگوں کا مسکن ہے۔ ایسا کبھی صحیح نہ ہوگا۔ صدہا اعتراض
پر ہو سکتے ہیں لیکن اسکی تہ میں ایک ویدک سدھانت تھا جسکو عام فہم کہانی کے طور پر بیان کرنے کی کوشش میں کچھ رنگ آمیزی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہوئی۔ اور مذاہب سے نقل در نقل ہوتے ہوتے بڑے لمبے زمانوں کے آج اس حالت میں یہ بیان ہمارے سامنے آتا ہے +

द्वा सुपर्णा सयुजा सखाया समानं वृक्षं परिषस्वजाते

तयोरन्यः पिप्पलं स्वाद्वत्त्यनश्नन्नन्यो अभि चाकशीति ॥ ऋ० १-१६४-२०

مختصر مطلب یہ کہ ایک پرکرتی روپی برکھش پر جیو آتما اور پرم آتما روپی دو پکھشی ہیں۔ جو انادی ہونے سے ایک جیسے ست چت ہونے سے سکھا یعنی متر ہیں وغیرہ۔ ایک جیو اس برکھش کے پھلوں کو کھاتا ہے مگر پرم آتما ان کو نہیں بھوگتا۔ ہاں وہ ساکھشی ہے۔ اس سے تینوں چیزوں کا انادی ہونا اُن کے گنوں کے باہمی بھید اور تعلقات کا گیان۔ ایشور کو تمام کرموں کا موبھاوک طور پر ساکھشات ہونا جیووں کے کرموں کا پھل دینا وغیرہ بہت سے سدھانت نکلتے ہیں اور خاص اُپدیش ملتا ہے کہ پرکرتی روپی برکھش کے مادی اشیاء روپی پھلوں میں لین ہونے والے پُرش آنند اور سُکھ روپی جنت یا سورگ سے محروم رہتے ہیں۔ برہم کو خدا۔ جیو کو آدم۔ پرکرتی کو برکھش کے نام دے کر اور اُپدیش کو کہانی کی صورت میں ادا کرتے ہوئے بات ہی اور ہو گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی اگر انجیل اور قرآن کے رو سے یہ معلوم ہو۔ کہ آدم کا پتلا بنا اور خدا نے اس میں اپنی روح پھونکی۔ اس کے متعلق اگر موجودہ ان تاویلوں کا سہارا لیا جاوے کہ اپنی روح سے مراد یہ نہیں کہ خود خدا یا اُسکے جُزو نے آدم میں حلول کیا بلکہ روح جو خدا کے قبضے میں اور اس کی اپنی ملکیت ہے وہ مراد ہے تو معاملہ بالکل ہی صاف ہو جاتا ہے ایسا نہ مانا جاوے تو کوئی جواب اس سوال کا ہو نہیں سکتا۔ کہ بغیر علت کے دنیا روپی معلول کیسے بنا نہ کوئی مثال ایسی ملتی ہے کہ نیستی سے ہستی ہو۔ نظام عالم میں مشاہدہ تجربہ اور دلیل سے جو کچھ حل ہوا ہے۔ کہ صورت کی تبدیلی کا اصول ہر کہیں کام کر رہا ہے۔ بچہ ماں کے گربھ سے باہر نکلتا ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ وہ پیدا ہوا۔ موجود تو وہ پہلے ہی گربھ میں تھا۔ لیکن ظاہر نہ ہونے سے وہ تب پیدا شدہ مانا جاتا تھا۔ اکثر مسلمان فرقے اب تک اس پوزیشن پر قایل ہیں لیکن اہل سنت کی دلیل خاص نوٹ کے قابل ہے۔ وہ ویدک دھرمیوں کی طرح الز اور پرمانو آدی مرکب اور مفرد (ناقابل تقسیم) ذرات کے قایل ہیں۔ مگر مانتے ہیں کہ مرکب ہوں یا مفرد ان کی دو حالتیں ہوتی ہیں۔ متحرک اور ساکن چونکہ حرکت اور سکون عارض ہیں اس لئے یہ جسم اور جوہر جن کو حرکت اور سکون عارض ہیں۔ حادث ہیں۔ ورنہ حرکت اور سکون کو قدیم ماننا پڑے گا۔ دوسرے معنوں میں یہ کہ اگر حرکت اور سکون قدیم ہوں تو یہ پرمانو وغیرہ بے شک قدیم ہیں۔ ان بھائیوں کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ ویدک دھرم کا سدھانت ہی یہ ہے کہ مادہ ساکن تھا اور اس کی ہستی غیر محسوس حالت میں تھی۔ ایشوری شکتی سے وہ حرکت میں آیا۔ گویا حرکت چیتن کے آشرے قدیم ہے اور سکون اُسے کے اس طرح یہ معمولی سا وسوسہ دور ہو کر کوئی اختلاف نہیں رہتا۔ قطع نظر اس کے اہل سنت کی دلیل بداہۃً کمزور ہے۔ کون مان سکتا ہے کہ چونکہ ایشور ایک کال میں سرشٹی رچتا ہے اور دوسرے میں نہیں۔ اس لئے وہ بھی قدیم نہیں ایک امر قابل غور ہے ..... کہ جب وہ مفرد اجزاء لا تجزیٰ (ناقابل تقسیم) کے قایل ہیں تو انہیں انادی ماننے سے کیوں جھجکتے ہیں۔ پیدا شدہ چیز مرکب ہوتی ہے۔ لیکن مفرد و ناقابل تقسیم تو پیدا شدہ ماننا غلطی ہے۔ اسی طرح جس کے آگے ٹکڑے ہو نہیں سکتے وہ ناش کیسے ہوگا +

اس بھولی سے بیچ کو نظر انداز کیا جاوے تو وہ خود مادہ اور روح کی قدامت کے قایل ہیں +

اسلام کا ایک بڑا بھاری فرقہ معتزلہ جس کے آگے بیس بڑے فرقے ہیں علاوہ چھوٹے چھوٹے فرقوں کے وہ سب بہ استثنا کے کبھی ابو الہذیل اور ابو الحسین بصری کے صاف کہتے ہیں کہ معدوم بھی ایک شے ہے۔ اور عالم واقع میں ثابت ہے۔ مگر اسی قدر ہے کہ اس کو وجود نہیں ملا ہے۔ اگر وجود مل جائے تو موجود ہو جائے وہ دلیل دیتے ہیں کہ ممکن اپنے وجود کے قبل یا واجب ہوگا یا ممتنع اور ان دونوں صورتوں میں وجود کے وقت انقلاب لازم آئے گا۔ پس یہ غلط ہے تو یہی رہا۔ کہ ممکن اپنے وجود سے پیشتر بھی ممکن ہوگا اور امکان ایک ایسی صفت ہے جس کے لئے موصوف کا ہونا ضرور ہے تو دیکھنا چاہیئے کہ وہ ثابت ہے یا موجود۔ اگر موجود ہوگا تو پھر وجود اس کو حاصل ہونا تحصیل حاصل ہے۔ اس لئے یہ باطل ہے تو باقی یہ رہا کہ وہ ثابت ہوگا۔ یہی مدعا ہے۔ یعنی ممکن اپنے عدم کے وقت میں ثابت ہے اور موجود نہیں۔ منشا اس قول کا یہ ہے کہ وجود ماہیت کا فرق جانتے ہیں کبھی ماہیت ہوتی ہے اور اس کو وجود عارض نہیں ہوتا۔ یہی مرتبہ تقرر کا ہے۔ اسی کو معدوم ثابت کہتے ہیں۔ مگر موجود نہیں کہہ سکتے۔ تاوقتیکہ وجود ملے +

اس بحث پر حاشیہ چڑھانے کی ضرورت نہیں۔ میرے خیال میں کوئی مسلمان بھائی ان دلائل سے انکار

Adv. Dr. Punia, Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کر سکتا - ہاں ایک بڑے حصہ میں کھلم کھلا یہ اعتقاد دیکھتے ہوئے کون کہہ سکتا ہے کہ مادہ یا روح کی قدامت میں ہمارا یا اسلام کا اختلاف ہے +

خدا کی ذات صفات اور اُس کا دیدار

(۱) سروویاپکتا

خدا کی نسبت دین اسلام میں بہت طرح کے مختلف اور متضاد بیانات ہیں - لیکن اگر ان اختلافات کو نظر انداز کر کے اسلام کی کوئی ایسی پوزیشن اس پہلو میں قایم کی جاوے - جس پر گنجایش اعتراض کی نہ ہو - تو وہ ویدک دھرم کے مطابق ٹھہرتی ہے - مثلاً عام طور پر مشہور ہے کہ ساتویں آسمان پر مسلمان خدا کو مانتے ہیں - معراج کا معجزہ انہی آسمانوں پر ہے - فرشتے وغیرہ مختلف فرائض بجا لانے کو بھی آسمانوں سے آتے ہیں - بعض بعض بیان عجیب تمسخر آمیز ہیں - مثلاً فرقہ غمامیہ مانتا ہے کہ خدا آسمان پر ہی رہتا ہے - صرف موسم بہار میں پردہ ابر کے اندر ہو کر سیر گلزار - باغ بہار کے لئے زمین کی طرف نزول کرتا ہے اور دنیا کا طواف کرتا ہے - پھر آسمان پر چڑھ جاتا ہے - پھل پھول میوہ - غلہ اور سبزہ یہ سب اثر بہار اُسی کی وجہ سے ہوتا ہے " لیکن کئی جگہوں میں اُس کے ہر جگہ موجود ہونے کا بھی اقبال ہے - کیونکہ اہل سنت یا جماعت یہ مانتے ہیں کہ پروردگار عالم نہ جسم ہے - نہ جوہر - نہ عرض نہ مرکب - نہ محدود - نہ کسی خاص مکان میں - تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ غیر محدود اور سروویاپک ہوتا ہے - یہی ساتویں آسمان پر ہوتا تو اوپر کے سب عارضات اس پر عاید ہوتے - اسی طرح فرقہ جہمیہ کے بانی کا ذکر ہے کہ جب لوگوں نے اُس سے خدا کا وصف اور حال دریافت کیا تو اپنے مکان میں گھس گیا - اور بہت عرصہ کے بعد نکل کر کہا - کہ اللہ ہر چیز کے ساتھ ہے اور ہر چیز میں ہے اور اُس سے کوئی چیز خالی نہیں " اس سے صاف ظاہر ہے کہ بعد ایکانت سیون اور پورا غور کرنے کے وہ ویدک سدھانت کے انوکول ہی فتوے دے سکا +

سر سید احمد خان جب تہذیب الاخلاق میں لکھتے ہیں کہ آسمان مراد بلندی اور نجارات سے ہے - اور چونکہ یہ بعد غیر متناہی ایک کے بعد دیگرے ہے اس لئے اس کا نام سبع سموات ہے یعنی سات آسمان - اس سے ظاہر ہے کہ سر سید صاحب آسمانوں کے اُس وجود سے ہی منکر ہیں جو قرآن یا احادیث میں مختلف دھاتوں والے بڑی بڑی دوری پر آسمانوں کا قایم کیا گیا ہے - اور یہ امر آج علم کے رو سے ہر ایک پر واضح ہے کہ آسمانوں کا وجود جو اسلام نے بیان کیا فرضی اور وہمی ہے - جب آسمان ہی نہیں تو ان پر خدا کا وجود یا عرش یا معراج کا ہونا کہاں قایم رہا - سر سید صاحب کا یہ بیان بھی خدا کو ہر جا حاضر و ناظر ہی ظاہر کرتا ہے +

اسی طرح دوسرے اوصاف میں بھی مسلمان بھائی منقسم ہیں - وہ ضعیف الاعتقادی سے ہر ایک شخص کے کہنے کو خاص حالتوں میں مان جاتے رہے ہیں - لیکن جب ان میں سے کسی نے وچار اور عقل کا زور لگایا - تو شرع کے فتوے سے لاچار ہو کر چپ ہو رہا - یا ضمیر کی آواز پر چل کر آزاد راستے ظاہر کرنے لگا - جس کا نتیجہ ایک نیا فرقہ ہوتا گیا - یا کم سے کم نشچت فیصلہ دینے سے رہ رکا رہا - مولوی محمد نجم الغنی خان صاحب سارے پوری خدا کے بیان پر حاشیہ چڑھاتے ہیں - کہ قرآن اور احادیث میں جو اللہ تعالےٰ کے حق میں منہ اور ہاتھ اور قدم اور ساق اور لب اور انگلی اور فوقیت اور استوا علی العرش اور نزول اور آنا وغیرہ الفاظ وارد ہیں تو دو معنے ہیں ایک یہ کہ ان الفاظ سے ظاہری معنے مراد ہیں اور کیفیت اور تفصیل ان کی اللہ کو ہی معلوم ہے - دوسرے تاویلی معنے مثلاً استوا سے استیلا قدم سے بعض مخلوقات الٰہی کا قدیم ہونا نزول سے - اللہ کی رحمت کا نزول وغیرہ +

مولوی صاحب گویا مختلف بیانات اپنے مذہب کے دیکھ کر شش و پنج میں ہیں - خود یقینی رائے نہیں دے سکتے - اسی طرح تاویل الاحادیث میں شاہ ولی اللہ صاحب نے لکھا ہے کہ صفات تشبیہ باری تعالےٰ شکل ہاتھ پاؤں وغیرہ میں صراط مستقیم یہی ہے - کہ ان کے ظاہر پر چھوڑا جاوے اور ان کی کیفیت وجود سے بحث و تفتیش نہ کی جاوے اور مجملاً یہ اعتقاد رکھے کہ جو کچھ اللہ تعالےٰ نے ان

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

الفاظ سے ارادہ کیا ہے - وہی حق ہے وغیرہ وغیرہ ان جملہ امور سے اسلام کی تعلیم متذبذب معلوم ہوتی ہے
تے اس علمائے اسلام کا اس بارے میں بھی اختلاف ہے اور گو مگو کا معاملہ چنانچہ ماتریدیہ علماء کہتے ہیں کہ دیدار الٰہی
کے دو طریق خیال میں آتے ہیں - ایک یہ کہ ایسی اچھی طرح پر تیکش ہو کہ عقل کے ذریعہ اتنا یقین نہیں ہو
سکتا - گویا یہی نظر سے دیکھتا ہے - مگر اس میں بغیر دوری رنگ و شکل و مقابلہ کے دیدار ہوتا ہے - دوسرا یہ کہ
اللہ تعالےٰ کوئی خاص صورت پکڑ کر مسلمانوں کو درشن دیوے یہ آنکھوں سے رنگ اور شکل وغیرہ کے ساتھ
دیکھتا ہے - جیسا کہ خواب میں رویت واقع ہوتی ہے ..... یہی دو طریق معلوم ہیں اور ان پر ہمارا یقین ہے
اگر اللہ اور رسول کا کچھ اور مطلب ہے تو ہمارا اُس پر بھی ایمان ہے - اگرچہ ہم واقف نہیں کہ وہ خاص
کیا بات ہے "

اِس سے بڑھ کر غیر مقرر اور تمسخر آمیز کیا بیان ہوگا اللہ کے دیدار سے آتما سے دیکھنے پر بھی ایمان
ہے - اگر کہو مادی آنکھوں سے مُراد ہے تو وہ بھی مانتے ہیں - اگر اور کچھ کہو تو وہ بھی تسلیم - غرضیکہ جو
کچھ کوئی کہے ستیہ ہے - مہاراج والا معاملہ ہے - لیکن ایسا بودا ایمان محض اِس لئے ہے کہ تعلیم پر سپر
ور دھ اور متضاد بیانات والی ہے اور جُرأت کسی کے خلاف کہنے کی ہے نہیں - لکھو تو فتوے کفر کا
ملتا ہے ورنہ اصلی بات کو سمجھتے تو علمائے اہل سنت والجماعت ضرور ہیں - چنانچہ اس طرح کا ڈھلمل
یقین ظاہر کرنے کے بعد وہ خود کہتے ہیں کہ حق بات تو یہ ہے - کہ درشن کے لئے جو شرطیں جگہ کی فریقین
کے بالمقابل ہونے کی یا آنکھ کی - مادی جسم کی - فاصلہ یا بینی کی ہیں - یہ سب محض تمام اقسام حواس
میں حاوی ہیں - اندریوں کے ذریعہ محسوس کرنے کی عادت ہونے سے لوگوں نے ان باتوں کو لازمی جان
لیا ہے ورنہ دیکھنے اور دکھائی دینے والے دو فریقوں کے علاوہ اور کوئی لازمی شرط نہیں - چونکہ حق تعالےٰ
اندریوں کے بندھن میں نہیں آتا اور نہ اس کے اور روح کے درمیان فاصلہ وغیرہ ہے - اِس لئے خدا
